بھی نہ تھے کہ علیزے چائے کی ٹرالی لے آئی شازل کو دیکھ کر

عمل خوش ہوتی بھاگ کر شازل کے پاس آئی

بھیا آج آپ یہاں کیسے آ گئی آپ کو ہماری یاد

نہیں مجھے تمہاری بلکل یاد نہیں آئی میں تو یہاں میری جان پریشے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور میرے بچپن کے پیار پریزے کو ملنے آیا ہوں تمہیں ملنے

نہیں آیا

عمل کے منہ بنا کر کہنے پر شازل نے ہنستے ہوئے جواب دیا تو

عمل نے منہ بنا کر پہلے روحان کو دیکھا جو کندھے اچکا گیا پھر وہ

URDU NOVEL BANK

منہ بناتی شازل کے پاس بیٹھ گئی تو شازل نے مسکراتے ہوئے

اسے اپنے ساتھ لگایا

بس اتنے میں ہی عمل میڈم سیٹ ہو گئیں

پریزے کے مسکرا کر کہنے پر عمل نے اپنے سارے دانتوں کی

نمائش کی

چچی روکیں! بھیا کے لیے میں چائے بناؤں گی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور عمل میرے لیے؟

ہاں آپو آپ کے لیے بھی بناتی ہوں

عمل کے کہنے پر علیزے چائے چھوڑتی پریزے کے ساتھ جا کر

بیٹھ گئی تو عمل کھڑی ہوتی چائے بنانے لگی تبھی زحالے نے

افسردگی سے سوال کیا تو عمل نے مسکراتے ہوئے فوراً جواب

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دیا پھر چائے بنانے لگ گئی

ویسے تم دونوں آ کہاں سے رہے ہو؟

آپ کی لاڈلی نے گول گپے کھانے تھے بس وہی کھلا کر آ رہا ہوں

شازل کے سوال کرنے پر روحان نے فوراً جواب دیا تبھی عمل

نے چائے کا ایک کپ شازل کو جبکہ دوسرا زحالے کو پکڑایا اور

ان دونوں کے رد عمل کا انتظار کرنے لگی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماشاءاللہ آج سے پہلے میں نے اتنی مزے کی چائے کبھی نہیں

پی مزا آگیا

شازل نے چائے کا سیپ لیتے ہی تعریفوں جے پل باندھنا

شروع کر دیے شازل کے منہ سے خود کے لیے تعریف سن کر

عمل خوش ہو گئی اور پھر اس نے زحالے کو دیکھا

URDU NOVEL BANK

ہمم میٹھا تھوڑا سا کم ہے نہیں بھائی

نہ جی نہ میری عمل جان کی چائے بہت ٹیسٹی ہے اب تو میں

جب آؤں گا عمل کے ہاتھ کی چائے ہی پیوں گا

زحالے نے عمل کو چڑھانے کے لیے چائے میں نقص نکالا اور

ساتھ ہی شازل سے تصدیق چاہی تو عمل کا منہ بن گیا تبھی

شازل نے فوراً سے تعریف کر کے دوبارہ سے عمل کو خوش کر

دیا ان کے ایسے عمل کو خوش کرنے پر پریزے اور علیزے بھی

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مسکراتے ہوئے سر نفی میں ہلانے لگی

اچھا اب تم بچے باتیں کرو ہم لوگ کیچن کا تھوڑا کام کر لیں

پریزے یہ کہتے ہی اٹھ کر علیزے کے ساتھ کیچن میں چلی گئی جبکہ

زحالے چائے کا کپ خالی کرتی ارحم کو سرپرائز دینے اس کے

URDU NOVEL BANK

کمرے میں چلی گئی

بھیا بجو کہاں ہے؟

عمل جان میں نے بلایا اسے بٹ اس نے بولا وہ ٹیسٹ کی

تیاری کر رہی ہے اس لیے نہیں آ سکتی

ارے! یہ کیا بات ہوئی بھلا ٹیسٹ کی بجائے آپ امپورٹینٹ

ہیں میں ابھی بلا کر لاتی ہوں بجو کو

زحالے کے جانے کے بعد عمل شازل کے پاس بیٹھتی بولی تو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شازل نے کندھے اچکا کر جواب دیا جس پر عمل غصے سے بولتی

پریشے کو لینے چلی گئی

اور صاحب پڑھائی کیسی جا رہی ہے؟

بھیا اے ون جا رہی ہے اس بار پورے چار جی-پی کی امید ہے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عمل کے جانے کے بعد شازل نے روحان سے سوال کیا جس پر

روحان نے ہنستے ہوئے فوراً جواب دیا

انشاءاللہ اور زندگی میں کیا چل رہا؟

کچھ خاص نہیں بھائی بس پڑھائی اور گھر

روحان کے جواب پر شازل نے مسکراتے ہوئے دوبارہ سوال

کیا تو روحان کو شازل کا لہجا کچھ عجیب لگا مگر وہ اپنا وہم سمجھتا

فوراً سے جواب دے گیا تو شازل نے آئیبرو اچکائی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا اور عمل کے ساتھ سب سیٹ جا رہا؟

مطلب بھائی میں کچھ سمجھا نہیں عمل کے ساتھ کیا

شازل نے مسکراتے ہوئے سوال داغا تو روحان نے نا سمجھی

سے جواب دیا

URDU NOVEL BANK

دیکھو روحان یہاں تم بھی جانتے ہواور میں بھی جانتا ہوں کہ میں

کس بارے میں بات کر رہا ہوں تو اس لیے یہ ڈرامے بند کرو کہ

تمہیں سمجھ نہیں آیا

مگر بھائی مجھے واقع سمجھ نہیں آیا آپ کس بارے میں بات کر

رہے ہو؟

شازل کے غصے سے بولنے پر روحان نے دوبارہ ایسے ظاہر کیا جیسے

اسے کچھ سمجھ نا آیا ہو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان ایک بات یاد رکھنا اگر تمہاری وجہ سے میری لاڈلی کی

آنکھ میں آنسو آیا تو میں تمہیں زندہ زمین میں گاڑ دونگا

شازل کے غصے سے اصلیت بولنے پر روحان اگلی سانس نہ لے

سکا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بھائی میں عمل کو اپنی جان سے بڑھ کر پیار کرتا ہوں آپ بے

فکر رہیں میں اسے کبھی رونے نہیں دونگا آپ سے بس ایک

ریکوئسٹ ہے آپ یہ بات کسی کو بھی نہیں بتائیں گے عمل کو

بھی نہیں کیونکہ میں عمل کو ابھی کسی قسم کے ریلیشن میں نہیں

لانا چاہتا میں چاہتا ہوں وہ تھوڑی بڑی ہو جائے اور پھر اس

کے بعد ہی ہم کوئی فیصلہ لیں گے

روحان خود کو کمپوز کرتا سر جھکا کر بولا تو شازل نے ہاں میں سر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہلایا ابھی شازل کچھ بولتا اس ڈے پہلے ہی عمل بھاگتی ہوئی

شازل کے پاس آئی اور اس کے پیچھے بیٹھ گئی شازل کے کسرتی

وجود جے پیچھے دبلی پتلی سی عمل غائب ہی ہو گئی اس کے ایسے

چھپنے پر شازل اور روحان نے ایک دوسرے کو پریشانی سے دیکھا

URDU NOVEL BANK

تبھی پریشے لاؤنج میں داخل ہوئی

عمل کی بچی کہاں ہو تم میں نے کہا باہر آؤ

کیا ہوا پریشے تم اتنے غصے میں کیوں ہو؟

پریشے کے ایسے غصے سے لال ہوتی آنکھوں کے ساتھ چلاتے

ہوئے عمل کو بلانے پر روحان پریشانی سے بولا

عمل کہاں ہے میں نے اسے بتانا ہے کہ میں شازل کو کیوں

نہیں مل رہی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا بتائیں کیوں نہیں مل رہی؟

پریشے کے آرام سے کہنے پر عمل نے شازل کے پیچھے سے منہ

نکالا اور شرارتی انداز میں بولی

تمہیں میں بتاتی ہوں تم روکو زرا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عمل کو ایسے بولتے دیکھ کر پریشے نے اپنے پاؤں سے ہیل اتاری

تو عمل واپس ڈرے شازل کے پیچھے گھس گئی جیسے ہی پریشے آگے

بڑھی تو شازل کھڑا ہو گیا اور اس نے پریشے کے دونوں بازو پکڑ

کر اسے گھوما کر اس کے دونوں بازو اس کے سینے پر باندھ کر

ٹائٹ کرتے پکڑ لیے

بس کرو جنگلی بلی کیا ہو گیا ہے ایسا بھی کیا کہہ دیا میری عمل جان

نے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاتھ چھوڑیں نہیں نارتی میں اسے پر آج آپ کو بتاتی ہوں آپ

کی لاڈلی نے کیا بکواس کی ہے

پریشے کے مسلسل خود کو چھڑانے پر شازل ہنستے ہوئے بولا تو

پریشے نے فوراً جواب دیا پریشے کی بات سن کر شازل نے اس

URDU NOVEL BANK

کے ہاتھ چھوڑ دیے

بجو آپ تو بھیا سے ایسے چھپ رہی ہیں جیسے بھیا نے آپ کو

سچی والی بیوی سمجھ کر کس کیا ہو

پریشے کے عمل کی پوری نکل اتار کر بولنے پر شازل نے پریشانی

سے اپنی لاڈلی کو دیکھا جو اب شازل کے غصے سے بچنے کی خاطر

روحان کے کسرتی وجود کے پیچھے چھپنے کی کوشش میں تھی اس سے

پہلے کہ شازل کچھ بھی بولتا عمل بھاگ کر روحان کے پیچھے چھپ گئی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عمل کی اس معصومانہ حرکت پر شازل پریشے اور روحان تینوں کو

ہنسی آئی جسے وہ کمال مہارت سے چھپا گئے پھر شازل پریشے کو اشارہ

کرتا خاموشی سے لاؤنج سے چلا گیا اس کے جانے کے بعد پریشے

بھی خاموشی سے اس کے پیچھے چلی گئی

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بھائی چلا گیا تم آ سکتی ہو باہر

ان دونوں کے جانے کے بعد روحان نے اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھے اور غصے سے بولا تو عمل خاموشی سے باہر آگئی

سوری روحان میں نے مزاق میں بولا تھا مجھے نہیں پتہ تھا وہ غلط ہو جائے گا

اس سے پہلے کہ روحان کچھ بولتا عمل نے فوراً اپنی غلطی کا اعتراف کیا تو روحان کچھ بھی بولے وہاں سے چلا گیا اسے ایسے جاتا دیکھ کر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عمل نے رونے والی شکل بنائی اور پھر بھاگتے ہوئے اس کے پیچھے اس کے روم میں آگئی

روحان سوری نہ میں نے جان بوجھ کر نہیں کیا سچی

میں نے کچھ بولا عمل تمہاری لائف ہے جو مرضی کرو

URDU NOVEL BANK

عمل کے دوبارہ معافی مانگنے پر روحان غصے سے بولا تو عمل رونی

صورت بناتی روحان کے سامنے آئی عمل کی رونی صورت دیکھ کر

روحان نے خاموشی سے منہ موڑ لیا اسے ایسے منہ موڑتا دیکھ کر عمل

کو اپنی سانس روکتی محسوس ہوئی وہ فوراً سے آگے بڑھی اور اس

نے روحان کا بازو پکڑا

کیوں بار بار پریشان کر رہی ہو؟

سوری میں آئندہ کبھی غلط بات نہیں بولوں گی پرومس

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان کے غصے سے بولنے پر عمل نے معصوم شکل بناتے بولا تو

روحان نے اسے اپنے سینے میں بھینچ لیا

آئندہ خیال رکھنا پریشے کی خیر ہے مگر کوئی اور سن لے گا تو کیا سوچے

گا

URDU NOVEL BANK

روحان کے پیار سے بولنے پر عمل نے فوراً سے اپنا سر ہاں میں ہلایا

میرا کل ٹیسٹ ہے میں تیاری کر کے آتی ہوں

عمل کی بات پر روحان نے مسکراتے ہوئے ہاں میں سر ہلایا تو عمل

فوراََ سے اپنے کمرے کی طرف چلی گئی۔

*****

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زحالے نے ارحم کو سرپرائز دینے کے لیے اس کے کمرے کا دروازہ

کھولا تو خالی کمرے نے اسے منہ چڑھایا وہ جیسے ہی مڑی تو سامنے سے

اسے شگفتہ آتی نظر آئی

شگفتہ باجی ارحم کہاں ہے؟

ارحم بابا تو ٹیریس پر اپنے کسی دوست سے بات کر رہے ہیں

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زحالے کے پوچھنے پر شگفتہ نے فوراً جواب دیا تو زحالے سر ہلاتی

مسکراتی ہوئی ٹیریس پر آ گئی ارحم کو کھڑے کسی سے فون پر بات کرتا

دیکھ کر زحالے خاموشی سے چلتے اس کے پیچھے ائی پھر وہ پنجوں کے

بل کھڑی ہوئی اوراس نے ارحم کی آنکھوں پرہاتھ رکھ لیااپنی آنکھوں

کے آگے اندھیرا دیکھ کر ارحم نے کال فوراً کاٹ دی پھر اپنے دونوں

ہاتھوں سے اپنی آنکھوں پر رکھے ہاتھوں کو محسوس کرنے لگا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زحالے آپ یہاں

زحالے کے ہاتھوں کو پکڑتے ہی ارحم فوراً سے بولا تو زحالے نے

مسکراتے ہوئے ارحم کی آنکھوں سے ہاتھ ہٹایا تبھی ارحم مڑا

واٹ آ پلیزینٹ سرپرائز آپ یہاں کیسے

میں پریشے کو ملنے آئی تھی وہ بزی تھی سوچا تم سے مل لوں لیکن تم بھی

URDU NOVEL BANK

بڑی ہو کوئی نی میں پھوپھو سے مل لیتی ہوں

ارحم کے حیران ہو کر کہنے پر زحالے ارحم کے موبائل کی طرف اشارہ

کرتی بولی اور جانے کے لیے مڑی

نہیں زحالے آپ مجھ سے مل سکتیں ہیں میں بلکل فری ہوں

ویلا انسان

زحالے کو جاتا دیکھ کر ارحم نے فوراً سے اسے روکا تو زحالے ہنستے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہوئے بولی

صرف آپ کے لیے ورنہ تو میں بہت بزی انسان ہوں

زحالے کی بات پر ارحم نے فوراً سے صفائی دی تو زحالے کا ایک دمدار

قہقہ گونجا

ماشاءاللہ

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زحالے کو ایسے ہنستا دیکھ کر ارحم نے من ہی من میں زحالے کی نظر

اتاری

اچھا بتاؤ کہاں بزی ہوتے ہو؟

میرے دوست یورپ سائڈ جانے کا پروگرام بنا رہے ہیں تو بس وہی

مجھے بتا رہے تھے اور بس آج کل تو اسی کو سننے میں بزی ہوں

تو کیا تم نہیں جا رہے؟

زحالے کے سوال پر ارحم نے مسکراتے ہوئے جواب دیا تو زحالے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نے دوبارہ پریشانی سے سوال کیا

اممم نہیں ایکچولی مجھے یہاں کچھ ضروری کام ہے تو بس اس لیے

زحالے کے سوال پر ارحم نے فوراً سے جواب دیا وہ یہ نہ کہہ سکا کہ

وہ زحالے کی وجہ سے نہیں جا رہا

URDU NOVEL BANK

لو ارحم ایسا بھی کیا ضروری کام ہے جو تم نہیں جا رہے دوستوں کے

ساتھ یہ دن دوبارہ نہیں آئیں گے تمہیں ضرور جانا چاہیئے

ہاں پر زحالے میرا یہاں رہنا بھی تو ضروری ہے

نہیں کوئی ضروری نہیں تم لازمی جاؤ گے بس بات ختم

زحالے کے حیرانگی سے کہنے پر ارحم نے دوبارہ سے وہی جواب دیا تو

زحالے نے فوراً سے بات ختم کی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں مگر۔۔۔

اگر مگر کوئی نہیں ارحم یہ میرا حکم ہے اور اچھے بچے بڑوں کا حکم مانتے

ہیں

ٹھیک ہے آپ کہتی ہیں تو چلا جاتا ہوں مگر یہ لوجک مجھے بلکل قبول

نہیں میں اتنا بھی چھوٹا نہیں

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ابھی ارحم بول ہی رہا تھا کہ زحالے اس کی بات کاٹتی بولی تو اس کی

لوجک پر ارحم منہ بنا کر بولا

اوکے ٹھیک ہے نہیں ہو تم چھوٹے مگر چلو ابھی جلدی کروا پنے دوست

کو بولو تم بھی جا رہے ہو ساتھ

ارحم کے منہ بنا کر بولنے پر زحالے نے مسکراتے ہوئے ایک اور حکم

جاری کیا جس پر عمل کرتے ارحم نے مسکراتے ہوئے موبائل نکالا

ہیلو بلال یار اپنے ساتھ میری ٹکٹ بھی بک کروا لو میں بھی چلوں گا

تم لوگوں کے ساتھ

کیا۔کیا کہا تو نے تو ساتھ چلے گا ہمارے؟

بلال جو پچھلے ایک گھنٹے سے ارحم کو ساتھ چلنے کے لیے منا رہا تھا اور

ہر بار ارحم کے منہ سے ایک ہی بات یار میں زحالے کو چھوڑ کر نہیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جا سکتا سن سن کر پک چکا تھا اس کے منہ سے ساتھ چلنے کا سن کر

حیران ہوا اور پھر اس نے چلاتے ہوئے دوبارہ سے کنفرم کیا

ہاں یار میں ساتھ چلوں گا

اور وہ جو تو بار بار ایک ہی جملہ بول رہا تھا میں زحالے کو چھوڑ کر نہیں

جا سکتا اس کا کیا؟

ارحم کے اطمینان سے جواب دینے پر بلال نے پریشانی سے سوال

کیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں وہ زحالے بول رہیں تھیں کہ مجھے تم لوگوں کے ساتھ جانا چاہیئے

تو میں نے کہا ٹھیک ہے ویسے بھی ضروری کام بعد میں ہوتے رہیں گے

ارحم کے اطمینان سے بولنے پر بلال سمجھ گیا کہ زحالے سامنے کھڑی

ہے اور ارحم اس کے کہنے پر ہی جانے کو تیار ہوا ہے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ٹھیک ہے میں تمہاری ٹیکٹ کروا کر واٹس ایپ کر دیتا ہوں

ارحم کی بات پر بلال نے فوراً سے جواب دیا اور فون کاٹ دیا

میں کیا کروں زحالے کے اس چمچے کا مجھے سمجھ نہیں آتا

جو بھی ہو یار آخر کچھ تو فائدہ ہوا زحالے کا اب ہم سب مل کر جائیں

گے خوب مزا آئے گا

بلال کے غصے سے کہنے پر دانیال مسکراتے ہوئے بولا تو بلال نے ہاں

میں سر ہلایا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو کب جا رہے ہو تم؟

ابھی ٹکٹس کنفرم نہیں ٹکٹ کنفرم ہوگی تو بتا دونگا میں آپ کو

زحالے کے ایکسائیٹڈ ہو کر پوچھنے پر ارحم نے فوراً جواب دیا جس پر

زحالے نے ہاں میں سر ہلایا ارحم ہمیشہ زحالے کو آپ کہہ کر مخاطب

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کرتا تھا اور زحالے کے ساتھ انتہائی عزت سے پیش آتا تھا ارحم کی یہی بات زحالے کو بہت پسند تھی اور یہی وجہ تھی کہ اس کی ارحم سے بنتی بھی بہت تھی وہ ارحم کے ساتھ اپنا ہر سکھ دکھ بانٹتی تھی اور ارحم کا کندھا ہر وقت زحالے کے لیے میسر تھا جس پر وہ اپنا سر رکھ کر اپنے دل کا حال ارحم کو بتاتی تھی زحالے کے کہنے پر ارحم اس ٹریپ کے لیے مان تو گیا تھا مگر وہ اپنا دل اور دماغ یہی زحالے کے پاس چھوڑ کر جا رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج سب لوگ ملک ہاؤس میں اکٹھے تھے کیونکہ آج ارحم اپنی یورپ ٹریپ پر جا رہا تھا اور اب اس نے پانچ ماہ بعد ہی لوٹنا تھا آج سب نے بہت ہی خوشگوار ماحول میں ناشتہ کیا تھا پھر ارحم سب سے ملنے لگا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ادھر کسی سے کچھ لے کر مت کھانا اور اپنے دوستوں کے ساتھ ساتھ

ہی رہنا اور کوئی بھی مسئلہ ہوا نہ تو فوراً ہمیں فون کرنا

جی نانو میں ایسا ہی کرونگا

جیسے ہی ارحم شائستہ بی بی کو ملنے کے لیے آگے بڑھا تو شائستہ بی بی نے

اسے وہی سب کچھ بولا جو وہ تب سے بولتی آرہی تھیں جب سے انہیں

ارحم کے جانے کا پتہ چلا تھا ان کی بات سن کر ارحم نے مسکراتے

ہوئے ہاں میں سر ہلایا اور ان کی بات مانتا کھڑا ہوا اور صفیہ سے ملا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دادو کو یاد کرتے رہنا ارحم بھول نہ جانا

ارے میری پیاری دادو آپ کو میں کیسے بھول سکتا ہوں بھلا

صفیہ کے نم آواز میں کہنے پر ارحم نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

ڈیڈ ماموں چاچو آپ لوگ تو کہتے تھی ممی بہت سٹرونگ ہیں پر یہ تو

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

رو رہی ہیں

پریزے کی نم سبز آنکھوں کو دیکھ کر ارحم مسکراتے ہوئے بولا تو عرب

ریہان اور شارق بھی مسکرانے لگے پھر ارحم آگے بڑھا اور اس نے

پریزے کو سینے سے لگا لیا

ارے ممی جان آپ کو تو خوش ہونا چاہیئے کہ میں جا رہا ہوں اب آپ

کے قیمتی واس کوئی نہیں توڑے گا

اگر میرے واس بچنے کی صورت میں مجھے میرے بیٹے سے الگ ہونا ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو پھر مجھے میرے قیمتی واس ٹوٹتے ہوئے ہی قبول ہیں

ارحم کے مسکرا کر کہنے پر پریزے نے نم آواز میں کہا

ڈارلنگ کیوں رو رہی ہیں

میں نے ارحم اور عمل کو کبھی خود سے دور جانے نہیں دیا کیونکہ مجھے ڈر

URDU NOVEL BANK

تھا کہ کہیں کچھ ہو نہ جائے میرے دشمن میرے بچوں سے اپنا بدلہ نہ لیں مگر شاید اب وقت آگیا ہے کہ مجھے میرے بچوں کو الگ کرنا ہو گا مگر پھر بھی ارحم یاد رکھنا اگر کچھ بھی ہو تو تم سب سے پہلے مجھے ماموں یا چاچو کو کال کرو گے آئی سمجھ

عرب کے سوال پر پریزے نے فوراً اپنا ڈر ظاہر کیا اور ساتھ ہی ساتھ ارحم کو سمجھایا بھی تاکہ اسے کوئی مسئلہ نہ ہو پریزے کی بات پر ارحم نے ہاں میں سر ہلایا اور پھر آگے بڑھ کر پریشے روحان اور شازل کے گلے لگا پھر اس نے عمل کو اپنے ساتھ لگایا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں تمہیں بول رہی ہوں ارحم میں تمہاری سگی اکلوتی بڑی بہن ہوں اگر تم چوکلیٹ نہیں لائے نہ میرے لیے تو سچ کہہ رہی ہوں یہ جو میرے پاؤں میں کالی ہیل دیکھ رہے ہو نہ اسی سے تمہاری ٹھکائی کرونگی

URDU NOVEL BANK

ہاں میری ماں ٹھیک ہے لے آؤنگا

جیسے ہی ارحم نے عمل کو اپنے ساتھ لگایا تو عمل منہ کے ڈیزائن بناتی

ہوئی بولی اور پھر اس نے اپنی ہیل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ارحم

کو دھمکی بھی دے ڈالی عمل کی بات سن جر ارحم نے مسکراتے ہوئے

حامی بھری اور پھر آگے بڑھتے زحالے کو گلے لگایا

آپ کو اگر کچھ چاہیئے تو بتا دیں میں آپ کے لیے بھی لے آؤنگا

نہیں مجھے کچھ نہیں چاہیئے بس تم اپنا بہت سارا خیال رکھنا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ بھی خیال رکھنا

زحالے کو گلے لگاتے ہی ارحم نے ہلکی آواز میں زحالے سے اس کی فرمائش

پوچھے تو زحالے نے مسکراتے ہوئے اسے جواب دیا جس پر ارحم بھی

مسکراتے ہوئے بولا پھر وہ آگے بڑھا اور شانزے اور علیزے سے ملاتا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اپنا سامان اٹھاتا ملک ہاؤس سے نکلتا چلا گیا۔

ائیرپورٹ پہنچ کر وہ ریہان، شارق، شازل، روحان اور عرب سے ملا اور پھر اپنے دوستوں کے ساتھ اپنی ٹریپ کے لیے چلا گیا ارحم خوشی اپنی اس ٹریپ پر چلا تو گیا تھا مگر وہ نہیں جانتا تھا اس کے آنے تک بہت کچھ بدل چکا ہو گا وہ جو زحالے شارق شاہ پر جان دیتا تھا نہیں جانتا تھا کہ اس کی زحالے اس کے واپس آنے تک پرائی ہو جائے گی اور پھر اسے اپنی پوری زندگی یک طرفہ محبت میں گزارنی ہو گی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جب سب لوگ ارحم کو ائیرپورٹ چھوڑ کر واپس آئے تو عمل بھاگتی ہوئی شازل کے پاس آئی اور پھر شازل کے ساتھ بیٹھتی اس نے ایک

URDU NOVEL BANK

چٹ شازل کے آگے کی جیسے ہی عمل نے چٹ شازل کے آگے کی تو

شازل نے پہلے تو حیرانگی سے عمل کو دیکھا پھر چٹ پکڑ پڑھی

انتر،منتر،جنتر،دھوم،ڈھڑک،شوم،شڑک یہ کیا لکھا ہے

چٹ پڑھ کر شازل نے حیرانگی سے سوال کیا

ہو بھیا آپ نے پڑھ لی چٹ؟

عمل کے حیران ہو کر چلانے پر شازل نے پریشانی سے ہاں میں سر ہلایا

بھیا یہ شادی نہ ہونے کا منتر تھاچُچ چُچ چُچ اب توآپ کی شادی ہی نہیں

ہو گی

عمل کے افسوس سے کہنے پر سب کا قہقہ بے ساختہ تھا تبھی پریشے لاؤنج

میں داخل ہوئی

کیا ہوا ہے؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پریشے کے سوال کرنے پر عمل نے فوراً سے چٹ شازل سے لے کر

پریشے کو پکڑا دی چٹ پکڑتے ہی پریشے نے چٹ کھولی اور زور سے

پڑھنا شروع کیا

انتر،منتر،جنتر،دھوم،ڈھڑک،شوم،شڑک یہ کیا لکھا ہے عمل

بجو یہ شادی نہ ہونے کا منتر تھا آپ نے پڑھ لیاچُچ چُچ چُچ چُچ اب تو آپ

کی شادی نہیں ہو گی

پریشے کے پڑھ کر سوال کرنے پر عمل نے منہ پر ہاتھ رکھ کر کہا تو پریشے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نے پریشانی سے شازل کو دیکھا

بھیا نے بھی پڑھا ہے اب تو آپ کی شادی پکی کینسل ہے

انتر،منتر،جنتر،دھوم،ڈھڑک،شوم،شڑک ففففووووو میں نے پڑھ کر تم

پر بھی پھوک مار دی ہے اب تمہاری بھی نہیں ہو گی

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پریشے کے ایسے شازل کو دیکھنے پر عمل فوراً سے بولی تو پریشے نے چٹ

دوبارہ سے پڑھتے عمل کے اوپر پھوک ماری اور فوراً سے بولی

یہ چیٹینگ ہے بجو آپ نے منتر پڑھا تو آپ کی نہیں ہو گی نہ میرا کیا قصور

ہے میری تو ہو گی شادی اور اتنی شاندار ہو گی کہ آپ دیکھتی رہ جائیں گی

پریشے کے ایسے بولنے پر عمل فوراً سے رونی شکل بناتی بولی تو سب لوگ

ہنسنے لگے تبھی روحان لاؤنج میں داخل ہوا

روحان آپ بجو کو بتا دیں میری شادی لازمی ہو گی اور بہت اچھی اور

شاندار ہو گی

روحان کو دیکھتے ہی عمل بھاگ کر روحان کے پاس گئ اور اس کے

سینے میں منہ چھپاتی بولی تو روحان نے پریشانی سے سب کو دیکھا جو عمل

اور روحان کو ہی دیکھ رہے تھے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عمل روحان نہیں بھیا کہتے ہیں تمہیں کتنی بار بتاؤں میں

میں روحان ہی بولوں گی روحان روحان نہیں بولوں گی میں بھیا

پریزے کے غصے سے بولنے پر عمل مڑی اور پیر پٹکتی بولی تو پریزے اور

عرب نے حیرانگی سے اپنی چودہ سالہ بیٹی کو دیکھا عمل بھلے سے بہت

شرارتی تھی مگر ضدی کبھی نہیں تھی خاص طور پر رشتوں میں مگر آج

پہلی دفعہ اس نے کسی رشتے پر ضد کی تھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عمل یہ کیا بدتمیزی ہے

ممی یہ بدتمیزی نہیں ہے میں بس آپ سے بول رہی ہوں میں روحان کو

بھیا نہیں بولوں گی

پریزے کے حیرانگی سے کہنے پر عمل نے فوراً جواب دیا اور بنا پریزے

کی ایک اور سنے بھاگتی ہوئی اپنے کمرے میں بند ہو گئی اسے ایسے کمرے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں جاتا دیکھ کر پریزے نے پریشانی سے عرب کو دیکھا جو بلکل خاموش

بیٹھا پریزے کو ہی دیکھ رہا تھا روحان بھی خاموشی سے اپنے کمرے میں

چلا گیا کیونکہ اس سب کے بعد وہ سب کے بیچ میں نہیں بیٹھ سکتا تھا

میں دیکھتی ہوں عمل کو

نہیں تم رکو میں بات کرتا ہوں

عمل کے کمرے میں جانے پر پریشے فوراً بولی تو شازل اسے روکتا اٹھ کر

عمل کے کمرے میں آگیا جیسے ہی شازل کمرے میں داخل ہوا تو کمرے

میں اندھیرا دیکھ کر پریشان ہو گیا پھر اس نے ہاتھ بڑھا کر لائیٹس آن کی

تو ہر سو روشنی پھیل گئی تبھی اسے عمل بیڈ پر الٹی لیٹی روتی ہوئی نظر

آئی پھر شازل خاموشی سے آگے بڑھا اور اس نے عمل کے سر پر ہاتھ

پھیرا تو عمل نے سر اٹھا کر دیکھا اپنے سامنے شازل کو دیکھ کر عمل

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سیدھی ہوئی اور خاموشی سے بیٹھ گئی

میری عمل جان تو کبھی ایسے ممی سے نہیں بولتی تھی پھر آج ایسے

کیوں بولی؟

عمل کو ایسے بیٹھتا دیکھ کر شازل بھی اس کے پاس بیٹھ گیا اور پھر

انتہائی پیار سے بولا مگر جب شازل کے سوال پر بھی عمل کچھ نہ بولی تو

شازل نے اپنی لاڈلی کو دیکھا جو منہ پر ہاتھ رکھے روئے جا رہی تھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عمل جان میں آپ سے بات کر رہا ہوں

بھیا میں اس وقت آپ سے بات نہیں کرنا چاہتی پلیز مجھے اکیلا چھوڑ

دیں

شازل کے انتہائی پیار سے بولنے پر عمل روتی ہوئی بولی تو شازل

خاموشی سے اٹھ کر کمرے سے چلا گیا شازل جیسے ہی عمل کے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کمرے سے نکل کر سامنے کوریڈور میں آیا تو اسے سامنے سے

روحان آتا دیکھائی دیا

کہاں جا رہے ہو؟

کہیں نہیں بھائی میں نے کہاں جانا ہے

شازل کے سوال پر روحان نے فوراً جواب دیا تو شازل نے

ہاں میں سر ہلایا میرے خیال میں اس وقت عمل کو تمہاری ضرورت ہے

جی میں دیکھتا ہوں آپ فکر نہ کریں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شازل کے پریشانی سے بولنے پر روحان فوراً سے بولا اور عمل

کے کمرے کی طرف چلا گیا عمل کے کمرے کے دروازے پر

پہنچتے ہی روحان نے دروازہ کھٹکھٹایا

کیا میں اندر آ جاؤں؟

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

روحان دروازہ کھٹکھٹاتے ہی ہلکہ سا اندر ہوتا بولا تو عمل نے سر

اٹھا کر دیکھا اپنے سامنے روحان کو دیکھ کر عمل بھاگتی ہوئی آئی اور روحان کے سینے میں منہ چھپا کر رونے لگی اس کے ایسے

کرنے پر روحان کمرے کے اندر آ گیا اور دروازہ بند کر دیا پھر

عمل کے بالوں میں انگلیاں چلانے لگا

عمل جان تمہیں خالہ سے ایسے بات نہیں کرنی چاہیئے تھی وہ

سب کے سامنے کتنی شرمندہ ہوئی ہونگی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان میری غلطی تو نہیں ہے وہ ہمیشہ مجھے آپ کو بھائی کہنے کا

بولتی ہیں جبکہ مجھے یہ بات بلکل پسند نہیں

روحان کے پیار سے کہنے پر عمل روتی ہوئی بولی اچھا اب چپ تو کرو

روحان میری وجہ سے ممی کتنی شرمندہ ہوئی ہونگی میں ایسے نہیں

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بولنا چاہتی تھی وہ خودی سے ہو گیا اب میں کیا کروں

تم ان سے معافی مانگ لو

روحان کے عمل کو چپ کروانے پر عمل پریشانی سے بولی تو

روحان نے فوراً حل پیش کیا

مگر روحان ممی نہ مانی تو

مان جائے گی عمل وہ ماں ہے تم سے زیادہ غصہ نہیں ہونگی

عمل کے پریشانی سے سوال کرنے پر روحان فوراً بولا اور پھر اس کا ہاتھ پکڑتا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریزے اور عرب کے کمرے کے باہر لے آیا اور اسے

اندر جانے کا اشارہ کرتا خود وہاں سے چلا گیا۔

عمل کے روتے ہوئے کمرے میں جانے پر شارق اپنی فیملی کے

ساتھ واپس گھر چلا گیا جبکہ باقی سب اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے

URDU NOVEL BANK

مجھے سمجھ نہیں آرہا عرب عمل نے ایسا کیوں کیا وہ تو کبھی ایسا نہیں کرتی تھی

مجھے لگتا ہے تمہیں عمل سے بات کرنی چاہیئے

ہمم صبح کرونگی

پریزے کے پریشان ہو کر بولنے پر عرب نے حل پیش کیا تو پریزے سر ہلاتے بولی تبھی کسی نے کمرے کا دروازہ کھٹکھٹایا

آجاؤ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عرب کے اونچی آواز میں اجازت دینے پر عمل خاموشی سے

دروازہ کھولتی اندر آگئی اور سر جھکائے کھڑی ہو گئی اپنی بیٹی کو

ایسے کھڑا دیکھ کر عرب اور پریزے نے ایک دوسرے کو دیکھا

عمل جان وہاں کیوں کھڑی ہو ادھر آؤ

URDU NOVEL BANK

عمل کو وہیں سر جھکائے کھڑا دیکھ کر عرب پریشانی سے بولا تو

عمل سیدھے چلتی آئی اور آ کر پریزے کے پاس کھڑی ہو گئی ممی ایم سوری مجھے
آپ سے بدتمیزی نہیں کرنی چاہیئے تھی

میں نے تو تمہیں کچھ نہیں کہا عمل تمہاری زندگی ہے جو من میں

آئے کرو

پریزے کے غصے سے بولنے پر عمل نے ہچکیوں سے رونا شروع

کر دیا عمل کو ایسے روتا دیکھ کر پریزے نے ہاتھ بڑھا کر اس کا بازو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پکڑا اور اسے اپنے سامنے بیٹھایا

بیٹا میں نے بس اتنا کہا تھا روحان کو بھیا بولو وہ تم سے بڑا ہے

مگر تم ہمیشہ اسے روحان ہی بولتی ہو کتنی بری بات ہے

ممی سوری میں آئندہ آپ سے اور ڈیڈ سے کبھی بھی بدتمیزی نہیں کرونگی

URDU NOVEL BANK

پریزے کی بات کو نظر انداز کرتی عمل روتے ہوئے بولی تو پریزے

نے اسے اپنے ساتھ لگایا اور پھر اس کا ماتھا چوما

بس میری جان ممی آپ سے ناراض نہیں ہیں چپ کرو روتے نہیں

ایسے

پریزے کی بات پر عمل نے رونا بند کر دیا

ڈیڈ سوری

اٹس اوکے عمل جان آئندہ خیال کرنا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عمل کے معافی مانگنے پر عرب پیار سے بولا تو عمل نے اپنی آنکھیں صاف کی

ممی آپ ہمیشہ کہتی ہیں نہ کہ میں آپ سے ہر بات شئیر کر سکتی ہوں؟

عمل نے آنسو صاف کرتے ہی سوال کیا تو پریزے نے حیرانگی سے

عرب کو دیکھا پھر پریشانی سے ہاں میں سر ہلایا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ممی میں آپ سے ایک اور بات کے لیے معافی مانگنا چاہتی ہوں

کس بات کے لیے؟

عمل نے سر جھکا کر دوبارہ سے معافی مانگی تو پریزے نے پریشانی سے

سوال کیا

ممی آپ مجھے ہمیشہ کہتی تھیں کہ عمل کبھی کسی سے محبت نہ کرنا عمل کی

بات پر پریزے نے ہاں میں سر ہلایا

تو اس بات کے لیے مجھے معاف کر دیں میں نے بہت کوشش کی مگر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر بھی میں خود کو پیار کرنے سے نہ روک سکی

عمل کی بات پر عرب اور پریزے کو اپنے سر پر ملک ہاؤس کی چھت

گرتی محسوس ہوئی وہ جو اپنی چودہ سالہ بیٹی کو ابھی تک چھوٹا سمجھتے

آرہے تھے وہ نہیں جانتے تھے کہ ان کی چھوٹی سی لاڈلی بیٹی عشق

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کی خطرناک راہوں پر نکل چکی ہے عمل کے منہ سے یہ الفاظ سن

کر پریزے نے پریشانی سے عرب کو دیکھا

کک۔۔کون ہے وہ جس سے تم۔۔۔

نہ چاہتے ہوئے بھی پریزے کی زبان لڑکھڑا گئی وہ جو کچھ بھی بے

دھڑک بول دیتی تھی جس کی زبان آج تک کبھی نہیں لڑکھڑائی تھی

اپنی بیٹی کے منہ سے محبت کا سن کر اس کی زبان لڑکھڑا گئی اور

پھر اس نے اپنا جملہ ادھورا ہی چھوڑ دیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ممی میں روحان سے پیار کرتی ہوں

کیا روحان یہ بات جانتا ہے؟

عمل کی زبان سے روحان کا نام سن کر پریزے کچھ حد تک بے خوف

ہو گئی پھر پریزے کی ادھوری بات سن کر عمل نے فوراً سے جواب

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دیا تو پریزے نے پریشانی سے سوال کیا

جی جانتا ہے اور اس نے مجھے بولا ہے میری ایٹینتھ برتھڈے کے

بعد وہ مجھ سے نکاح کرے گا

عمل کی بات پر عرب نے فوراً سے انٹرکام اٹھایا

شبانہ روحان کو میرے کمرے میں بھیجو

اپنی بات کہہ کر عرب نے انٹرکام کا ریسور رکھ دیا پھر چند لمحوں بعد

روحان کمرے کا دروازہ کھٹکھٹاتا اندر داخل ہوا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بڑے بابا آپ نے بلایا؟

کمرے میں داخل ہوتے ہی روحان نے عرب سے سوال کیا تو عرب

اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا اور پھر بنا روحان کو سمجھنے کا موقع دیے اس نے روحان

کے منہ پر مکہ جڑ دیا اتنی شدت سے مکہ پڑنے پر روحان

URDU NOVEL BANK

زمین بوس ہو گیا

ڈیڈ یہ کیا کر رہے ہیں آپ؟

روحان کو زمین پر گرتا دیکھ کر عمل چلاتے ہوئے بولی اور بھاگ کر

روحان کے پاس گئی اور اسے زمین سے اٹھایا اتنی شدت سے مکہ

پڑنے پر روحان کے ہونٹ سے خون نکلنے لگا تبھی عرب آگے بڑھا

اور اس نے عمل کا بازو پکڑ کر اسے کھینچ کر روحان سے دور کیا عرب

کی اس حرکت پر عمل روتے ہوئے عرب سے خود کو چھڑانے لگی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اٹھو کھڑے ہو

عمل کو اگنور کرتے ہوئے عرب غصے سے بولا تو روحان خاموشی

سے کھڑا ہو گیا اور پھر عرب ایک بار پھر سے آگے بڑھا اس سے پہلے

کے عرب روحان جو کچھ کہتا عمل بیچ میں آگئی

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ڈیڈ پلیز آپ کیوں روحان کو مار رہے ہیں ممی آپ ہی کچھ بولیں ڈیڈ

کو

عمل روحان کے آگے آتے ہی روتے ہوئے بولی اور ساتھ ہی

ساتھ اس نے پریزے کو مخاطب کیا جو یہ سب کچھ خاموشی سے

کھڑی دیکھ رہی تھی

عرب مت مارو روحان کو پریزے کے ایسے بولنے پر عرب نے غصے سے پریزے

کو دیکھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھے روحان پر پورا یقین ہے وہ میری بیٹی کو رونے نہیں دے گا

میں عمل کو بہت پیار کرتا ہوں بڑے بابا آپ فکر نہ کریں میں اسے

رونے نہیں دونگا ویسے بھی شازل بھائی نے کہا ہے اگر میری وجہ

سے عمل روئی تو وہ مجھے زندہ زمین میں گاڑھ دیں گے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عرب کے غصے سے دیکھنے پر پریزے فوراً بولی تو روحان نے بھی

بولنا ضروری سمجھا

تم فکر نہ کرو اگر عمل کی آنکھ سے آنسو گرا تو شازل تو بعد میں پہلے میں

ہی تمہیں زندہ زمین میں گاڑ دونگا

روحان کی بات سن کر عرب ایک تیکھی مسکراہٹ کے ساتھ بولا

تو روحان سر جھکا گیا

عمل روحان جاؤ یہاں سے اس بارے میں بعد میں بات کریں گے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس سے پہلے عرب پھر سے روحان کو کوئی تحفہ دیتا پریزے نے

ان دونوں کو وہاں سے جانے کا کہا پریزے کی بات پر روحان اور

عمل دونوں کمرے سے نکل گئے

عرب یہ کیا حرکت تھی وہ ہماری بیٹی کی پسند ہے

URDU NOVEL BANK

جانتا ہوں میں صرف اسے سمجھا رہا تھا اگر اس کے ذہن میں کوئی

غلط بات ہو گی بھی تو اس سب کے بعد وہ خود ہی اس سب کو نکال دے گا

پریزے کے پریشانی سے کہنے پر عرب مسکراتا ہوا بولا اور آکر بیڈ پر

لیٹ گیا جبکہ پریزے اس دیو کو بس دیکھتے رہ گئی جو اپنے ہی داماد

کو مکہ جڑ کر آرام سے سونے کی تیاری میں مصروف تھا

روحان ایم سوری میری وجہ سے ڈیڈ نے آپ کو مارا

یار مجھے نہیں پتہ تھا بڑے بابا کا ہاتھ اتنا بھاری ہے توبہ دو منٹ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کے لیے تو میری آنکھوں کے آگے اندھیرا ہی آگیا تھا

عمل کے شرمندہ ہو کر بولنے پر روحان مسکراتا ہوا بولا تو عمل سر

جھکا گئی تمہیں کہا تھا نہ آبھی کسی کو مت بتانا دیکھو اب میرے منہ کا کیا

حال ہو گیا اب اسے تم ہی سیٹ کرو گی میں اس طرح سے

URDU NOVEL BANK

یونیورسٹی نہیں جا سکتا

روحان کے منہ بنا کر بولنے پر عمل نے ہاں میں سر ہلایا پھر روحان

کو لے کر اپنے کمرے میں چلی گئی اور پھر فرسٹ ایڈ باکس لاتی اس

کا زخم صاف کرنے لگی

آپ کل یونیورسٹی جانے سے پہلے میرے پاس آنا میں اس کو ٹھیک

کر دونگی پھر کسی کو نظر نہیں آئے گا

عمل کی بات پر روحان نے ہاں میں سر ہلایا اور اٹھ کر سونے چلا گیا

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

روحان کے جانے کے بعد عمل بھی سونے کے لیے لیٹ گئی۔

روحان کمرے میں آتے ہی پریشانی سے کمرے کے چکر کاٹنے لگا

کیونکہ وہ جانتا تھا سب کچھ غلط ہو گیا ہے علیزے اور ریہان نے

URDU NOVEL BANK

اپنے دونوں بچوں جو بہت اچھے سے سمجھایا تھا کہ یہ ان کا گھر

نہیں ہے یہ عرب کا گھر ہے اور انہیں یہاں عرب اور پریزے کی

ہر بات ماننی ہو گی روحان نے عرب کو زندگی میں پہلی بار اس طرح

غصے میں دیکھا تھا عرب کبھی کسی بچے کو نہیں ڈانٹتا تھا مگر عرب کا

مکہ کھا کر روحان جان چکا تھا کہ اب اسے کوئی حل کرنا ہو گا وہ عمل

کے ساتھ یوں ایک ہی چھت کے نیچے نہیں رہ سکتا اور نہ ہی عمل

کو پہلے کی طرح گھوما پھرا سکتا ہے عمل بچی تھی نادان تھی مگر وہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو بچہ نہیں تھا نادان نہیں تھا سب کچھ سوچنے کے بعد اس نے

فیصلہ کر لیا تھا کہ عمل کے ایٹینتھ برتھڈے تک وہ عمل سے دور

رہے گا اور یہی سوچتے ہوئے اس نے ایک اور فیصلہ کیا تھا جو اس

کے خود کے لیے بھی بہت تکلیف دہ تھا مگر عمل کے خاطر اسے یہ

URDU NOVEL BANK

سب لازمی کرنا تھاتاکہ کوئی بھی عمل کے اوپر انگلی نہ کرے بیڈ پر

لیٹے یہ سب کچھ سوچتے ہوئے روحان کب نیند کی وادیوں میں کھو گیا

اسے پتہ ہی نہ چلا اس کی آنکھ دوبارہ علیزے کے ہلانے پر کھلی وہ روز

کی طرح روحان جو یونیورسٹی کے لیے اٹھانے آئی تھی

روحان یہ کیا ہوا تمہارے منہ کو؟

روحان کا پھٹا ہونٹ دیکھ کر علیزے پریشانی سے بولتی اس کے پاس

بیٹھ گئی اور اس کا چہرہ پکڑتے ہوئے دیکھنے لگی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ موم رات کو واشروم میں میرا پاؤں پھسل گیا تھا

علیزے کے سوال پر روحان فوراً سے جواب دیتا اٹھ کر واشروم

میں بند ہو گیا اس کے جانے کے بعد علیزے بھی پریشانی سے کیچن

میں آگئی

URDU NOVEL BANK

کیا ہوا علیزے تم پریشان لگ رہی ہو؟

دی دی روحان رات کو واشروم میں گر گیا ہے اور اس کا ہونٹ پھٹا ہوا ہے پر پتہ نہیں کیوں مجھے ایسے لگ رہا ہے وہ مجھ سے جھوٹ بول رہا ہے

پریزے کے مسکرا کر سوال کرنے پر علیزے نے پریشانی سے جواب دیا تو پریزے نے خاموشی سے سر ہلا دیا اور پھر اپنے کام میں مصروف ہو گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان جیسے ہی نہا کر واشروم سے باہر نکلا تو اسے سامنے ہی بیڈ پر عمل بیٹھی نظر آئی روحان نے اسے مسکرا کر دیکھا اور پھر ٹاول سے اپنے بھورے بال سکھانے لگا

روحان آپ کو ابھی بھی درد ہو رہا ہے کیا

URDU NOVEL BANK

نہیں میں ٹھیک ہوں بس یہ نشان دیکھ کر سب سوال کریں گے جس

کا فلحال میرے پاس جواب نہیں

میں میک اپ سے یہ نشان ہٹا سکتی ہوں

عمل کے شرمندہ ہو کر پوچھنے پر روحان نے شیشے میں اپنا چہرہ دیکھتے

جواب دیا تو عمل نے فوراً سے حل پیش کیا

کیا تم سچ میں ایسا کر سکتی ہو؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان کے سوال پر عمل نے فوراً ہاں میں سر ہلایا

تو پلیز کر دو کیونکہ میں اپنے دوستوں سے کیا بولوں گا مجھے سمجھ نہیں آ رہا

عمل کے سر ہلانے پر روحان فوراً بولا تو عمل بھاگ کر گئی اور اپنا

میک اپ بیگ اٹھا لائی اسے بیگ لاتے دیکھ کر روحان بیڈ پر بیٹھ گیا

تو عمل نے میک اپ کی مدد سے روحان کا نشان غائب کر دیا

URDU NOVEL BANK

واہ عمل تم تو ارٹسٹ ہو یار

بس خیال رکھیے گا اس پر کوئی چیز مت رگڑیے گا ورنی یہ ہٹ جائے

گا

روحان کے تعریف کرنے پر عمل نے مسکراتے ہوئے جواب دیا تو

روحان سر ہلاتا بیگ اٹھا کر نیچے آگیا اور پھر ناشتہ کر کے یونیورسٹی

چلا گیا جبکہ عمل ناشتہ کر کے اپنے سکول چلی گئی یونیورسٹی آتے ہی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان سیدھا ڈین کے آفس آ گیا

سر مے آئی کم ان؟

روحان کے سوال پر ڈین نے ہاں میں سر ہلایا تو روحان سیدھا آکر ڈین

کے سامنے کھڑا ہو گیا

مورننگ سر مجھے ٹو ویکس پہلے آپ نے بولا تھا کہ آپ مجھے فاسٹ

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یونیورسٹی اسلام آباد بھیجنا چاہتے ہیں فور بیٹر ریزلٹس اور میں نے آپ

کو منع کر دیا تھا

روحان کی بات پر ڈین نے ہاں میں سر ہلایا

کیا آپ کی وہ آفر اب بھی اویلیبل ہے؟

آفکورس روحان میں آپ کو اب بھی بھیج سکتا ہوں

روحان کے سوال پر ڈین نے فوراً جواب دیا

تو پلیز آپ مجھے بھیج دیں میں جانا چاہتا ہوں اسلام آباد آپ کی جو بھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ریکوائیرمینٹس ہیں وہ مجھے بتا دیں میں جلد از جلد شفٹ کرنا چاہ رہا تھا

ٹھیک ہے روحان میں آپ کو ایک فارم دے رہا ہوں آپ یہ فل کر

کے اس کے پیچھے جو ڈوکیومینٹس لکھیں ہیں وہ سب سبمیٹ کروا دیں

میں فاسٹ میں بات کر لیتا ہوں اور تم اسی ہفتے شفٹ ہو سکتے ہو

روحان کی بات پر ڈین نے سر ہاں میں ہلاتے جواب دیا اور ایک کاغذ روحان کی طرف بڑھایا

سر کیا میں یہ ابھی فل کر کے سمبیٹ کروا سکتا ہوں کیونکہ میں اپنے سارے ڈوکیومینٹس لے کر آیا تھا

ہاں شیور تم ایک گھنٹے تک مجھے سب کچھ سمبیٹ کروا دو میں تب تک فاسٹ میں بات کر لیتا ہوں اور اگر ان کو مزید کوئی ایشو نہیں ہے تو تم کل ہی شفٹ کر جاؤ ایسے میں تمہاری پڑھائی کا زیادہ لوس نہیں ہو گا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان کے سوال پر ڈین نے جواب دیا تو روحان شکریہ کرتا ڈین کے آفس سے باہر نکل آیا اور پھر ایک گھنٹے کے بعد اس نے سب کچھ ڈین کے پاس جمع کروا دیا جس پر ڈین نے اسے ایک این-او-سی دیا اور

URDU NOVEL BANK

اس این-او-سی کے مطابق اسے اگلے دن ہی اسلام آباد شفٹ ہونا تھا اور اپنی آگے کی پڑھائی مکمل کرنی تھی۔

آج جب ریہان اور عرب آفس سے گھر پہنچے تو عمل نے رو رو کر پورا گھر سر پر اٹھا رکھا تھا جبکہ پریشے، علیزے، صفیہ اور پریزے اسے خاموش کروانے کی ناکام کوشش میں مصروف تھیں

کیا ہوا ہے میری عمل جان کو کیوں رو رہی ہو ایسے

ڈیڈ میں آپ سے بلکل بھی بات نہیں کرونگی آئی ہیٹ یو سب آپ کی وجہ سے ہوا ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عرب کے سوال کرنے پر عمل روتے ہوئے بولی تو عرب نے پریشانی سے پریزے کو دیکھا جو اس وقت گرے آنکھوں کے ساتھ بلکل خاموش کھڑی تھی

URDU NOVEL BANK

پر عمل جان میں نے ایسا کیا کیا ہے؟

ڈیڈ آپ کی وجہ سے روحان گھر چھوڑ کر جا رہا ہے وہ اسلام آباد شفٹ

ہو رہا ہے آپ پلیز اسے روکیں میں نہیں رہ سکتی اس کے بغیر میں مر

جاؤنگی ڈیڈ پلیز

عرب کے پریشانی سے سوال کرنے پر عمل روتے ہوئے بولی تو ریہان

نے چونک کر علیزے کو دیکھا

وہ کہہ رہا ہے اس کی یونیورسٹی والوں نے اسے اسلام آباد کی فاسٹ

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

یونیورسٹی میں ٹرانسفر کر دیا ہے اور اسے نوٹس بھی جاری کر دیا ہے

اسے کل ہی شفٹ کرنا ہے اور عمل اس لیے ایسے رو رہی ہے کیونکہ

وہ روحان جو پسند کرتی ہے

ریہان کے دیکھنے پر علیزے نے ساری بات سنائی تو ریہان بھی خاموش

ہو گیا وہ اپنے بیٹے جو بہت اچھے سے سمجھتا تھا اور جانتا تھا کہ اسے

اتنے جلدی کون اسلام آباد شفٹ کر رہا ہے

ڈیڈ آپ پلیز کچھ کریں نہ روحان کو بولیں مجھے چھوڑ کر نہ جائے پلیز

ڈیڈ

عمل کے چلانے پر عرب نے اسے اپنے سینے سے لگا لیا تبھی روحان

سیڑھیوں سے اترتا دیکھائی دیا وہ سیدھے آتے ریہان کے سامنے کھڑے

ہو گیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بابا میں کل اسلام آباد شفٹ ہو رہا ہوں میری یونیورسٹی نے مجھے فاسٹ

یونیورسٹی میں شفٹ کر دیا ہے

روحان کی بات پر ابھی ریہان کچھ بولتا اس سے پہلے ہی عمل اس کے

سامنے آ گئی

URDU NOVEL BANK

روحان پلیز نہ جائیں نہ میں مر جاؤنگی پلیز

عمل کے روتے ہوئے بولنے پر روحان نے منہ موڑ لیا اس کے ایسے منہ موڑنے پر عمل کے دل میں ٹیس اٹھی مگر پھر وہ کچھ بھی نہ بولی وہ دوقدم روحان سے پیچھے ہٹی اور پھر اس نے بے دردی سے اپنی آنکھیں صاف کی اور خاموشی سے اپنے کمرے میں چلی گئی عمل کے جانے کے بعد روحان بھی خاموشی سے وہاں سے چلا گیا کمرے میں آتے ہی روحان کا ضبط ٹوٹ گیا اور وہ بیڈ پر لیٹتا رونے لگ گیا اسے عمل کو چھوڑ کر جانے پر بہت دکھ تھا مگر اسے نہ چاہتے ہوئے بھی عمل کی بھلائی کے لیے یہاں سے دور جانا پڑ رہا تھا اگلے دن صبح روحان ناشتے کے بعد اپنی پیکنگ کرتا اسلام آباد جانے کے لیے نکل گیا وہ سب سے ملتا ہوا پریزے کی طرف بڑھا اور اسے گلے لگایا

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میری بچی ٹوٹ جائے گی روحان مت جاؤ

خالہ میں یہ سب عمل کے لیے ہی کر رہا ہوں میں نہیں چاہتا کہ کوئی میری

وجہ سے اس کے اوپر انگلی اٹھائے یا اسے کچھ غلط بولے

پریزے کی بات پر روحان نے نم آواز میں بولا تو پریزے خاموش ہو گئی

سب سے ملتے روحان نے عمل کے کمرے کی طرف دیکھا وہ آج صبح

سے اپنے کمرے سے باہر نہیں آئی تھی اور اب جب روحان ایک آخری

بار اسے دیکھنا چاہتا تھا مگر عمل کے نہ آنے پر وہ خاموشی سے ملک ہاؤس

سے چلا گیا عمل جو اپنے کمرے کی کھڑکی میں کھڑی پورچ کو دیکھ رہی تھی

روحان کی گاڑی وہاں سے نکلتے دیکھ کر عمل وہیں زمین پر بیٹھتی چلی گئی

اسے ایسے لگنے لگا جیسے وہ اگلا سانس نہیں لے سکے گی پھر اچانک اس

کے موبائل پر میسج کی بیپ ہوئی اس نے جیسے ہی موبائل اٹھایا تو سامنے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہی "میرا شہزادہ" کے نام سے میسج چمک رہا تھا

مجھے معاف کرنا عمل جان مگر میں نے جو کچھ بھی کیا وہ تمہاری خاطر کیا

آئی لو یو سوچ تم مجھ سے ملنے نہیں ائی مجھے بہت برا لگا مگر میں وعدہ کرتا

ہوں میں جلد واپس آؤنگا پہلے تو میں نے تم سے بولا تھا تمہارے ایٹینتھ

برتھڈے کے بعد تم سے نکاح کرونگا مگر اب میں وعدہ کرتا ہوں میں جیسے

ہی واپس لوٹوں گا میں تمہیں اپنا بنا لوں گا اپنا بہت سارا خیال رکھنا

اللہ حافظ!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان کا میسج پڑھ کر عمل نے رونا شروع کر دیا مگر وہ چاہ ہر بھی کچھ نہ

کر سکی اب اسے بس روحان کی واپسی کا انتظار کرنا تھا۔

URDU NOVEL BANK

آج جب پریشے یونیورسٹی آئی تو اسے زحالے کہیں نہ ملی اس کے فون

کرنے پر شانزے نے اسے بتایا کہ زحالے نے آج چھوٹی کی ہے وہ

شانزے سے ہی حال احوال پوچھتی فون بند کر گئی اور پھر کلاس میں

چلی گئی ابھی وہ کلاس میں بیٹھی ہی تھی کہ اسے سامنے سے ایک لڑکا

مسکراتے ہوئے اس کی طرف آتے دیکھائی دیا کالے بال،کالی گہری

آنکھیں،کھڑے نین نقوش،کسرتی وجود،لمبا قد اور دودھیا سفید رنگت

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بلاشبہ وہ حسین مردوں میں گردانہ جاتا ہو گا وہ صرف بیس سال کی عمر

میں ہی اپنی پوری یونیورسٹی کی لڑکیوں کا ہارٹ تھروب تھا جو کبھی

کسی لڑکی سے بات نہیں کرتا تھا وہ آج اپنی ہی ایک اکڑ میں رہتا تھا

آج خود پریشے کے پاس چل کر آیا تھا اسے اپنی طرف آتا دیکھ کر پریشے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نے منہ موڑ لیا جیسے اسے دیکھا ہی نہ ہو

اسلام و علیکم ! کیسی ہو ڈیول کوئین ؟

پریشے کے قریب آتے ہی اس نے ایک خوبصورت آواز میں سلام کیا

تو پریشے نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے ایک ائیبرو اچکائی

پوری یونیورسٹی مجھے جانتی ہے تو میرے خیال میں آپ بھی مجھے جانتی

ہوں گی

ہمم جانتی ہوں تمہیں ہارون راجپوت تھرڈ ایئرآف بی-بی-اے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریشے ریہان شاہ عرف ڈیول کوئین فرسٹ ایئرآف بی-بی-اے

پریشے کے کہنے پر ہارون مسکراتا ہوا بولا تو پریشے نے ہاں میں سر ہلایا

اور ادھر اُدھر دیکھنے لگی

یونیورسٹی کا اتنا پاپولر لڑکا تمہارے پاس خود چل کر آیا ہے تم وجہ

URDU NOVEL BANK

نہیں پوچھو گی؟

نہیں کیونکہ مجھے پتہ تم مجھے لازمی بتاؤ گے تو میں فضول بول کر اپنے الفاظ ضائع نہیں کرونگی

ہارون کے مسکرا کر کہنے پر پریشے نے بیزاریت سے جواب دیا تو ہارون قہقہ لگا کر ہنسہ

ہاں یہ تو تم نے صحیح کہا

ہارون کے ہنستے ہوئے کہنے پر پریشے نے کوئی رد عمل ظاہر نہیں کیا

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اچھا بتاؤ کیا تم میرے ساتھ چائے پیو گی

نہیں میں چائے نہیں پیتی

ہارون کے سوال پر پریشے نے فوراً جواب دیا

اچھا تو پھر کچھ اور جو تمہیں پسند ہو

URDU NOVEL BANK

یونیورسٹی کے کیفے سے یا کہیں باہر سے؟

میرا ارادہ تو فلوقت کیفے سے ہے اگر تم باہر جانا چاہو تو نو پروبلم

ہارون کے کچھ سوچ کر بولنے پر پریشے نے فوراً سوال داغا تو ہارون

مسکراتے ہوئے بولا

نہیں مجھے کیفے ہی بیسٹ ہے ویسے بھی مجھے بہت بھوک لگی ہے

ہارون کی بات پر پریشے نے فوراً جواب دیا اور اپنا بیگ اٹھاتی کیفے

کی طرف چل دی آج وہ بہت بور ہو رہی تھی یونیورسٹی میں کیونکہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان بھی اسلام آباد جا چکا تھا اور زحالے بھی یونیورسٹی نہیں آئی

تھی کیفے پہنچتے ہی پریشے اور ہارون نے اپنا آرڈر دیا اور ایک ٹیبل پر

بیٹھ گئے پھر کچھ دیر بعد ان دونوں کا آرڈر ان کے سامنے آگیا پریشے

نے اپنے لیے برگر اور بوتل جبکہ ہارون نے شوارما آرڈر کیا تھا پھر ان

URDU NOVEL BANK

دونوں نے ہلکی پھولی باتوں کے ساتھ اپنا کھانا کھایا اس کے بعد

پریشے نے بیگ کھول کر اپنا والیٹ نکالا

پریشے یہ ٹریٹ میری طرف سے تھی سو تمہیں پے کرنے کی ضرورت

نہیں

میں اپنا بل ہمیشہ خود پے کرتی ہوں اس سے میرے ساتھ کھانے

والا ہر قسم کی خوش فہمی سے دور رہتا ہے

پریشے کا والیٹ دیکھ کر ہارون فوراً بولا تو پریشے نے روکھے سے لہجے

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں کہا اور پھر اپنے حصے کا بل نکال کر ٹیبل پر رکھ دیا پریشے کی بات

پر ہارون نے بھی خاموشی سے اپنا بل پے کیا

اوح مائے گوڈ! یونیورسٹی کا سب سے ہاٹ لڑکا اور یونیورسٹی کی سب

سے لڑاکا لڑکی ایک ساتھ بیٹھے ہیں

URDU NOVEL BANK

ابھی وہ دونوں ٹیبل سے اٹھے بھی نہ تھے کہ ان دونوں کو ایک نسوانی آواز سنائی دی اور اس آواز کو سنتے ہی پریشے اور ہارون دونوں نے گردن موڑ کر اسے دیکھا اس لڑکی کو دیکھ کر ہارون اور پریشے دونوں نے منہ بنایا پھر پریشے کھڑی ہوئی اپنا بیگ لیا اور وہاں سے چلی گئی جبکہ ہارون مسکراتا ہوا اس لڑکی کی طرف متوجہ ہوا جو اسے اپنی ایک پارٹی میں مدعو کر رہی تھی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

پریشے کیفے سے نکلتی سیدھے اپنے گھر آ گئی اور اپنے کمرے میں چلی گئی

پریشے میرے خیال سے تمہیں عمل سے بات کرنی چاہیئے وہ صبح سے اپنے کمرے میں بند ہے اور اس نے کچھ کھایا بھی نہیں

ٹھیک ہے موم میں بات کرتی ہوں آپ فکر نہ کریں

URDU NOVEL BANK

پریشے کو کمرے میں آتا دیکھ کر علیزے اس کے کمرے میں آئی اور پریشانی سے بولی تو پریشے اسے جواب دیتی عمل کے کمرے کی طرف چلی گئی

عمل جان کہاں ہے میری عمل جان

کمرے میں داخل ہوتے ہی پریشے انتہائی پیار سے بولی تو عمل بھاگ کر پریشے کے گلے لگ گئی

بجو مجھے روحان پاس جانا ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عمل جان ابھی تو نہیں جا سکتے ہم کل چلیں گے مگر ایک شرط پر

وہ کیا؟

عمل پریشے کے گلے لگتی روتے ہوئے بولی تو پریشے نے انتہائی پیار سے جواب دیتے ہوئے ایک شرط رکھی جس پر عمل نے فوراً سوال

URDU NOVEL BANK

کیا

تم اچھے بچوں کی طرح فریش ہو گی اور کھانا بھی کھاؤ گی

ٹھیک ہے پر پھر مجھے سٹیک کھانی ہے

پریشے کی شرط سن کر عمل فوراً مان گئی اور پھر منہ بناتی ہوئی بولی تو

پریشے کو اپنی ننھی سی بھابھی پر ٹوٹ کر پیار آیا پھر پریشے نے فوراً

سے عمل کے دونوں گال چوم لیے تو عمل مسکراتی ہوئی بھاگ کر

فریش ہونے چلی گئی پھر جب عمل فریش ہو کر لاؤنج میں آئی تو پریشے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تیار کھڑی اسی کا انتظار کر رہی تھی عمل کو ایسے مسکراتے ہوئے

پریشے کے ساتھ جاتا دیکھ کر عرب فوراً بولا

کہاں جانے کی تیاری ہے دونوں میڈمز کی؟

بڑے بابا عمل کو سٹیک کھانا تھا تو میں اسے بس وہیں لے کر جا رہی

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہوں واپسی پر ہم لوگ ماموں کی طرف سے ہو کر آئیں گے

عرب کے سوال پر عمل نے کوئی جواب نہیں دیا جبکہ پریشے مسکراتے

ہوئے بولی

چلیں بجو

عمل تم کچھ بھول رہی ہو

عمل کے بولنے پر پریشے عرب اور پریزے کی طرف اشارہ کرتی بولی

تو عمل نے زور زور سے نفی میں سر ہلایا جس پر پریشے خاموشی سے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صوفے پر بیٹھ گئی

ممی ڈیڈ میں بجو کے ساتھ جا رہی ہوں

ٹھیک ہے عمل تم جاؤ انجوائے کرنا

پہلے تو عمل پریشے کو دیکھتی رہی پھر دو قدم آگے بڑھتی بولی تو پریزے

URDU NOVEL BANK

نے مسکراتے ہوئے جواب دیا پھر عمل آگے بڑھی پہلے وہ پریزے کے گلے لگی پھر آگے بڑھتی عرب کے گلے لگی

ایم سوری میری جان

نہیں ڈیڈ آپ سوری نہ کریں آپ میرے ڈیڈ ہیں میرا غلط نہیں سوچیں گے

عمل جیسے ہی عرب کے گلے لگی تو عرب فوراً سے بولا تو عمل نے فوراً جواب دیا اور اٹھ کر پریشے کے ساتھ باہر کو نکل گئی ان دونوں نے باتیں کرتے اور کل کیسے روحان کو سرپرائز دینا ہے یہ پروگرام بناتے کھانا کھایا اور پھر وہ دونوں شارق کی طرف چلی گئی لاؤنج میں داخل ہوتے ہی عمل نے بھاگ کر شازل کی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا

بتاؤ بھائی کون ہے یہ؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یار آنکھوں پر ہاتھ ہے میں کیسے بتا سکتا ہوں کون آیا ہے

عمل کو شازل کی آنکھوں پر ہاتھ رکھتا دیکھ کر زحالے فوراً بولی تو شازل

نے ہنستے ہوئے جواب دیا

اچھا نہ چلیں گیس کریں کون ہے

میرے خیال سے میری جان ہے

شازل کی بات پر زحالے نے مسکراتے ہوئے جواب دیا تو شازل

نے فوراً ٹکا لگایا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کونسی والی جان؟

عمل کے اشارہ کرنے پر زحالے فوراً بولی جبکہ عمل کی حرکتیں دیکھ

دیکھ کر شائستہ بی بی،شانزے،شارق اور پریشے ہنستے جا رہے تھے

یار اب میری ایک ہی تو جان ہے

URDU NOVEL BANK

بیچارہ میرا بیٹا تم چڑیلوں میں پھنس گیا

شازل کی معصوم سی شکل بنا کر بولنے پر شانزے فوراً بولی

اچھا نہ بھیا اب نام لے بھی لیں

یار میری ایک ہی تو جان ہے عمل جان اور کون ہو سکتا

عمل کے دوبارہ اشارہ کرنے پر زحالے نے شازل کو ہنٹ دی جسے

سمجھتے ہوئے شازل نے جھٹ سے جواب دیا شازل کا جواب سنتے ہی

عمل فوراً سے آگے آئی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بھیا آپ نے مجھے پہچانا نہیں تھا نہ

ارے میری عمل جان کو میں کیسے نہ پہچانتا

عمل کے منہ بنا کر بولنے پر شازل مسکراتے ہوئے بولا اور پھر عمل

کا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنے قریب بیٹھا لیا

URDU NOVEL BANK

مامی میں نے کافی پینی ہے

پر عمل تمہیں تو کافی سے الرجیک ہے

ہاں تو مامی آپ چائے پیلا دیں

عمل کی فرمائش پر زحالے فوراً بولی تو عمل سر پر ہاتھ مارتی بولی عمل کی

بات پر شانزے ہنستی ہوئی اٹھ کر اندر چلی گئ

بھیا آپ کو پتہ ہے میں اور بجو صبح اسلام آباد جا رہے ہیں روحان سے

ملنے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شانزے کے جاتے ہی عمل خوش ہوتی بولی تو شازل بھی اپنی لاڈلی

کو دیکھ کر مسکرا اٹھا

پر عمل ہم تھوڑا لیٹ جائیں گے دراصل میری ایک کلاس آ گئی ہے

میں وہ لے کر آؤنگی تو پھر چلیں گے

اوکے بجو

پریشے کی بات پر عمل نے مسکرا کر اوکے کیا تبھی شانزے چائے لے آئی اور پھر پریشے اور عمل چائے پی کر گھر واپس آگئیں عمل بہت خوش تھی کہ وہ صبح روحان سے ملے گی اور ساتھ ہی ساتھ اسے یہ ڈر بھی تھا کہ کہیں عرب منع نہ کر دے یہی سب سوچتی وہ عرب اور پریزے کے کمرے میں آگئی

عمل تم تھوڑا جلدی آتی تو ارحم سے بات کر لیتی اس کی کال آئی تھی

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ممی ڈیڈ مجھے آپ دونوں سے ایک پرمیشن چاہیئے تھی

کس بات کی پرمیشن عمل؟

پریزے کی بات پر عمل نے اپنا سر ہاں میں ہلایا اور پھر معصوم سی شکل بناتے بولی تو پریزے نے پریشانی سے سوال کیا

URDU NOVEL BANK

ممی بجو صبح روحان سے ملنے جا رہی ہیں تو کیا میں بھی ان کے ساتھ

جاؤں انہوں نے کہا اگر آپ اور ڈیڈ پرمیشن دے دیں تو انہیں کوئی

مسئلہ نہیں

عمل کی بات پر پریزے نے عرب کو دیکھا

ٹھیک ہے عمل جان آپ جا سکتی ہیں مگر اپنا خیال رکھیے گا

پہلے تو عرب کافی دیر خاموش رہا مگر پھر عرب نے عمل کو اجازت دے

دی عرب کے اجازت دینے پر عمل خوش ہو گئی اور بھاگ کر پریشے

کو یہ بات بتانے چلی گئی

مجھے لگا آپ اجازت نہیں دیں گے

میری بیٹی کی پسند روحان ہے اس لیے میں مان گیا اگر کوئی اور ہوتا تو

میں منع کر دیتا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پریزے کی بات پر عرب مسکراتا ہوا بولا اور پھر سونے کے لیے لیٹ گیا

بجو ڈیڈ نے اجازت دے دی مجھے روحان سے ملنے کی

عمل بھاگتے ہوئے پریشے کے پاس آئی اور خوشی سے چیختی ہوئی بولی

کونگریچولیشنز جان اب تم سو جاؤ صبح جانا ہے

اوکے گڈ نائٹ بجو

عمل کے خوش ہو کر بتانے پر پریشے فوراً بولی تو عمل نے آگے بڑھ کر پریشے

کو گلے لگایا پھر بھاگ کر اپنے روم میں چلی گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریشے مجھے تم سے کچھ ضروری بات کرنی ہے

آج پریشے جب یونیورسٹی آئی تو اسے اپنے پیچھے سے ہارون کی آواز

سنائی دی اس کی بات سنتے ہی پریشے مڑی اور سینے پر ہاتھ باندھ کر

کھڑی ہوگئی

URDU NOVEL BANK

دراصل میں تم سے کافی دنوں سے یہ بات کرنا چاہ رہا تھا پر موقع

ہی نہیں ملا

تمہید باندھنا بند کرو مدے پر آؤ

ہارون کے بات کرنے سے پہلے تمہید باندھنے پر پریشے غصے سے

بولی

مجھے تمہارا ایڈریس چاہیئے میں تمہارے گھر اپنے پیرینٹس بھیجنا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چاہتا ہوں

اوح رئیلی!

ہارون کے مسکرا کر کہنے پر پریشے نے مذاق اڑانے کے انداز

میں بولا

پریشے ایم نوٹ جوکینگ تم مجھے بہت پسند ہو اور میں تم سے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شادی کرنا چاہتا ہوں

وہ تو ٹھیک ہے مگر تم اٹھارہ سال لیٹ ہو

مطلب؟

ہارون کی بات پر پریشے نے فوراً جواب دیا تو ہارون نے نا سمجھی

سے دوبارہ سوال کیا

مطلب یہ کہ میں الریڈی کسی اور کی ہو چکی ہوں اور وہ بھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اٹھارہ سال پہلے سو ایم سوری اب میرا راستہ چھوڑو

مگر تم تو ہو ہی صرف اٹھارہ سال کی

ہارون کے نا سمجھی سے بولنے پر پریشے نے فوراً جواب دیا تو

ہارون کچھ کنفیوزڈ سا بولا

میں اگلے مہینے انیس کی ہو جاؤں گی اور میرے پیرینٹس میرا

URDU NOVEL BANK

رشتہ میرے کزن سے کر چکے ہیں اب تم دفعہ ہو جاؤ یہاں سے

ایک دن ہنس کر بات کیا کر لو تم سب لڑکے اپنی اوقات پر آ

جاتے ہو

ہارون کے کنفیوز ہونے پر پریشے نے تفصیلی جواب دیا اور پھر

ہاتھ سے ہارون کو ہلکہ سا دھکہ دیتی اپنی کلاس کی طرف چلی گئی

ہاہاہاہاہا بڑا آیا تھا دیکھنا میں اس ڈیول کوئین کی کیسے بے عزتی

کرتا ہوں پوری یونیورسٹی کے سامنے بیٹا یہاں تو تیری ہی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بے عزتی ہو گئی

پریشے جے جانے کے بعد ہارون کا ایک دوست جواد درخت کے

پیچھے سے باہر نکل آیا اور پھر اس نے باقی دوستوں کے ساتھ مل

کر ہارون کا مذاق اڑانا شروع کر دیا

URDU NOVEL BANK

پریشے ریہان شاہ میری اس بے عزتی کا بدلہ تو میں تم سے ضرور لونگا دیکھنا تم

جواد کے مذاق اڑانے پر ہارون غصے سے پریشے کی بیک کو گھورتے ہوئے بولا اور پھر سیدھے اپنی کلاس میں چلا گیا اس نے آج فیصلہ کر لیا تھا کہ جو مرضی ہو جائے وہ پریشے سے بدلہ لے کر چھوڑے گا مگر وہ یہ نہیں جانتا تھا اس کا واسطہ ڈیول کوئین سے پڑا ہے اور ڈیول کوئین زندگیاں نگلنے کا ہنر جانتی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریشے جیسے ہی یونیورسٹی سے گھر آئی تو عمل بھاگتی ہوئی پریشے کے پاس آئی

بجو چلیں اسلام آباد؟

نہیں میرا دل نہیں کر رہا پھر کبھی چلیں گے

URDU NOVEL BANK

پریشے کے پاس آتے ہی عمل خوشی سے بولی تو پریزے اور صفیہ

نے مسکرا کر اسے دیکھا مگر پریشے کے منہ بنا کر کہنے پر عمل رونی

شکل بناتی پریشے کو دیکھنے لگی جسے وہ نظر انداز کرتی اپنے کمرے میں

بند ہو گئ

ممی مجھے روحان باس جانا

پریشے کے اندر جاتے ہی عمل پریزے کے پاس آئی اور اس کے

کندھوں پر ہاتھ رکھتی ضدی انداز میں بولی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب کس بات کی ضد کر رہی ہو تم؟

بھیا مجھے روحان پاس جانا بھو منع کر رہی آپ سمجھاؤں نہ اپنی

جانو کو

ابھی پریزے عمل کو کوئی جواب دیتی اس سے پہلے ہی پیچھے سے

پر مجھے تو ایسا نہیں لگا

پریزے اپنی بیٹی کو ایسے افسردہ دیکھ کر بولی تو عمل نے فوراً جواب دیا

URDU NOVEL BANK

عمل کا جواب سن کر پریزے نے مسکراتے ہوئے کہا تو اپنی ماں کی بات

سنتے پریزے کھڑی ہوگئی اور دیکھا کہ پریشے سپیڈ دیتی سب کو پیچھے چھوڑتی

فرسٹ پوزیشن پر پہنچ چکی تھی پریشے کو فرسٹ پر دیکھ کر عمل نے جمپ

لگاتے چیخ ماری تو سب لوگ عمل کی حرکت پر ہنسنے لگے مگر وہاں کوئی اور

بھی تھا جو عمل کی ان بچکانہ حرکتوں سے محظوظ ہو رہا تھا وہ ریس میں کم

اور عمل میں زیادہ توجہ دے رہا تھا جبکہ شاہ و ملک کے مکین اس بات سے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

انجان کہ ان کی ننھی پری لاڈلی عمل پر کس کی نظر پڑی ہے اور عمل پر

کیا قیامت ٹوٹنے والی ہے عمل کی حرکتوں پر مسکرا رہے تھے پھر اس

شخص نے اپنے خاص آدمی کو بلایا اور عمل کی طرف اشارہ کرتے عمل

کی ساری انفارمیشن نکالنے کا کہتا ریس کی طرف متوجہ ہوا پھر کچھ ہی

کی میگا ٹرافی کو پریشے (DWBR) دیر میں ریس ختم ہو گئی اور اس سال

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ریہان شاہ نے اپنے نام کیا جیسے ہی پریشے ٹرافی لے کر پریزے کے پاس

پہنچی تو عمل بھاگ کر پریشے کے گلے لگ گئی اور چٹا چٹ پریشے کے

گال کو چوم گئی جبکہ عمل کی یہ حرکت بھی کسی کی نظروں میں محفوظ ہو گئی

عمل کی اس حرکت پر شاہ و ملک کے مکین سب قہقہ لگا کر ہنسے کیونکہ پیلس

سے نکلنے سے پہلے عمل نے پریشے کو دھمکی دی تھی کہ اگر وہ یہ ریس نہ جیتی

تو وہ واپس پاکستان چلی جائے گی عمل پاکستان واپس جانے سے بچ گئی

تھی اور یہی اس کے لیے سب سے بڑی خوشی کی بات تھی ریس کے ختم

ہوتے ہی سب نے باہر کی راہ لی تبھی ایک ادھیڑ عمر کا شخص پریزے کے

سامنے آ کر کھڑا ہوا

ہیلو لیڈی کلر کیسی ہو؟

الحمدللہ مسٹر سیف

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

مسٹر سیف جو کہ بزنس کی دنیا میں ایک جانے مانے نام تھے اصل میں وہ ڈارک ورلڈ میں بھی ایک الگ پہچان رکھتے تھے ڈارک ورلڈ میں انہیں سب لوگ ایول کنگ کے نام سے جانتے تھے جو کہ پاکستان کے ڈون تھے پریزے ان کی دونوں پہچانوں کو بہت اچھے سے جانتی تھی جبکہ عرب اسے صرف بزنس کے لحاظ سے جانتا تھا مگر سیف کو یہاں دیکھ کر وہ یہ سمجھ گیا تھا کہ سیف کا بھی ڈارک ورلڈ سے کوئی تعلق ہے اور اس کے بارے میں پریزے سے بعد میں پوچھتا خاموش کھڑا رہا جبکہ مسٹر سیف اور پریزے آمنے سامنے کھڑے تھے سیف اپنے سوال کا جواب سن کر گہرا مسکرایا اور چل دیا جبکہ پریزے بس یہی سوچتی رہ گئی کہ آخر وہ اس کے راستے میں آیا کیوں تھا پھر اپنا سر جھٹکتی آگے بڑھ گئی اس بات سے انجان کہ ایول کنگ عرف مسٹر سیف اس کی زندگی میں کتنی بڑی تباہی

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

لانے والا ہے۔

اس وقت پیلس کا لاؤنج ڈارک ورلڈ کے ڈونز سے بھرا پڑا تھا

کو (DWBR) آج پریزے نے پیلس میں پارٹی رکھی تھی پریشے کی

جیتنے کی خوشی میں اس پارٹی کو رکھنے کی ایک وجہ اور بھی تھی

اور وہ یہ کہ پریشے کو آفیشلی ملائیشیا کی ڈون ڈیول کوئین اناؤنس کر

دیا جائے پریزے نے اس پارٹی میں ڈارک ورلڈ کے سب ہی

ڈونز کو بلایا تھا اور اب سب لوگ اس پارٹی میں شمولیت کے

لیے حاضر تھے جب سب لوگ جمع ہو گئے تو پریزے لال پارٹی

گاؤن میں نک سک سی تیار پیلس کی سیڑھیاں اترتی نظر آئی

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پریزے جیسے ہی آخری کی دو سیڑھیوں میں آکر رکی تو ایک ملازم

فوراً آگے بڑھا اور اس نے پریزے کو جوس کا گلاس آفر کیا جسے

پریزے نے فوراً تھام لیا جوس کا گلاس ہاتھ میں آتے ہی پریزے

نے فوراً اپنا جوس کے گلاس والا ہاتھ ہوا میں اٹھایا یہ ڈارک

ورلڈ میں سب کو خوش آمدید کہنے کا ایک انوکھا زریعہ تھا جبکہ ہوا

میں پریزے کا جوس والا ہاتھ دیکھتے پارٹی میں آئے سب مہمانوں

نے اپنا اپنا جوس والا ہاتھ ہوا میں اٹھایا یہ ان کا خوش آمدید

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وصول کرنے کا انوکھا طریقہ تھا جیسے ہی پریزے نے اپنے

مہمانوں کو خوش آمدید کہا تو تبھی سیڑھیوں سے پریشے اور عمل

ایک جیسا کالے رنگ کا پارٹی گاؤن پہنے نیچے آئی ان شہزادیوں

جیسی ٹھاٹھ باٹھ رکھنے والی لڑکیوں کو جو ایک پریزے کی بیٹی تو

URDU NOVEL BANK

دوسری پریزے کی کاربن کاپی تھی رشک سے دیکھا اور پھر وہاں

موجود بہت سے دلوں نے انہیں اپنی زندگی میں شامل کرنے کا

سوچا کچھ نے جائز طریقے سے تو کچھ نے ناجائز طریقے سے مگر

صرف سوچا کیونکہ اصل میں اگر وہ اپنی یہ خواہش پریزے کو

بتاتے تو جائز طریقے والوں کو تو شاید پریزے سزا دینے کے بعد

زندہ چھوڑ دیتی مگر ناجائز طریقے والوں کو پریزے پیلس کے

گارڈن میں اسی وقت زندہ درگور کر دیتی پریشے اور عمل چلتی

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ہوئی سیدھے آکر پریزے کے پاس کھڑی ہوئیں اور پھر آہستہ

آہستہ شاہ و ملک کے باقی مکین بھی پارٹی میں شامل ہو گئے وہاں

موجود سب لوگوں نے عمل اور پریشے کے بارے میں اپنی

خواہش کو پیچھے دھکیلا اور شارق ریہان ارحم روحان شازل اور

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عرب سے ملنے لگے جبکہ ایک شخص ایسا تھا جس نے عمل کے

بارے میں اپنی یہ خواہش کو ختم نہیں کیا تھا بلکہ وہ عمل کو خود

کے قریب کرنے کا فل پلین بنا چکا تھا جسے وہ جلد ہی پایا تکمیل

کو پہنچانے والا تھا سب لوگوں کو ملنے کے بعد شارق مائیک لیتا

سیڑھیوں کے آگے کھڑا ہوا

ایکسکیوز می ایوریون مے آئی ہیو یور اٹینشن پلیز

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

(Excuse me everyone may i have your

attention

Please)

شارق کی آواز جیسے ہی مائیک میں گونجی تو سب لوگ اپنی باتیں

بھلائیں شارق کی طرف متوجہ ہوئے

URDU NOVEL BANK

آج ملائیشیا کی ڈون لیڈی کلر آپ سب سے کچھ کہنا چاہتی ہے

شارق اپنی بات بولتا پریزے کو مائیک تھما گیا جو شارق کے پاس

کھڑی سب کو سپاٹ نظروں سے دیکھ رہی تھی مائیک تھامتے ہی

پریزے شارق کی جگہ پر کھڑی ہوئی

ہیلو ایوریون

ہیلو

پریزے کے ہیلو کرنے پر سب لوگوں نے اپنے گلاس اوپر کیے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ زحالے اس بات سے انجان جوش میں آتی زور سے پریزے

کو جواب دے گئی جسے پریزے نے مسکرا کر دیکھا

میری جان یہ تمہاری کیٹی پارٹی نہیں ہے یہ ڈارک ورلڈ کے ڈونز

کی پارٹی ہے یہاں کے رولز الگ ہوتے ہیں تو آپ پلیز زرا اپنے

URDU NOVEL BANK

جوش کو کنٹرول میں رکھیں یہ جوش رات کو کام آئے گا

ارحم جو زحالے کے ساتھ کھڑا تھا ہلکہ سا زحالے کے قریب جھکا

اور پہلے سمجھانے کے انداز میں اور بعد میں معنی خیزی سے بولا

تو زحالے نے اپنے شوہر کو گھور کر دیکھا اور پھر پریزے کی طرف

متوجہ ہوئی

جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں آج میں نے آپ سب کو یہاں

پریشے ریہان شاہ کی بائیک ریس جیتنے کی خوشی میں بلایا ہے مگر

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اس سب کے علاوہ میں نے آپ کو یہاں ایک اور وجہ سے بھی

بلایا اور وہ یہ ہے کہ میں آج سے پریشے ریہان شاہ کو ملائیشیا کی

ڈون ڈیول کوئین بناتی ہوں ہاں مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ

لیڈی کلر نے اپنی جگہ چھوڑ دی لیڈی کلر مرتے دم تک اپنی جگہ

URDU NOVEL BANK

پر قائم رہے گی مگر آج سے پریشے ریہان شاہ عرف ڈیول کوئین

ملائیشیا کی ڈون کہلائی جائے گی اور تو اور میرے سب پارٹنرز

اور نئے بننے والے پارٹنرز سب کو اب پریشے ڈیل کرے گی وہ

بھی اپنے طریقے سے

پریزے نے جیسے ہی اپنی بات ختم کی تو پیلس کا لاؤنج تالیوں

سے گونج گیا اور پھر انہی تالیوں کے بیچ پریشے سپاٹ چہرے

سے چلتی آئی اور پریزے کے ساتھ کھڑی ہو گئی عمل نے پریشے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کو دیکھ کر تھمز اپ کیا تو پریشے گہرا مسکرائی

ہیلو پریٹی گرل

اپنے پیچھے سے مردانہ آواز سن کر عمل جھٹکے سے مڑی اور خود کو

مخاطب کرنے والے کو دیکھا اپنے سامنے لوئیس متقائل کو دیکھ

کر عمل ہلکہ سا مسکرائی تبھی پریشے آکر عمل کے پاس کھڑی ہوئی

Congratulations devil queen Hope to enjoy working with you

مبارک ہو ڈیول کوئین امید ہے آپ کے ساتھ کام کر کے مزا آئے گا)

Thank you i hope so (شکریہ مجھے امید ہے)

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لوئیں کے مبارک دینے پر پریشے نے کھلے دل سے مبارک وصول کی اور پھر ریہان کے اشارہ کرنے پر ایکسکیوز کرتی ریہان کی طرف چل دی جبکہ پریشے کو جاتا دیکھ لوئیں ایک بار پھر عمل کی طرف متوجہ ہوا

I said hello to someone But no one answered me

(میں نے کسی کو ہیلو کیا تھا مگر کسی نے مجھے جواب نہیں دیا)

ہیلو لوئیس متھائل

پریشے کے جاتے ہی لوئیس کچھ سوچتے ہوئے بولا تو عمل نے ہنستے ہوئے جواب دیا عمل کے جواب پر لوئیس بھی ہنسنے لگا

So young lady what are you doing now a days

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

(تو آپ آج کل کیا کر رہی ہیں ینگ لیڈی؟)

Annoying my family (میرے خاندان کو پریشان کرنا)

لوئیس کے سوال پر عمل نے ہنستے ہوئے کہا تو لوئیس کو ہنسی آئی

Good Job (بہت اعلیٰ)

URDU NOVEL BANK

Thank you (شکریہ)

لوئیس کے ہنس کر بولنے پر عمل نے اتراتے کہا وہ دونوں باتیں کرتے لاؤنج سے لان میں آ گئے تھے پھر یوں ہی چند لمحے باتیں کرنے کے بعد لوئیس ایک قدم عمل کی طرف بڑھا

Amal Malik I want to talk to you about something important

(عمل ملک میں تم سے کچھ ضروری بات کرنا چاہتا ہوں)

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لوئیس کے بولنے پر عمل نے فوراً اثبات میں سر ہلایا

Will you be the queen of heart?

(کیا تم میرے دل کی ملکہ بنو گی؟)

I'm sorry lois but I'm already the queen of

someone's heart

(مجھے معاف کرنا لوئیس لیکن میں پہلے ہی کسی کی دل کی ملکہ ہوں)

لوئیس نے فوراً سے اپنی بات کہی تو عمل نے معذرت کی

May I know who that lucky person is?

(کیا میں جان سکتا ہوں کہ وہ خوش نصیب انسان کون ہے؟)

He's my cousin rohan rehan shah

(وہ میرا کزن ہے روحان ریہان شاہ)

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لوئیس کے سوال پر عمل نے ہاں میں سر ہلاتے جواب دیا تبھی

روحان عمل اور لوئیس کو لان میں اکیلا دیکھتا ان کی طرف بڑھا

عمل تم یہاں کیا کر رہی ہو؟

روحان میں ابھی لوئیس کو تمہارے بارے میں ہی بتا رہی تھی

URDU NOVEL BANK

روحان عمل کے پاس کھڑا ہوتا غصے سے بولا تو عمل نے فوراً مسکراتے جواب دیا جبکہ لوئیس روحان کی تنی رگیں دیکھ کر معاملہ سمجھتا ایکسکیوز کرتا وہاں سے چلا گیا لوئیس متقائل اگر یہ بات جانتا ہوتا کہ عمل پہلے سے ہی کسی اور کی ہو چکی ہے تو وہ کبھی بھی عمل کو پروپوز نہ کرتا اور عمل کو پروپوز کرنے کی وجہ صرف اور صرف عمل کی معصومیت اور پریزے سے انسیت تھی وہ ان مردوں میں سے تھا جو ایک آزاد ماحول میں رہنے کے باوجود بھی عورتوں کی عزت کرنا نہیں بھولتا تھا بھلے سے وہ عورت کسی بھی قسم کی ہو لوئیس کے جاتے ہی عمل اور روحان بھی واپسی لاؤنج میں آ گئے اور پھر کھانا کھانے کے بعد سب لوگ اپنے اپنے گھروں کو چل دیے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

سب لوگ پارٹی سے تھک کر اپنے کمرے میں سونے جا چکے تھے

زحالے بھی ڈریس چینج کرتی نائیٹ سوٹ پہن کر ڈریسنگ کے

آگے کھڑی بال برش کرنے میں مصروف تھی تبھی ارحم روم

کا دروازہ کھولتا اندر داخل ہوا زحالے کو ڈریسینگ کے سامنے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کھڑا دیکھ کر ارحم مسکراتا ہوا زحالے کی طرف آیا اور اس

کے پیچھے کھڑا ہوتا ہاتھ سے اس کے کندھے سے بال ہٹاتا اپنے

لب رکھ گیا

ارحم کیا کر رہے ہیں؟ چھوڑیں

URDU NOVEL BANK

خاموشی سے کھڑی رہیں زحالے آپ جانتی ہیں نہ مجھے آپ کی

مزاحمت بلکل پسند نہیں

زحالے کندھا چھڑواتی بولی تو ارحم نے زحالے کو گھور کر دیکھا

پھر ہلکے غصے سے بولا تو زحالے خاموش ہو گئی زحالے کی چپی

محسوس کرتے ارحم نے ایک جھٹکے سے زحالے کو گود اٹھایا

اور لیجا کر اسے بیڈ پر لیٹایا اور خود اس پر سایہ فگن ہوا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارحم باز آ جاؤ تم اپنی حرکتوں سے کسی دن بہت ماروں گی میں

تمہیں ہر وقت رومینٹک رہتے ہو میں تو تمہیں اتنا معصوم

سمجھتی تھی اسی لیے شادی کے لیے ہاں کی تھی اگر مجھے پتہ

ہوتا تم ایسے نکلو گے تو میں کبھی ہاں نہ کرتی

اچھا جی مگر افسوس جانم اب تو آپ پھنس گئیں اب چپ

URDU NOVEL BANK

چاپ سے میری شدتیں برداشت کریں وہ بھی بنا مزاحمت کے

زحالے منہ بناتی ارحم کے کندھے پر اپنے نازک ہاتھ کا مکہ مارتی

بولی تو ارحم نے افسوس سے سر ہلایا اور جواب دیا پھر بنا

زحالے کی ایک سنے زحالے کے بالوں میں منہ چھپا گیا جبکہ

ارحم کو باز نہ آتا دیکھ کر زحالے خود کو ارحم کے رحم و کرم پر

چھوڑ گئی اور پھر رات یوں ہی قطرہ قطرہ سرکتی گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ناشتے کی ٹیبل پر سب لوگ بیٹھے ناشتہ کرنے میں مصروف تھے

جب زحالے چکراتے سر کے ساتھ آ کر ٹیبل پر بیٹھی اور ناشتہ

کرنے لگی

زحالے ارحم کہاں ہے بیٹا؟

ممی وہ شاید جوگنگ پر گئے ہیں

URDU NOVEL BANK

پریزے کے سوال پر زحالے نے فوراً جواب دیا تو پریزے سر

ہلاتی واپسی ناشتے کی طرف متوجہ ہوئی تبھی ڈائینگ ہال میں

عمل داخل ہوئی

آج ہم گھومنے کہاں جا رہے ہیں؟

تمہارے چاچو کی فیورٹ جگہ جا رہے ہیں آج ہم

عمل نے ڈائینگ ہال میں داخل ہوتے ہی چہکتے ہوئے پوچھا

تو عرب نے مسکراتے ہوئے جواب دیا جس پر عمل ناشتہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کرتے ریہان کو گھورنے لگی

ہم میرے راوا آئیلینڈ جا رہے ہیں

خود پر عمل کی نظریں محسوس کرتے ریہان فوراً بولا تو عمل نے

ہاں میں سر ہلایا اور ناشتہ کرنے بیٹھ گئی جب سب نے ناشتہ کر

URDU NOVEL BANK

لیا تو سب اٹھ کر لاؤنج میں آگئے زحالے جیسے ہی لاؤنج میں

پڑے صوفوں تک پہنچی تو اسے چکر آیا چکر اتنا شدید تھا کہ

زحالے پیچھے کو گرنے لگی جسے باہر سے آتے ارحم نے فوراً

سہارا دے کر کھڑا کیا جبکہ زحالے کو ایسے گرتے دیکھ کر سب

لوگ پریشان ہو گئے

یا اللہ خیر کیا ہو گیا میری بچی کو

شائستہ بی بی زحالے کو دیکھتی بولی تو پریزے بھی کھڑی ہوتی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زحالے کے پاس پہنچی

کیا ہوا زحالے آپ ٹھیک ہو؟

جی ممی میں ٹھیک ہوں پر پتہ نہیں کیوں صبح سے مجھے شدید چکر

آ رہے ہیں اور ابھی بھی مجھے چکر ہی آیا تھا اگر ارحم نہ پکڑتا تو

URDU NOVEL BANK

میں گر جاتی

پریزے کے پریشانی سے پوچھنے پر زحالے نے فوراً جواب دیا تو

پریزے بھی اس کی بات سن کر پریشان ہو گئی جبکہ علیزے

اٹھتی فوراً زحالے کے سامنے آ کر کھڑی ہوئی

زحالے تمہیں چکر صبح سے آ رہے ہیں یا پہلے بھی آ رہے تھے

پھوپھو دو تین دن سے تو ہلکے ہلکے آتے تھے اور کبھی کبھی مگر

آج صبح سے بہت تیز آ رہے ہیں اور مسلسل آ رہے ہیں

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اور الٹی بھی آ رہی ہے کیا؟

علیزے کے سوال پر زحالے نے پریشانی سے جواب دیا تو

علیزے نے دوبارہ سوال کیا

نہیں الٹی تو نہیں آئی مگر ایسے فیل ہوتا ہے کہ آ جائے گی

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور کیا ہو رہا ہے تمہیں؟

سچ بتاؤں تو میرا دو تین دن سے گول گپے کھانے کو دل کر رہا مگر

یہاں تو ملیں گے ہی نہیں

علیزے کا سوال سن کر زحالے نے جواب دیا تو علیزے ہلکہ

سا مسکراتی ہوئی دوبارہ بولی تو زحالے نے سر جھکا کر جواب دیا

دی دی آپ زحالے کو ہسپتال لے جائیے مجھے لگ رہا ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ دادی بننے والی ہیں

علیزے کے مسکرا کر بتانے پر پریزے جھٹکے سے علیزے کی

طرف مڑی جبکہ پریزے کی اس حرکت پر جہاں زحالے نے

سر جھکایا وہیں علیزے نے حیرانگی سے پریزے کو دیکھا

میں کیا اتنی چھوٹی عمر دادی بن جاؤنگی؟

URDU NOVEL BANK

افففف دی دی عمل مت بنیں اب اتنی بھی چھوٹی نہیں آپ

علیزے کی بات سن کر پریزے کو اپنی ہی فکر لگ گئی جبکہ

علیزے کے جل کر بولنے پر پریزے خاموش ہو گئی

ارحم جاؤ بیٹا زحالے کو ہوسپیٹل لے جاؤ اور اپنے ساتھ گارڈز

لازمی لے کر جانا

ریہان کے بولنے پر ارحم سر ہلاتا زحالے کو ہوسپیٹل لے گیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ سب لوگ آنے والی اس خوش خبری کا بے صبری سے

انتظار کرنے لگے ارحم نے کوالالمپور ہوسپیٹل پہنچتے ہی

زحالے کا چیک اپ کروایا چیک اپ کرتے ہی ڈاکٹر نے

انہیں ایک نئے مہمان کی ان کے گھر آمد بتائی تو زحالے اور

ارحم خوشی سے چہکے اور پیلیس جا کر سب کو ایک ساتھ بتانے

URDU NOVEL BANK

کا سوچتے پیلس کا رخ کر گئے ارحم اور زحالے جیسے ہی پیلس

کے لاؤنج میں داخل ہوئے تو عمل بھاگتی ہوئی ان دونوں تک

پہنچی

بتاؤ کیا ہوا آپو کو؟

عمل تمہاری آپو کو کچھ نہیں ہوا شی از فائن ہاں مگر جلد تم بڑی

ہونے والا ہے

عمل کے پریشانی سے پوچھنے پر ارحم نے مسکراتے کہا تو عمل

نے ارحم کو گھور کر دیکھا

مطلب؟

تم پھو پھو بننے والی ہو زحالے کنسیو کر رہی ہے

سچی-----آآآآآآآآآآآآ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عمل کے ائیبرو ریز کر کے پوچھنے پر ارحم نے مسکراتے ہوئے جواب دیا تو عمل خوشی سے پوچھتی چیخ مار گئی جبکہ عمل کے چیخنے پر جہاں زحالے مسکرائی وہیں ارحم نے اپنے دونوں کانوں میں انگلیاں ٹھونسی

پاگل عورت بہرہ کرو گی کیا ہمیں

تم تو چپ ہی رہو

عمل کے چیخنے مارنے پر ارحم فوراً بولا تو عمل جل کر جواب دیتی زحالے کا بازو پکڑتی اسے کھینچتے ہوئے لائی اور صوفے پر بیٹھا گئی اور جھک کر زحالے کے پیٹ پر اپنا کان رکھا

یہ تم کیا کر رہی ہو عمل؟

ششششش میں بے بی کی آواز سن رہی ہوں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عمل کی حرکت پر پریشے پریشانی سے بولی تو عمل نے منہ پر

ہاتھ رکھ کر چپ رہنے کا کہتی فوراً جواب دے گئی جبکہ عمل کی

بات سن کر پریشے کا پورے کا پورا منہ کھل گیا

عمل کیا تم پاگل ہو

آواز کیوں نہیں آرہی ہیلو بے بی تم سن رہے ہو جواب دو

میں تمہاری اکلوتی پھوپھو ہوں

پریشے کی بات کو عمل سرے سے اگنور کرتی زحالے کے پیٹ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پر انگلی مارتی بولی تو پیلس کے لاؤنج میں سب کا ایک جاندار

قہقہ گونجا جبکہ سب کو ہنستا دیکھ کر عمل منہ بنا کر بیٹھ گئی

چھوڑو اس پاگل کو تم ادھر آؤ زحالے ہمارے پاس

عمل کی حرکت پر صفیہ بولی تو زحالے مسکراتے ہوئے اٹھ کر

URDU NOVEL BANK

صفیہ اور شائستہ بی بی کے بیچ میں جا کر بیٹھ گئی پھر صفیہ اور

شائستہ بی بی اسے پیار کرنے لگی

زحالے کی طبیعت آج ٹھیک نہیں ہے تو ہم لوگ کل راوا

آئیلینڈ چلے گے آج رہنے دو

ٹھیک ہے پھر اگر آپ لوگ نہیں جا رہے تو میں شاپنگ پر

چلی جاتی ہوں روحان کے ساتھ

عرب کی بات سن کر سب نے ہاں میں سر ہلایا تو عمل منہ بناتی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بولی جس پر عرب ہاں میں سر ہلاتا اسے اجازت دے گیا اس

بات سے بے خبر کے وہ اپنی بیٹی کو شاپنگ پر بھیج تو رہا ہے

مگر وہ دوبارہ اسے نہیں ملنے والی عرب کی اجازت ملتے ہی عمل

بھاگ کر اپنا بیگ لے آئی اور روحان کے ساتھ شاپنگ پر نکل

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

گئی۔

روحان اور عمل سیدھے پویلین کوالالمپور مال شاپنگ کرنے

پہنچے عمل نے راوا ائیلینڈ جانے کے لیے اپنے اور روحان

کے لیے بلکل ایک جیسی بیچ پر پہننے والی شرٹ لی پیلے رنگ

کی شرٹ پر ایک پورا ائیلینڈ بنا دیکھ کر عمل کو وہ شرٹ اتنی پسند آئی کہ اس نے

فوراً خرید لی جبکہ عمل کو خود کے لیے

بھی وہ شرٹ خریدتا دیکھ کر روحان نے عمل کو گھورا جسے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عمل سرے سے اگنور کر گئی تو روحان خاموشی سے کھڑا رہا

تقریباً دو گھنٹے مال میں گھومنے اور شاپنگ کرنے کے بعد عمل روحان کی طرف

مڑی

روحان مجھے بوت جیادہ بھوک لگی ہے

URDU NOVEL BANK

تو چلو کچھ کھا لیتے ہیں

عمل کے معصوم سی شکل بنا کر پیار سے بولنے پر روحان مسکراتا ہوا اسے لے کر ایک قریبی ریسٹورنٹ آ گیا اور

دونوں نے مل کر خوب مزے سے کھانا کھایا جیسے ہی وہ

دونوں ریسٹورنٹ سے باہر نکلے تو روحان عمل کو گاڑی کا

ویٹ کرنے کا کہتا خود گاڑی لینے چلے گیا گھر سے گارڈز تو عمل نے ویسے ہی ساتھ لانے نہیں دیے تھے کیونکہ عمل

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میڈم کو روحان کے ساتھ اکیلے ٹائم سپینٹ کرنا تھا اور

بقول عمل کے گارڈز انہیں ڈسٹرب کرتے عمل ریسٹورنٹ

کے باہر کھڑی ہوتی روحان کا ویٹ کرنے لگی تبھی عمل کو اپنی گردن پر چبھن سی محسوس ہوئی اور پھر چند ہی لمحوں

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں عمل ہوش و حواس سے بیگانہ ہو گئی آخری چیز جو عمل

کو یاد تھی وہ بس یہ تھی کہ کوئی اس کے وجود کو اٹھا کر گاڑی

میں ڈال رہا ہے جس کا مطلب صاف تھا کہ عمل کیڈنیپ ہو گئی ہے روحان

جب گاڑی لے کر ریسٹورنٹ تک پہنچا تو

عمل کو وہاں کھڑا نہ پا کر پریشان ہو گیا اور اتر کر عمل کو

ڈھونڈنے لگا اب اگر یہ پاکستان ہوتا تو عمل اسے کسی بھی

ٹھیلے پر کچھ کھاتے پیتے کھڑے ملتی مگر یہ ملائیشیا تھا یہاں تو ٹھیلے تھے ہی نہیں

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

پھر روحان عمل کو فون کرنے لگا مگر ہر بار

کال پر ایک ہی آواز آتی "آپ کا مطلوبہ نمبر فلحال بند ہے

برائے مہربانی کچھ دیر بعد کوشش کریں" عمل کا فون سوئچ

URDU NOVEL BANK

آف جاتا دیکھ کر روحان کو کچھ گڑبڑی کا احساس ہوا کیونکہ عمل ہمیشہ اپنا

موبائل آن رکھتی تھی اور ہمیشہ اپنے ساتھ

پاور بینک رکھتی تھی بھئی آخر اسے بھی تو اپنی دوستوں کو

سنیپ چیٹ سٹریک کے زریعے بتانا ہوتا تھا کہ وہ کب اور

کہاں کس کے ساتھ گھوم رہی ہے پھر روحان عمل کی تصویر دیکھاتا ریسٹورنٹ

کے قریب بیٹھے لوگوں کو پوچھنے لگا

تو ایک آدمی نے اسے بتایا کہ ایک آدمی نے پیچھے سے آکر کسی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وائٹ فلیپر اور کالی ٹاپ پہنی لڑکی کی گردن میں کچھ کیا تھا

اور پھر چند ہی لمحوں میں وہ لڑکی چکرا کر گرنے والی تھی کہ اس آدمی نے اسے

سہارا دیا اور ایک گاڑی میں ڈال کر

اپنے ساتھ لے گیا میں نے نہ اس آدمی کا چہرہ دیکھا ہے نہ

URDU NOVEL BANK

اس لڑکی کا جبکہ اس آدمی کے بتائے گئے لڑکی کے حلیے کے

مطابق وہ عمل ہی تھی اور روحان کو کنفرم ہو گیا کہ عمل کا کسی نے کیڈنیپ

کر لیا ہے پھر روحان فل سپیڈ میں ڈرائیو

کرتا پیلس پہنچا اور ساری بات پریزے کو بتائی روحان کی

بات سن کر پریشے اور پریزے کے سوا گھر کی ساری خواتین

رونے لگی جبکہ روحان کی بات سن کر عمل اور پریشے دونوں کی آنکھیں پل میں

لال ہو گئیں ریہان عرب شارق شازل

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور ارحم بھی پریشان ہو گئے کیونکہ سب اچھے سے جانتے

تھے کہ ڈارک ورلڈ میں جب ایک لڑکی کیڈنیپ ہوتی ہے تو

اس کے ساتھ کیا کچھ کیا جاتا ہے صرف دس منٹ میں پریشے اور پریزے نے

پورے ڈارک ورلڈ کو سایاپہ ڈال دیا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تھا جبکہ لیڈی کلر کے ساتھ ساتھ ڈیول کوئین کا غصہ بھی دیکھ

کر ڈارک ورلڈ والے بھی اس شخص کے لیے پریشان تھے

جس نے دو زخمی شیرنیوں کے منہ میں ہاتھ ڈالنے کی کوشش کی تھی اور اب وہ

شیرنیاں نہ صرف پورے ڈارک ورلڈ کو

نچا رہی تھیں بلکہ کسی کا بھی خون کرنے کو تیار تھی جبکہ اپنی

موت سامنے دیکھ کر ڈارک ورلڈ والے پریزے اور پریشے

کے قہر سے خود کو بچانے کی خاطر اس شخص کو ڈھونڈنے لگ گئے تھے جس نے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ کام سر انجام دیا تھا تقریباً سات

گھنٹے بعد پریشے کو خبر ملی تھی کہ عمل کو کیڈنیپ کر کے اسی

وقت پاکستان بھیج دیا گیا تھا تبھی تو عمل کو ملائیشیا میں

URDU NOVEL BANK

ڈھونڈنے سے بھی وہ نہیں ملی تھی جیسے ہی پریشے کو یہ خبر کنفرم ہوئی تو شاہ و ملک کے مکین پہلی ہی فلائٹ لے کر

پاکستان اپنی لاڈلی کو ڈھونڈنے پہنچ گئے تھے اس بات سے بے خبر کے ان میں سے کوئی بھی اب کبھی بھی عمل کو دیکھ نہیں پائے گا۔

کشف کو جیسے ہی شازل کی واپسی کی رپورٹ ملی تو وہ فوراً شازل سے ملنے شاہ ویلا پہنچی مگر شاہ ویلا کا ماحول دیکھ کر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کشف حیران ہوئی کیونکہ یہ دو وہ خاندان تھے جو ہمیشہ خوش رہتے تھے مگر آج وہ دونوں خاندان ہی گم سم بیٹھے تھے جیسے اللہ معاف کرے ان کا کوئی عزیز مر گیا ہو کشف شارق کو

ملتی سیدھی شازل کے کمرے میں آئی مگر شازل کے لیپ

URDU NOVEL BANK

ٹاپ پر زحالے کو بیٹھا دیکھ کر اس نے گندا سا منہ بنایا اور

بنا زحالے کو اپنی موجودگی کا احساس دلاتے وہاں سے الٹے قدم باہر نکلی اور پورے
شاہ ویلا میں شازل کو ڈھونڈنے لگی

اور اس کی تلاش جلد ہی ختم ہوئی جب اسے شازل شاہ ویلا

کے ٹیرس پر کھڑا نظر آیا وہ بھاگ کر آئی اور پیچھے سے شازل

کی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیے جبکہ اپنی آنکھوں پر کسی کا ہاتھ محسوس کر کے شازل
فوراً اس ہاتھ کو پکڑتے پلٹا اپنے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سامنے کشف کو دیکھ کر شازل نے آہستہ سے اس کا ہاتھ

چھوڑ دیا جبکہ ٹیرس کے دروازے پر کھڑی پریشے یہ سب

دیکھتی خاموشی سے وہاں سے نکل گئی وہ اس وقت شازل سے بحث نہیں کرنا
چاہتی تھی جبکہ شازل جو اس بات سے

URDU NOVEL BANK

انجان تھا کہ پریشے اسے دیکھ چکی ہے کھڑا کشف سے حال

احوال پوچھنے لگا۔

کوئی بھی رات میں ٹھیک سے سو نہیں پایا تھا اور اب

سب لوگ اٹھتے فریش ہوتے بوجھل دل کے ساتھ

ناشتے کی ٹیبل پر پہنچے تھے اور انتہائی خاموشی سے سب

نے ناشتہ کیا تبھی انہیں مین ڈور کی آواز سنائی دی تو

سب نے دروازے کی طرف دیکھا جہاں پریشے رف

اینڈ ٹف حلیے میں اندر داخل ہوئی تھی پریشے کو اتنی

صبح کہیں سے آتے دیکھ کر سب پریشان ہو گئے

تم اس وقت کہاں سے آ رہی ہو پریشے؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ماموں میں جب تک پریزے اور عمل کے گنہگاروں

کو جہنم واصل نہ کر دوں تب تک مجھے سکون نہیں

آئے گا بس اسی سلسلے میں گئی تھی

شارق کے سوال پر پریشے فوراً بولی اور سیدھے جا کر

اپنے روم میں بند ہو گئی جبکہ اس کی لہو دیتی آنکھوں

کو دیکھ کر شارق خاموش ہو گیا پریشے کے جانے کے

بعد ایک گارڈ فوراً اندر داخل ہوا اور پولیس والوں کی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آمد ایک دفعہ پھر شاہ ویلا میں بتاتا باہر نکلا اور تبھی دو

پولیس اہلکار شاہ ویلا کے لاؤنج میں داخل ہوئے

اسلام و علیکم مسٹر شارق

وعلیکم السلام جی کہیے کیسے آنا ہوا؟

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پولیس والے کے سلام کرنے پر شارق نے پریشانی

سے جواب دیتے سوال کیا

دراصل ہمیں ایک لڑکی کی لاش ملی ہے اس کی عمر

تقریباً بائیس سال ہے اور کالے بال ہیں چہرہ پورا

خراب ہو چکا ہے جس کی وجہ سے لاش کی تصدیق کر

پانا انتہائی مشکل کام ہے ہمیں عمل ملک کی کیڈنیپینگ

کا پتہ تھا اسی لیے آپ کے پاس آئے ہیں کیونکہ حلیے

سے وہ ہمیں عمل ملک لگی ہے مگر جب تک لڑکی کا

ڈی-این-اے ٹیسٹ نہیں ہو جاتا تب تک کچھ نہیں

کہہ سکتے ہم چاہتے ہیں عرب ملک ہمارے ساتھ چلیں

کیونکہ پریزے عرب ملک کا ڈی-این-اے اس باڈی

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سے میچ نہیں ہوا اور عموماً بچوں کا ماں یا باپ میں

سے کسی ایک سے ہی ڈی-این-اے میچ کرتا ہے تو

اب یہ دیکھنا ہے کہ عرب ملک کا ڈی-این-اے میچ

کرتا ہے یا نہیں

لڑکی کی حالت کیسی ہے؟

الفاظ تھے یہ سیسہ جو شاہ و ملک کے مکینوں کے کانوں

میں پڑا تھا ان پر ایک نئی قیامت ٹوٹی تھی ایک ہفتے

میں یہ تیسری بری خبر تھی جسے سن کر شاہ و ملک کے

مکین دنگ رہ گئے تھے پولیس اہلکار کی بات سن کر

شارق نے ڈرتے ہوئے سوال کیا

دیکھیں باڈی کا ٹیسٹ تو کیا ہے ہم نے اس لڑکی کے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ساتھ دس لوگوں سے زیادہ نے زیادتی کی ہے اور پھر

اسے مسلسل ٹورچر بھی کرتے رہے ہیں---

بس کریے پلیز میں چلتا ہوں آپ کے ساتھ

پولیس والے کی بات سن کر عرب کو اپنا دل بند ہوتا

محسوس ہوا اس نے فوراً سے پولیس والے کو مزید

آگے بولنے سے منع کر دیا اور پھر پولیس والوں کے

ساتھ چل پڑا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رکو عرب میں اور ریہان بھی تمہارے ساتھ چلتے ہیں

روحان ارحم شازل گھر کا خیال رکھنا

شارق کی بات سن کر سب نے ہاں میں سر ہلایا تو

ریہان عرب اور شارق پولیس والوں کے ساتھ چل

URDU NOVEL BANK

دیے جبکہ کوئی بری خبر آنے کے چکر میں گھر کی عورتوں

کا رو رو کر برا حال تھا۔

عرب ایک پولیس اہلکار کے پیچھے چلتے ایک لیب کے

اندر گھسا اور پھر اس لیب کے عملے میں سے ایک نے

آگے بڑھ کر عرب کے خون اور تھوک کا سیمپل لیا

اور پھر اسے جانے کا کہہ دیا ڈی-این-اے ٹیسٹ کی

رپورٹ ایمرجنسی طور پر بنوائی گئی جس کے لیے عملے

نے دو گھنٹوں کا وقت مانگا تو عرب ریحان اور شارق

پریزے سے ملنے آگئے پریزے کو ریڈ لائیٹ کیبن میں

رکھا گیا تھا اس کی چاروں طرف کی دیواریں لوہے کی

تھی پریزے ایک بینچ پر بیٹھی دونوں بازو اپنے گھٹنوں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پر رکھے دونوں ہاتھوں میں سر ٹکائے بیٹھی تھی دروازہ

کھلنے کی آواز پر بھی پریزے نے سر اٹھا کر نہیں دیکھا تھا

ریہان عرب اور شارق اندر آئے تو اپنی لیڈی کلر کو

ایسے سر جھکائے ہارا ہوا دیکھ کر ریہان اور شارق کے

دل میں ٹیس اٹھی جبکہ اپنے عشق کو اس حالت میں

دیکھ کر عرب کا دل کیا کہ وہ پریزے کو ابھی وہاں سے

لے کر بھاگ جائے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ لیڈی کلر کے کیبن میں آئے تھے اور لیڈی کلر تو

لوگوں کو ان کی خوشبو سے ہی پہچان لیتی ہے تو وہ ان

لوگوں کو کیسے نہ پہچانتی

شارق گھر میں سب کیسے ہیں؟

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کچھ بھی ٹھیک نہیں پریزے سب لوگ پریشان ہیں

شائستہ بی بی اور صفیہ امی نے رو رو کر اپنا برا حال کیا

ہوا ہے اور پریشے تمہارے اور عمل کے گنہگاروں کو

ڈھونڈنے کے لیے گھن چکر بنی ہوئی ہے اور یہ پولیس

والے کہہ رہے ہیں کہ عمل اس دنیا میں---

پریزے کے سوال پر ریہان فوراً بولا اور پھر بات

ادھوری چھوڑ گیا جبکہ ریہان کی ادھوری بات کا مطلب

سمجھتے ہوئے پریزے نے سر اٹھایا

ایسا کبھی نہیں ہوگا ریہان وہ میری لاڈلی ہے وہ مجھے ایسے

اکیلا نہیں کر سکتی میرا ڈی-این-اے اس لڑکی سے میچ

نہیں ہوا نہ تو عرب کا بھی نہیں ہو گا تم دیکھ لینا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پریزے کی بات سن کر ریہان نے ہاں میں سر ہلایا تو

پریزے باقی سب کچھ شارق اور عرب سے پوچھنے لگی

کافی وقت گزرنے کے بعد ایک پولیس اہلکار پریزے

کے کیبن میں داخل ہوا

سر آپ لوگوں کو یہاں بہت وقت ہو گیا ہے اب آپ

لوگ مزید یہاں نہیں بیٹھ سکتے اور سر نے کہا ہے یہاں

سے آپ لوگ سیدھا لیب چلے جائیں ریزلٹس آنے

والے ہونگے

پولیس اہلکار کی بات سن کر عرب نے ہاں میں سر ہلایا

اور کھڑا ہوا ابھی وہ پریزے کو مل ہی رہے تھے کہ

دوسرا پولیس اہلکار بھاگتا ہوا اندر آیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سر ٹیسٹ کے ریزلٹس آ گئے ہیں اور اس باڈی کا

ڈی-این-اے عرب ملک کے ڈی-این-اے سے

میچ کر گیا ہے جس کا مطلب ہے وہ باڈی عمل ملک کی

ہے

پولیس والے کی بات سن کر عرب ایک دم پیچھے کو گرا

جسے فوراً ریہان نے سنبھالا جبکہ عمل کی موت کا سن کر

پریزے کی آنکھوں سے آنسو مسلسل بہنے لگے وہ دونوں

ہی پکے اعصاب کے لوگ تھے مگر آج اپنی گود اجڑتے

دیکھ کر دونوں رو پڑے تھے اپنی جس بیٹی کو اتنے ناز

نخروں سے نہ صرف پالا تھا بلکہ اس کر ہر خواہش پوری

کی تھی آج وہی بیٹی انہیں چھوڑ گئی تھی

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ سب میری وجہ سے ہوا ہے نہ میں ڈارک ورلڈ کا حصہ

بنتی نہ میری بیٹی کے ساتھ یہ سب ہوتا

پری پاگل ہو گئی ہو سنبھالو خود کو پلیز سب ٹھیک ہو

جائے گا انشاءاللہ

پریزے کی بات سن کر شارق تڑپ کر بولا تو پریزے

نفی میں سر ہلاتی رونے لگی

سر آپ لوگ یہاں نہیں رک سکتے پلیز

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پولیس اہلکار ایک ہاتھ سے باہر کی طرف اشارہ کرتا بولا تو

ریہان عرب اور شارق کو نہ چاہتے ہوئے بھی روتی ہوئی

پریزے کو چھوڑ کر باہر جانا پڑا وہ تینوں جیسے ہی پریزے

کے کیبن سے باہر آئے تو ایک بار پھر پریزے کو اس کیبن

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں بند کر دیا گیا اور جب تک عدالت پریزے کے کیس

میں مزید کوئی اپنا فیصلہ نہیں سنا دیتی تب تک پریزے سے

ملنے کی اجازت بھی ختم کر دی گئی وہ تینوں جیسے ہی شاہ

ویلا کے لاؤنج میں داخل ہوئے تو انہوں نے سب کو

روتا پایا جس کا مطلب صاف تھا کہ عمل کی موت کی خبر

شاہ ویلا تک پہنچ چکی ہے وہ تینوں خاموشی سے جا کر لاؤنج

کے صوفوں پر بیٹھ گئے اور تبھی شاہ ویلا کے پورچ میں

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ایک ایمبولینس آ کر رکی جس میں عمل کی باڈی کو گھر لایا

گیا تھا عمل کی باڈی کو سفید کفن میں لپیٹے دیکھ کر شارق

بھی ڈھ گیا شازل بھی روتا ہوا اپنی لاڈلی کی باڈی کو دیکھتا

شارق کے ساتھ بیٹھ گیا جبکہ باقی سب کھڑے رو رہے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تھے اور کیوں نہ روتے آخر گھر میں جوان موت ہوئی تھی

اور وہ بھی اس کی جو شاہ و ملک کے مکینوں کی جان اور

سب کی لاڈلی تھی عمل ملک آج اپنی موت کے ساتھ

ساتھ شاہ و ملک کے مکینوں کی ہنسی بھی چھین کر لے گئی

تھی جبکہ عمل کی موت سے سب سے زیادہ نقصان روحان

کا ہوا تھا وہ تو جیسے سانس لینے والی ایک مشین بن گیا تھا

عمل اس کا عشق تھی عمل کے بغیر اسے ہمیشہ اپنی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زندگی ادھوری لگتی تھی جبکہ آج عمل واقع ہی روحان

کو ادھورا کر گئی تھی روحان کو بے ساختہ وہ وقت یاد

آیا جب عمل روحان سے شادی کرنے کی ضد کرتی اسے

کوئی کام نہیں کرنے دے رہی تھی اور جب روحان نے

URDU NOVEL BANK

شادی سے منع کر دیا کہ فلحال وہ شادی نہیں کر سکتا ابھی

اسے گھر بنانا ہے تو عمل غصے میں اپنی مر جانے کی دعا

کرتی روحان کو ادھورا کرنے کا کرتی اور اس کے مرنے

کے بعد اپنی محبت کی قدر کرنے کا کہتی وہاں سے چلی گئی

تھی اور اس دن کی کہی ساری باتیںآج روحان کو یاد آرہی

تھیں وہ ایک زندہ لاش بن گیا تھا جو نہ رو رہا تھا نہ ہنس رہا

تھا بلکہ بلکل خاموش شاہ ویلا کے گیٹ پر کھڑا اپنے عشق

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کو کفن میں لیپٹا دیکھ رہا تھا اس دن عمل اسے وہ سب تو

کہہ گئی تھی مگر وہ یہ بات نہیں جانتی تھی کہ روحان اس

کے پیار کی کتنی قدر کرتا ہے اور نہ وہ یہ جانتی تھی کہ اس

کے منہ سے نکلے الفاظ جلد سچ ہو جائیں گے اسی لیے کہتے

URDU NOVEL BANK

ہیں کہ بھلے آپ غصے میں ہو خوش ہوں یا دکھی ہوں ہمیشہ

اپنی زبان سے اچھے الفاظ ادا کرنے چاہیئے نہ خود کے لیے

برے الفاظ ادا کرو نہ دوسروں کے لیے نجانے کون سا

وقت قبولیت کا ہو اور آپ کے منہ سے نکلے وہ الفاظ

قبول ہو جائیں جس کا خمیازہ بعد میں دوسروں کو آپ کو

خود کو یا پھر آپ کے گھر والوں کو بھگتنا پڑے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سب لوگ عمل کی باڈی کو کفن میں دیکھ کر بے حال

تھے عرب کا بھی برا حال تھا آخر اس کی جوان بیٹی کی

موت ہوئی تھی اور وہ بھی اتنے برے طریقے سے وہ

URDU NOVEL BANK

عربوں روپوں کا اکلوتا وارث جو زندگی میں بس ایک

دفعہ رویا تھا جب اس نے پریزے کی موت کا سنا تھا

وہ آج اپنی بیٹی کی موت پر اتنا ٹوٹ گیا تھا کہ اسے یہ

تک یاد نہ رہا کہ اس کی دوسری بیٹی بھی اندر موجود ہے

اور جس کی طبیعت بھی خراب ہو رہی ہے

ڈیڈ زحالے کو پتہ نہیں کیا ہوا ہے وہ اپنی جگہ سے نہیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حل رہیں

ارحم کی آواز عرب کو ہوش کی دنیا میں لائی تھی وہ

اپنی ایک بیٹی کو تو بچا نہ سکا تھا دوسری کو تو بچا سکتا

تھا ارحم کی بات سن جر وہ اندھا دھند اندر بھاگا تھا

جبکہ عرب کو ایسے عمل کو چھوڑ کر اندر بھاگتے دیکھ

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کر ریہان شارق اور شازل بھی اندر بھاگے

زحالے میرا بچہ اٹھو کیا ہوا ہے زحالے ڈیڈ کی جان

اٹھ جاؤ

عرب کو زحالے کے بے سود پڑے وجود کو

جھنجھوڑتا ہوا اٹھانے لگا مگر زحالے کی باڈی میں کوئی

حرکت نہ ہوئی

شازل گاڑی نکالو ہمیں زحالے کو ہوسپیٹل لیجانا ہوگا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عرب ریلیکس شازل دیکھتا ہے زحالے کو کیا ہوا ہے

عرب کی بات سنتے شارق آگے بڑھتا بولا تو عرب نے

شارق کو خود سے دور کیا

شارق میں اپنی ایک بیٹی کھو چکا ہوں دوسری بیٹی

URDU NOVEL BANK

کھونے کی ہمت نہیں ہے مجھ میں شازل تم کھڑے

کیوں ہو گاڑی نکالو

عرب شارق کو گھورتے ہوئے پہلی بات بولا اور پھر

دوسری بات شازل کو دیکھتے چلایا تو شازل بھاگ کر

گاڑی کی طرف گیا جبکہ عرب کے منہ سے زحالے

کے لیے اپنی بیٹی کا لفظ سن کر شارق خوش بھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہوا اور خاموش بھی پھر عرب زحالے کو اٹھاتا

بھاگ کر گاڑی کی طرف بڑھا تو شانزے شازل

ارحم اور عرب زحالے کو لے کر ہوسپیٹل پہنچے تو

ڈاکٹر نے انہیں بتایا کہ زیادہ سٹریس کی وجہ سے

زحالے کا مس کیرج ہو گیا ہے مگر زحالے بلکل

URDU NOVEL BANK

ٹھیک ہے تو عرب نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ اللہ نے

اس سے اس کی دوسری بیٹی نہیں چھینی تھی سب

لوگ زحالے کو لے کر گھر آئے اور اسے آرام کرنے

کا کہا کیونکہ عمل کی تدفین اگلے دن ہونی تھی جب

پریزے عرب ملک نے آنا تھا عمل کی باڈی کو شاہ

ولا کے لاؤنج میں رکھ دیا گیا تھا اور روحان کھڑا اپنے

عشق کو دیکھ رہا تھا تبھی شازل روحان کے پاس آیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان کیا تم ٹھیک ہو؟

روحان!!!!

شازل روحان کے کندھے پر ہاتھ رکھتا بولا اور یہ

روحان کی آخری حد تھی وہ دھرام سے نیچے گر پڑا

URDU NOVEL BANK

جبکہ روحان کو گرتا دیکھ کر شازل فوراً چلایا شازل کو

چلاتا دیکھ کر سب لوگ بھاگتے ہوئے شازل کی

طرف آئے جبکہ روحان کو زمین پر گرا دیکھ کر

علیزے بھاگتے ہوئے اپنے بیٹے کے پاس پہنچی

روحان روحان مما کی جان اٹھو نہ عرب بھائی

دیکھیں اسے کیا ہوا

علیزے روحان کو ہلاتے ہوئے عرب کو دیکھتے بولی

تو ریہان اور عرب نے مل کر روحان کو لاؤنج کے

صوفے پر لیٹایا پھر شازل نے روحان کا بی پی چیک

کیا

بابا اس کا تو بی پی شوٹ کر گیا ہے

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شازل کی بات سن کر سب لوگ پریشان ہو گئے پھر

شازل نے روحان کی زبان کے نیچے ایک گولی رکھی

جس سے روحان کا بی پی کچھ حد تک نارمل ہو گیا اور

روحان کو ہوش آگیا ہوش میں آتے ہی روحان کو

اپنے سامنے علیزے نظر آئی جو اس کا سر اپنی گود

میں رکھے بیٹھی تھی تو روحان علیزے کو دیکھ کر

ہلکہ سا مسکرایا جس پر سب نے شکر کا کلمہ ادا کیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مگر اس کا مسکرانا شازل کو کسی غلط بات کی علامت

لگا اور پھر وہی ہوا جس کا شازل کو ڈر تھا روحان

اٹھ کر بیٹھا اور اس نے زور زور سے ہنسنا شروع

کر دیا جبکہ اس کی حرکت دیکھ کر سب نے شازل کو

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دیکھا

لگتا ہے عمل کی موت کا روحان نے بہت گہرا صدمہ

لیا ہے اسی لیے اس کا دماغ پلٹ گیا ہے

شازل کی بات سن کر ریہان نے اپنے نوجوان بیٹے کو

دیکھا جو اتنا ہنس رہا تھا کہ اس کی آنکھوں سے آنسو

بہہ رہے تھے روحان کو دیکھ کر علیزے کا دل کٹنے لگا

اور پھر اس نے مزید رونا شروع کر دیا تو ریہان نے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

علیزے کا بازو پکڑ کر اسے کھینچ کر اپنے سینے میں بھینچ

لیا تبھی پریشے آگے بڑھی اور اس نے روحان کو

کھڑے ہنستے دیکھا تو اس کی رگیں تن گئی اور پھر

پریشے آگے بڑھی اور اس نے روحان کے منہ پر ایک

URDU NOVEL BANK

کراہ تھپڑ دے مارا جس سے نہ صرف روحان کی ہنسی

کو بریک لگی بلکہ وہ زمین بوس ہو گیا اور پھر درد کی

شدت سے کراہ اٹھا

لو ہو گیا آپ کا بیٹا ٹھیک

پریشے غصے میں علیزے اور ریہان سے کہتی اپنے کمرے

میں بند ہو گئی جبکہ روحان ایک بار پھر گم سم سا عمل

کی باڈی کو دیکھنے لگا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

صبح کے دس بج گئے تھے پریزے کو پولیس فورس کے

ساتھ اس کی بیٹی کی تدفین کے لیے لایا جانا تھا سب

لوگوں کا رات سے بہت برا حال تھا شاہ خاندان اور

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ملک خاندان سے سب لوگ شاہ ویلا پہنچ چکے تھے

جیسا کام پریزے کا تھا یہ سب تو ہونا ہی تھا اب

جب سر شرم سے جھک جائے گا نہ تو پتہ چلے گا

پریزے کی تائی اپنے بیٹے کی موت کا سوچتے ہوئے

غصے سے بولی اس سے پہلے کہ دوسری عورت جواب

دیتی پریزے پولیس فورس کا ساتھ شاہ ویلا کے لاؤنج

میں داخل ہوئی اور بنا عمل پر ایک نظر ڈالے سیدھی

جا کر شائستہ بی بی اور صفیہ سے ملی زحالے کے مس

کیرج کی خبر پریزے کو پہلے ہی پہنچ چکی تھی جبکہ بیٹی

کی موت کے بعد بھی پریزے کی گردن جھکی نہ تھی وہ

آج بھی کھڑی کی کھڑی تھی روحان جو گم سم سا بیٹھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عمل کو دیکھ رہا تھا اسے دیکھ کر پریزے آگے بڑھی اور

اس نے روحان کو بازو سے کھینچ کر کھڑا کیا

تمہارا یہ سب کرنے کی وجہ؟

پریزے میں عمل سے محبت نہیں عشق کرتا تھا اور

آج میرا عشق مجھے چھوڑ گئی ہے پھر بھی آپ مجھے یہ

سوال پوچھ رہی ہیں

پریزے کے سوال پر روحان ہلکی نم آواز میں بولا تو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریزے کو غصہ آنے لگا

شٹ اپ! خبردار جو یہاں کوئی بھی رویا تو میں سچ کہہ

رہی ہوں اب اگر کسی کی بھی آنکھ سے میں نے آنسو

گرتے دیکھا تو میں اسے عمل کے ساتھ ہی دفنا دونگی

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پریزے کی دھاڑ سن کر پریشے اور زحالے بھی بھاگتی

ہوئی لاؤنج میں آئی جبکہ باقی سب پریزے کی لال ہوتی

آنکھوں کو دیکھ کر خاموش رہے

آیے آیے میڈم پریشے آپ کا ہی انتظار تھا میڈم

زحالے میں نے جاتے ہوئے اپنی فیملی کی زمہداری

تم دونوں کو دی تھی مگر تم دونوں نے کیا کیا میری فیملی

کو رونے دیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریزے میں---

ایک لفظ نہیں پریشے

پریزے کے طزیہ مسکراہٹ کے ساتھ بولنے پر پریشے

نے کچھ بولنا چاہا جب پریزے نے ایک بار پھر دھاڑ

URDU NOVEL BANK

کے ساتھ بولتے پریشے کو خاموش کروا دیا جبکہ پریزے

کی بات سن کر ریہان اور شارق دونوں نے محسوس

کیا کہ اگر پریشے نے اپنی گردن نہیں جھکائی تو زحالے

نے بھی اپنی گردن نہیں جھکائی تھی بلکہ وہ دونوں

کھڑی پریزے کو ہی دیکھ رہی تھیں

زحالے تم نے اچھا نہیں کیا۔۔۔

ممی میری غلطی نہیں تھی سچ میں مجھے پتہ ہی نہیں چلا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہ میں کب بیہوش ہو گئی اور وہ سب ہو گیا

زحالے میں اس چیز کی نہیں دوسری بات کر رہی تھی

پریزے ابھی بول ہی رہی تھی کہ زحالے فوراً بولی

جبکہ زحالے کی بات سن کر پریزے غصے سے غرائی

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تو زحالے خاموش ہو گئی تبھی شازل لاؤنج میں داخل

ہوا ارو پریزے کے پاس آکر کھڑا ہوا

پریزے عمل کی تدفین کا وقت ہو گیا ہے

شازل کی بات سن کر پریزے نے ہاں میں سر ہلایا تو

سب آدمیوں نے عمل کو کندھے پر اٹھایا اور اسے

اللہ کے حوالے کرنے چل پڑے جبکہ عمل کو خود

سے دور جاتا دیکھ کر پریزے کے اندر کچھ ٹوٹ سا گیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مگر وہ بس خاموشی سے سر اٹھائے عمل کو دیکھتی رہی

جبکہ پریزے کی آنکھ سے ایک آنسو بھی نہ گرتے دیکھ

کر پریشے اور زحالے کو سمجھ آگئی کہ انہیں پریزے کی

طرح ہی پتھر دل بننا ہے ورنہ یہ دنیا انہیں جینے نہیں

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دے گی جب سب لوگ عمل کو دفنا کر واپس آگئے

تو پریزے ایک بار پھر پولیس والوں کے ساتھ واپس

جا چکی تھی جبکہ پریزے کی صرف کچھ ہی گھنٹوں کی آمد

نے زحالے اور پریشے کو سمجھا دیا تھا کہ انہیں اپنی

فیملی کو کس طرح سنبھالنا ہے اور اس کہانی میں آگے

کیا کرنا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تین ماہ بعد:-

••••••••••••••••••

یہ تم کیا کر رہے ہو روحان؟

URDU NOVEL BANK

سموکنگ

روحان جو چھت پر کھڑا عمل کی یاد میں سیگریٹ

پھونک تھا پریشے کے غصے سے سوال کرنے پر تحمل

سے بولا اور واپسی اپنے کام میں لگ گیا جبکہ پریشے کو

اس کے جواب اور حرکت پر غصہ آ گیا اس نے

روحان کے ہاتھ سے سیگریٹ پائپ پکڑ کر غصے سے

زمین پر دے مارا اور پھر اس پر پاؤں رکھ کر اچھے سے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مسل دیا جبکہ پریشے کی حرکت پر روحان پریشے کو

خاموشی سے گھورنے لگا پریشے اپنا کام کرتی وہاں سے

چلی گئی تو روحان نے غصے سے سر مارا اور ایک نیا

سیگریٹ سلگانے لگا عمل کی موت کے بعد سے روحان

URDU NOVEL BANK

نے یہ گندی عادت اپنا لی تھی اسے سب لوگ منع

کر کر کے تھک گئے تھے مگر اس نے کسی کی ایک نہ سنی

تھی نتیجتاً سب نے اسے کہنا ہی چھوڑ دیا تھا سوائے

زحالے اور پریشے کو وہ اسے جب بھی سیگریٹ پیتا

دیکھیں اسے منع کرتی مگر روحان پھر بھی باز نہ آتا اور

اپنا کام کرتا رہتا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج پورے ایک مہینے کے بعد شازل کینیڈا سے واپس

آ رہا تھا روحان کے سوا سب لوگ اسے پیک کرنے

ائیرپورٹ گئے تھے ائیرپورٹ پر کھڑے سب لوگ

شازل کا انتظار کر رہے تھے کہ تبھی اچانک شانزے کو

اپنے لیفٹ سائیڈ سے ایک لڑکی گزرتی نظر آئی جسے دیکھ

URDU NOVEL BANK

کر شانزے کے پیروں تلے زمین کھسکنے لگی

کیا ہوا شان؟

شارق وہ میں نے وہاں ابھی عمل کو دیکھا

شارق کے پریشانی سے پوچھنے پر شانزے نے حیرانگی

سے بتاتے ہوئے اپنی لیفٹ سائڈ اشارہ کیا تو شارق کو

بھی دھچکا لگا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ تم کیا کہہ رہی ہو شان عمل اب اس دنیا میں نہیں

پر شارق مجھے کنفرم ہے میں نے عمل کو دیکھا تھا

شارق کے بولنے پر شانزے بضد ہوئی تو شارق کے

کہنے پر اور شانزے کے اشارہ کرنے والی جگہ پر

عرب ریہان ارحم اور شارق سب نے اچھے سے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دیکھا مگر انہیں عمل کہیں نہ دیکھی تو وہ سب واپس

شانزے کے پاس آگئے

شان وہاں کوئی نہیں ہے

پر---

بھابھی آپ کو وہم ہوا ہو گا دیکھیں شازل آگیا ہے ہم

اس سے ملتے ہیں

شارق کی بات سن کر شانزے ابھی کچھ بولتی کہ ریہان

شانزے کی بات کاٹتا بولا اور پھر سب لوگ شازل کی

طرف متوجہ ہوئے۔

عمل کی موت کے بعد سے پریشے کے ساتھ ساتھ زحالے

بھی بہت مصروف رہنے لگی تھی وہ سارا دن کمپیوٹر پر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

گزارتی اور ساری رات ارحم کی پناہوں میں اس کی

زندگی بس اتنی سی ہی رہ گئی تھی یا شاہ و ملک کے مکینوں

کے مطابق اس نے اپنی زندگی خود ایسی کر لی تھی وہ

سارا دن کمپیوٹر پر کیا کرتی رہتی یہ تو کوئی بھی نہیں جانتا

تھا اور ارحم کے لاکھ بار پوچھنے پر بھی وہ بس اتنا کہتی کہ

میں خود کو مصروف رکھتی ہوں تاکہ مجھے میری شہزادی کی

یاد نہ آئے اور میری طبیعت خراب نہ ہو زحالے کا جواب

سن کر ارحم ہمیشہ خاموش ہو جاتا مگر وہ یہ نہیں جانتا تھا

کہ زحالے اس کہانی میں کتنا اہم کردار ادا کرنے والی

ہے۔

کل کا دن شاہ و ملک کے مکینوں کے لیے ایک سخت

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

امتحان تھا کیونکہ کل ان کی جان یعنی کہ پریزے کی

عدالت میں پیشی تھی اور کل کے دن فیصلہ ہونے والا

تھا کہ پریزے ان کے ساتھ رہے گی یا عمل کے پاس

چلی جائے گی سب ہی اس بات پر پریشان تھے مگر ان

میں سے کوئی نہیں جانتا تھا کہ کل کا دن اس کہانی میں

اب کون سا نیا موڑ لانے والا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شاہ و ملک کے مکینوں کے ساتھ ساتھ شاہ خاندان کے

سارے لوگ بھی (پریزے کے سارے رشتہ دار)

عدالت پہنچ چکے تھے آخر کو وہ بھی پریزے کو سزا ہوتا

دیکھنا چاہتے تھے مگر وہ سب اس بات سے انجان تھے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کہ پریزے آخری لمحے میں بازی پلٹنے کا ہنر جانتی تھی اور

یہی وجہ تھی کہ آج تک کوئی بھی اسے ہرا نہیں پایا تھا

پھر کمرہ عدالت میں مسٹر سیف اور ان کے ساتھ چند

لوگ اور وکیل داخل ہوئے اور اپنی سیٹ سنبھالی

سب لوگوں کے آنے کے بعد پریزے پولیس والوں

کے بیچ اکڑی گردن لیے اور اپنی وہی پرانی مغرورانہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چال چلتی عدالت کے کمرے میں داخل ہوئی اور پھر

پولیس والوں کے ہمراہ ہی جا کر سیدھے کٹھرا مجرم

میں کھڑی ہو گئی پھر چند لمحوں بعد ہی جسٹس ثناء اکرم

منحاس عدالت میں داخل ہوئی ان کے آتے ہی سب

احتراماً کھڑے ہوئے اور پھر جب جسٹس صاحبہ نے جج

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کی کرسی سنبھالی تو سب لوگ خاموشی سے بیٹھ گئے

جسٹس صاحبہ نے اپنا قلم اٹھاتے ایک تحریر لکھنا

شروع کی اور پھر دونوں وکلا کو کاروائی شروع کرنے کا

اشارہ کیا تو مسٹر سیف کا وکیل عادل کھڑا ہوا

اسلام و علیکم معزز جج صاحبہ جیسا کہ آپ جانتی ہیں ہم

سب آج یہاں پریزے عرب ملک کے کھلے عام جرم

کرنے اور ان جرائم سے سب کو انصاف دلانے کے

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

لیے یہاں موجود ہیں پریزے عرب ملک نہ صرف بزنس

کی دنیا کا ایک جانا مانا نام ہیں بلکہ ملائیشیا کی ڈون بھی ہیں

جنہیں ڈارک ورلڈ میں لیڈی کلر کے نام سے جانا جاتا

ہے لیڈی مطلب عورت اور کلر مطلب قاتلہ انہوں

URDU NOVEL BANK

نے تو خود اپنا نام قاتلہ رکھا ہے اور ان کا کتنا ڈر لوگوں

میں ہے اس بات سے آپ بھی باخوبی واقف ہیں مگر

صرف اتنا ہی نہیں اس لیڈی کلر نے نہ صرف میرے

کلائینٹ مسٹر سیف کے ساتھ بزنس میں فراڈ کیا بلکہ

اپنی ڈون کی پاور کا غلط استعمال بھی کیا جب میرے

کلائینٹ مسٹر سیف نے انہیں رنگے ہاتھوں پکڑا تو

انہوں نے نہ صرف انہیں ڈرایا دھمکایا بلکہ مار ڈالنے کی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دھمکی بھی دی انہوں نے میرے کلائینٹ مسٹر سیف

کے ساتھ بزنس میں ایک سو آسی کروڑ روپے کا فراڈ کیا

اور اپنے بزنس کی آڑ میں ڈرگز اور ہیروئین کی تذکری بھی

کی جسے میرے کلائینٹ نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور ابھی یہ لیسٹ یہاں ختم نہیں ہوئی جج صاحبہ انہوں

نے اپنے ہی سگے باپ فہیم شاہ کا بے دردی سے قتل

کیا اور نہ جانے کتنے اور لوگوں کا بھی کیا جس کا کسی کو

بھی آج تک پتہ ہی نہ چل سکا اس سب کے علاوہ یہ

عورت جو اس کٹھرے میں کھڑی ہے جج صاحبہ یہ ایک

عورت کہلوانے کے ہی قابل نہیں کیونکہ یہ معصوم

بچیوں کو پاکستان سے اغواء کر کے دنیا کے مختلف

کونوں میں عمدہ داموں میں بیچتی ہے مطلب کہ لڑکیوں

کی بھی تذکری کرتی ہے اور تو اور جج صاحبہ یہ عورت

اپنی ہی بیٹی عمل ملک کی قاتلہ بھی ہے اس معصوم

بچی کو جب اپنی ماں کا یہ سچ پتہ چلا تو اس درندہ صفت

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عورت نے اسے بھی زندہ نہیں چھوڑا یور آنر جب اس

سب کے بارے میں میرے کلائینٹ مسٹر سیف کو

پتہ چلا تو انہوں نے ایک اچھے شہری ہونے کا فرض

نبھاتے ہوئے ان پر کیس دائر کیا جس کے لیے آج ہم

سب یہاں موجود ہیں یور آنر میں چاہتا ہوں کہ یہ عدالت

پریزے عرب ملک کو ان کے تمام گناہوں کی سخت

سے سخت سزا سنائے ان سب باتوں کے ثبوت میں

پہلے ہی آپ کو جمع کروا چکا ہوں اور جو اس وقت آپ

کی ٹیبل پر موجود ہیں ڈیٹس آل یور آنر

عادل نے کھڑے ہوتے ہی پریزے پر ان سارے

کیسز کی بھرمار کر دی جو پریزے نے کبھی کیے ہی نہیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تھی جیسے جیسے عادل پریزے پر الزام لگاتا گیا ویسے ویسے

ریہان کا غصہ ساتویں آسمان پر پہنچ گیا وہ غصے سے اپنے

دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے بیٹھا رہا

اوپوزیشن اس سب کے بارے میں کچھ کہنا چاہتی

ہے تو کہیے

جج صاحبہ کی بات سن کر پریزے کا وکیل شہباز جو کہ

پاکستان کا جانا مانا وکیل بھی تھا کھڑا ہوا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جج صاحبہ جیسے کے میرے دوست وکیل عادل نے

سب الزامات میری کلائینٹ پر لگائے ہیں اور میں ان

سب میں خاموشی سے بیٹھ کر ان کے الزامات سنتا رہا

ہوں میں چاہتا ہوں میرے دوست وکیل عادل بھی

URDU NOVEL BANK

میرے ساتھ تعاون کریں اور میری بات ہرگز نہ کاٹیں

شہباز کی بات سن کر عادل جو کھڑا تھا خاموشی سے

بیٹھ گیا تو شہباز نے سر کو ہلکہ سا خم دیا جیسے عادل کو

شکریہ ادا کر رہا ہو پھر واپس جج صاحبہ کی طرف متوجہ

ہوا

جج صاحبہ جیسے کہ میرے دوست نے میری کلائینٹ پر

الزامات لگائے ہیں تو میں ایک ایک کر کے ثبوتوں اور

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

گواہوں کے ساتھ ان تمام الزامات کو رد کرونگا اور

امید کرتا ہوں یہ کمرا عدالت بھی میرے ساتھ تعاون

کرے گی

شہباز کی بات پر جسٹس ثناء اکرم منحاس نے ہاں میں

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سر ہلایا

جیسا کہ میرے دوست نے میری کلائینٹ پر سب سے

پہلا الزام ایک سو آسی کروڑ روپوں کے فراڈ کا لگایا تھا

جو کہ میرے دوست کے مطابق ان کے کلائینٹ کے

ساتھ بزنس میں کیا گیا ہے تو یہ الزام بے معنی ہے

کیونکہ میری کلائنٹ پریزے عرب ملک کی کمپنی پی-ایس

انڈسٹری فیشن اور کپڑوں کی دنیا کا ایک مشہور نام ہے

جبکہ میرے دوست کے کلائینٹ مسٹر سیف کی کمپنی

ایک بلڈنگ بنانے والی کنسٹرکشن کمپنی ہے تو ایک

کپڑے بنانے والی کمپنی کا ایک کنسٹرکشن کمپنی کے

ساتھ بزنس ہو ہی نہیں سکتا تھا تو یہ الزام ایک دم

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بے بنیاد اور بے معنی ہوا اور یہ رہا اس بات کا ثبوت

یہ دونوں کمپنیز کی رجسٹریشن ہے جس میں صاف اور

واضح طور لکھا ہوا ہے کہ پریزے کی کمپنی ایک کپڑوں

کا برینڈ ہے جبکہ مسٹر سیف کی کمپنی ایک بلڈنگ بنانے

والی کمپنی ہے

یہ کہتے ہی آگے بڑھتے شہباز نے وہ کاغذات ثبوتوں کے

طور پر جج صاحبہ کو جمع کروائے پیپر جمع کرواتے ہی شہباز

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

واپس اپنی جگہ پر آکر کھڑا ہوا

اب باری آتی ہے دوسرے الزام کی اور وہ یہ تھا کہ

میری کلائنٹ اپنی کمپنی کی آڑ میں ڈرگز اور ہیروئین کی

تذکری کرتی ہیں جسے میرے دوست کے کلائنٹ مسٹر

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سیف نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور عدالت میں

تذکری کی جانے والے سامان کو بھی جمع کروایا ہے جج

صاحبہ یہ بات آپ بھی جانتی ہیں اور میں بھی ڈارک

ورلڈ میں ہر قسم کا گناہ ہوتا ہے مگر ڈارک ورلڈ کا کوئی

بھی ڈون ہو وہ ہمیشہ سچ بولتا ہے اور ڈنکے کی چوٹ پر

بولتا ہے اور اسی بات کی بنیاد پر جج صاحبہ میں آج یہاں

آپ کی اجازت سے اس گواہی کٹھرے میں اس

انسان کو بلانا چاہتا ہوں جسے ڈارک ورلڈ میں زیروکس

کے نام سے جانا جاتا ہے اور جو کہ مصر کا ڈون ہونے

کے ساتھ ساتھ اس وقت پوری دنیا میں ڈرگز اور

ہیروئین کی سپلائی بھی پہنچاتا ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اجازت ہے

شہباز کے سوال پر جسٹس ثناء اکرم منحاس نے اجازت

دی تو ایک آدمی جس کی عمر تقریباً پینتیس سال تھی بلیک

فور پیس سوٹ میں گرے آنکھوں میں چمک لیے چلتا

ہوا آیا اور شہباز کے اشارہ کرنے پر گواہی کٹھرے میں

کھڑا ہو گیا

مسٹر زیروکس کیا آپ عدالت کو اپنا تھوڑا سا تعارف

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کروائیں گے؟

شہباز کی بات پر زیروکس ہلکہ سا مسکرایا اور پھر اس

نے سر کو خم دیا یہ جیسے اشارہ تھا کہ وہ تیار ہے

میرا نام زیاد ہے اور میں مصر کا رہنے والا ہوں مصر میں

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میرے اپنے باغات موجود ہیں جہاں سے میں ڈرگز اور

ہیروئین بناتا اور سپلائی کرواتا ہوں ڈارک ورلڈ میں مجھے

زیروکس کے نام سے جانا جاتا ہے جو کہ مصر کا ڈون ہے

زیروکس کے تعارف کروانے پر شہباز نے ہاں میں سر

ہلایا اور ایک قدم آگے بڑھا

میں نے سنا ہے کہ آپ پیکٹ دیکھ کر بتا دیتے ہیں کہ

آپ نے وہ ڈرگز کا پیکٹ کس کو بیچا تھا یا سپلائی کیا تھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شہباز کی بات پر زیروکس نے ہاں میں سر ہلایا تو شہباز نے

ثبوت کے طور پر جمع کروائے گئے ڈرگز میں سے ایک

پیکٹ زیروکس کو پکڑایا

اپنے لیے انکل لفظ سن کر ہی صدمے میں چلا گیا شارف کی شکل دیکھتے

یارم خضر اور درک قہقہ لگا کر ہنسے تبھی روحان شارف کے پیچھے سے

نکلتا بھاگ کر عرب کے پیچھے چھپا

بڑے بابا اسے نکالیں باہر اپنے پیچھے سے اس کو میں بتاتی ہوں

ارے مگر ہوا کیا ہے تم کیوں میرے داماد کے پیچھے پڑی ہو؟

بڑے بابا یہ چاہتا ہے میں اپنی پری کو صحیح غلط بلکل نہ سیکھاؤں تو میں

نے سوچا پری کو بعد میں سیکھاؤں گی پہلے اسے سیکھاتی ہوں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریشے کی بات سنتے عرب فوراً بولا تو پریشے نے غصے سے جواب دیا پریشے

کی بات سنتے سب لوگ ہنسنے لگے جبکہ روحان کو تو اپنی جان کے لالے

پڑے ہوئے تھے وہ آج پریشے سے نہیں پیٹنا چاہتا تھا

میں نے تو ویسے ہی بولا تھا تم تو چڑیلوں کی طرح میرے پیچھے پڑ گئی ہو

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیا کہا تم نے مجھے میں چڑیل ہوں؟

نہیں ڈائن ہو خون پینے والی ڈائن

روحان کے عرب کے پیچھے سے سر نکال کر بولنے پر پریشے نے غصے سے

سوال کیا تو روحان نے فوراً جواب دیا جس پر پریشے فوراً سے عرب کا

بازو پکڑتی اسے اپنے اور روحان کے بیچ سے ہٹا گئی عرب کو پیچھے ہوتا

دیکھ کر روحان بھاگ کر یارم کے پیچھے چھپا تو پریشے بھی یارم کے پاس

پہنچی اور روحان کے ساتھ ساتھ یارم کو بھی گھورنے لگی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان اگر تم باہر نہیں نکلے تو میں ڈیول کا لحاظ کیے بغیر تمہیں ماروں گی

پریشے کی بات سنتے روح نے چونک کر پریشے کو دیکھا جو روحان کے ساتھ

ساتھ یارم کو بھی مارنے کی بات کر رہی تھی اس سے پہلے پریشے کچھ بھی

کرتی عمل فوراً سے آگے بڑھی اور روحان کا بازو پکڑا پھر اسے کھینچ کر

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یارم کے پیچھے سے نکالا

یہ لو بجو آپ کا مجرم خبردار جو آپ نے میرے یارم کو مارا تو

ابے او میں تمہارا شوہر ہوں اور تم مجھے پیٹوا رہی ہو

عمل کے روحان کو پریشے کے آگے کرتے بولنے پر روحان فوراً بولا تو

عمل اسے گھورنے لگی

اچھا وہ ہمارے گھر مہمان آئے ہیں اب انہیں تو مار پروا نہیں سکتی آپ

ہی کھا لو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم کیوں مجھے مار پروانہ چاہتی ہو عمل؟

کیونکہ آپ نے مجھے اس دن گول گپے نہیں کھلائے اور نہ ہی آئسکریم

کھلائی میرے اتنے منت کرنے کے بعد بھی نہیں

عمل کے خود کو سیف کرتے بولنے پر روحان نے فوراً سوال کیا تو عمل

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نے غصے سے جواب دیا

میں صحیح تم لڑکیوں کو چڑیل کہتا ہوں ایک آئسکریم اور گول گپے کے

لیے تم مجھے مار پروا رہی ہو اپنے مجازی خدا کو

آپ نے مجھے چڑیل کہا؟

غلط کہا بھائی نے تم چڑیل تھوڑی ہو ارے تم تو ڈائنوں کو فیل کر دو

روحان کے غصے سے بولنے پر عمل نے سوال کیا تو پاس کھڑا ارحم فوراً

بولا ارحم کی آدھی بات سن کر عمل نے زور سے ہاں میں سر ہلایا جبکہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کی اگلی بات سن کر جہاں سب نے اپنی ہنسی چھپائی وہیں عمل نے

بھی اپنے پیر سے کھسا اتارا اور بس پھر کیا تھا پریشے روحان کا اور عمل

ارحم کا بازو کھینچتی انہیں زمین پر بیٹھاتی انہیں اپنے کھسے سے مارنے

لگی جبکہ ان دونوں کو ایسے مارتے اور ارحم اور روحان کو بچاؤ کے لیے

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

چلاتے دیکھ کر سب لوگوں کا ایک دمدار قہقہ گونجا تبھی پریزے شارق

کے ساتھ لاؤنج میں داخل ہوئی

پریشے عمل یہ سب کیا ہو رہا ہے کیوں تم دونوں مار رہی ہو انہیں چھوڑو

ان دونوں کو

اپنے بیٹے اور داماد کو مار کھاتا دیکھ کر پریزے غصے سے بولتی عمل اور پریشے

کو دور کر گئی تبھی پری علیزے کی گود سے اترتی بھاگ کر پریزے کے پاس

آئی اور اس کا ہاتھ کھینچ کر اسے خود کی طرف متوجہ کیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پی نانو ماموں نے تھوتھو اول ما تو تلیل تہا (پری نانو ماموں نے پھوپھو اور

ما کو چڑیل کہا)

پری کے روحان اور ارحم کی طرف اشارہ کرتے بولنے پر پریزے نے

پری کو پیار سے گود اٹھایا اور اسے ایک زور سے کس کی پھر وہ عمل اور

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پریشے کی طرف حیرانگی سے دیکھنے لگی

کیا ہوا تم دونوں رک کیوں گئی ہو کھال ادھیڑ دو دونوں کی میرے منع کرنے کے باوجود ان دونوں نے وہی کام کیا تو اب بھگتیں تم دونوں کنٹینیو کرو میں زرا میری پری کو پاری کر کے چینج کر کے آتی ہوں

پریزے کے عمل اور پریشے کو دیکھ کر سوال کرنے اور پھر ارحم اور روحان کو دیکھتے بولنے پر عمل اور پریشے ایک دوسرے کی طرف دیکھتے مسکرائیں کیونکہ آج فائلی انہیں پریزے سے ہی پرمیشن مل گئی تھی ان دونوں کو مارنے کی جبکہ پریزے پری کو اپنی باہوں میں دبوچتی پیار سے اسے کس کرتی اسے لیے اپنے کمرے کی طرف چلی گئی

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چڑیل

ڈائن

URDU NOVEL BANK

پریزے کو جاتے دیکھ کر عمل اور پریشے روحان اور ارحم کی طرف دیکھتی

بولیں تو ان دونوں نے تھوک نگلا اس سے پہلے کے پریشے اور عمل پھر

سے انہیں مارنا شروع کرتی شارق بیچ میں آگیا

بس بس گرلز بہت ہوگیا بہت مار لیا اب جلدی سے اپنا کھسا پہنو اور

چلو میرے ساتھ فوٹوگرافر آگیا ہے

شارق کے بولنے پر عمل اور پریشے دونوں ہی اپنا اپنا کھسا پہنتی ہاتھ

جھاڑتی ایک ادا سے اپنے بال جھٹکتی لاؤنج سے باہر نکل گئیں جبکہ ان

دونوں چڑیلوں کو جاتے دیکھ کر ارحم اور روحان نے سکھ کا سانس لیا

تبھی شازل اور شانزے لاؤنج میں داخل ہوئے

یہ کیا ارحم روحان تم دونوں ابھی تک تیار نہیں ہو میں نے کہا تھا جلدی

تیار ہو جانا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بھائی کیا آپ پریشے کو آج ہی رخصت کر کے لیجا سکتے ہیں؟

شازل کے پریشانی سے بولنے پر روحان غصے سے بولا تو شازل حیران ہوا

بجو تو کل چلی جائے گی آپ کب رخصتی لے رہے ہو پہلے مجھے یہ بتاؤ؟

روحان کی بات سنتے ارحم چڑ کر بولا تو علیزے آگے بڑھی اسے اپنے

دونوں بچوں پر ٹوٹ کر پیار آیا تو وہ فوراً سے روحان اور ارحم کا ماتھا

چوم گئی

visit for more novels

جاؤ اپنا اپنا حلیہ درست کر لو پھر رسم شروع کرتے ہیں

www.urdunovelbank.com

علیزے کے ہنس کر بولنے پر ارحم اور روحان غصے سے اپنے اپنے کمرے

میں چلے گئے

یہاں ہوا کیا ہے؟

آپ کی بیگم اور آپ کی لاڈلی نے اپنے اپنے بھائیوں کو اپنے اپنے کھسے

URDU NOVEL BANK

سے مارا ہے

شازل کے پریشانی سے پوچھنے پر پریزے جو درک کے پاس بیٹھی تھی

ہنستے ہوئے بولی تو شازل منہ بنا گیا

کیا یار میں اتنا اچھا سین کیسے مس کر سکتا ہوں؟

شرم کرو

شازل کے منہ بنا کر بولنے پر شانزے فوراً بولی تو شازل مسکرایا اور پھر

سب کے ساتھ لان کی طرف بڑھا پریزے بھی پری کو لاتی روم میں بیٹھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کر جلدی سے تیار ہوتی لان میں پہنچی لان کو چاروں طرف سے رنگ برنگی

پھولوں سے سجایا گیا تھا جس کے ایک کونے میں لکڑی کا ایک جھولا

پھولوں سے سجا پڑا تھا پریشے اور شازل کو اس جھولے میں بیٹھایا گیا

تھا اور سب لوگ ہی مہندی کی رسم کرنے میں مصروف تھے پریشے

URDU NOVEL BANK

کی خواہش کے مطابق زیادہ ہلا گلا نہیں کیا گیا تھا اسے سادہ سی شادی

چاہیئے تھی جس کو مدنظر رکھتے کوئی ڈیک اور ڈانس کا سین نہیں رکھا گیا

تھا پری نے جیسے ہی پریشے اور شازل کو جھولے میں بیٹھے دیکھا تو وہ

پریزے کی گود سے اترتی بھاگ کر شازل کی گود میں چڑھ گئی

سان دادو مدھے بھی کلیں (شان دادو مجھے بھی کریں)

پری جو شارق کے منہ سے ہمیشہ شانزے کو شان بلاتے سنتی تھی تو وہ

بھی شانزے کو شان ہی بلاتی تھی مگر پریشے نے ڈانٹ ڈانٹ کر بہت

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

مشکل سے شان کے آگے دادو لگوایا تھا تو اب وہ شانزے کو شان دادو

ہی بلاتی تھی شازل اور پریشے ہی رسم کرتی دیکھ کر منہ بناتی بولی

کیا کروں میرا بچہ؟

جے دو بابا توتیا (یہ جو بابا کو کیا)

URDU NOVEL BANK

شانزے کے حیرانگی سے سوال کرنے پر پری شازل کے ہاتھ میں ٹشو پر لگی مہندی کی طرف اشارہ کرتی بولی تو شانزے نے مسکراتے پری کے ساتھ بھی رسم کی پھر جو جو پریشے اور شازل کے ساتھ رسم کرتا پری کے ہاتھ آگے کرنے پر اس کے ساتھ بھی رسم کرتا رسم ہو جانے کے بعد سب لوگوں نے کھانا کھایا اور اپنے اپنے گھر کی راہ لی۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آج صبح سے ہی روحان بہت خاموش تھا وہ کسی سے بھی بات نہیں کر رہا تھا بس چپ چاپ سے بارات کے سارے انتظامات دیکھ رہا تھا اس کی چپی گھر میں سب نے ہی محسوس کی تھی عمل کے جانے کے بعد وہ ایسا خاموش ہوا تھا مگر جب سے عمل واپس آئی تھی وہ پھر سے ہنسنے مسکرانے

URDU NOVEL BANK

اور بولنے لگا تھا مگر آج وہ پھر سے ایک دفعہ چپ ہو گیا تھا اپنے سارے

کام کرتے روحان چھت پر کھڑا خاموشی سے سیگریٹ پی رہا تھا تبھی اسے

اپنے کندھے پر کسی کا ہاتھ محسوس ہوا اس لمس کو پہچانتے ہی روحان نے

فوراً سے سیگریٹ پائپ پھینک کر بھجا دی عمل اچھے سے جانتی تھی کہ

روحان اس کے جانے کے بعد سیگریٹ کا عادی ہو گیا تھا مگر عمل کے

آنے کے بعد سے روحان نے سیگریٹ پینا کم کر دیا تھا وجہ عمل کو سیگریٹ

کا پسند نہ ہونا تھا وہ اب صرف ٹینشنز میں ہی سیگریٹ پیتا تھا لیکن اگر وہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سیگریٹ پی رہا ہو اور عمل آ جائے تو وہ اسے فوراً بجھا دیتا تھا آج بھی یہی

ہوا تھا اسے سیگریٹ بجھاتا دیکھ کر عمل اس کے سامنے آئی تو روحان کچھ

پل کے لیے عمل کی شکل سے نظر نہ ہٹا سکا عمل لال اور سی گرین میکسی

پہنے نک سک سی تیار غضب ڈھا رہی تھی روحان کو عمل سیدھے اپنے دل

URDU NOVEL BANK

میں اترتی محسوس ہوئی تبھی عمل ہلکہ سا آگے بڑھی اور پھر اس نے

روحان کے سینے پر اپنے مہندی سے سجے ہاتھ رکھے

کیا ہوا ہے روحان؟

عمل کے پریشانی سے بولنے پر روحان جھٹکے سے ہوش کی دنیا میں لوٹا اور

پھر عمل کی بات سمجھتے نفی میں سر ہلا گیا

تو پھر صبح سے اتنے چپ کیوں ہو نہ آپ نے کچھ کھایا ہے صبح سے اور

اب یہ سیگریٹ بھی پی رہے ہو کیا ہوا ہے سب ٹھیک ہے؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سب ٹھیک ہے عمل تم فکر مت کرو بس بزنس کی کچھ ٹینشنز ہے وہ جلد

ٹھیک ہو جائیں گی انشاءاللہ

روحان کے نفی میں سر ہلانے پر عمل فوراً بولی تو روحان نے مسکرانے کی

کوشش کرتے جواب دیا پھر وہ عمل کے سر پر بوسہ دیتا اس کے سوالوں

URDU NOVEL BANK

کو روکتا فوراً سے نیچے چلا گیا روحان کو نیچے جاتا دیکھ کر عمل بھی نیچے اترتی

سیدھے پریشے کے کمرے میں پہنچی پریشے لال لہنگا جس کے اوپر لال رنگ

سے ہی انتہائی نفاست سے کام کیا گیا تھا پہنے شیشے کے سامنے بیٹھی تھی

جبکہ جمیلہ پریشے کے بیڈ پر پری کے پاس بیٹھی اسے تیار کر رہی تھی پری

کا بھی سیم لہنگا دیکھ کر عمل ہلکہ سا مسکرائی اور پریشے کے پاس جا کر کھڑی

ہوئی تو پریشے چوڑیاں پہنتے اسے دیکھ کر مسکرائی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بہت پیاری لگ رہی ہو بجو

تھینکیو عمل جان

بھو اگر میں آپ سے ایک فیور مانگوں تو آپ دیں گی؟

عمل کے تعریف کرنے پر پریشے مسکراتی بولی تو عمل نے فوراً سوال داغا

ہاں ضرور کیوں نہیں عمل جان بولو کیا فیور چاہیئے تمہیں

URDU NOVEL BANK

روحان نے صبح سے کچھ نہیں کھایا ہے صرف کام میں مصروف ہے اور

بہت خاموش بھی ہے کسی سے بات نہیں کر رہا آپ ان سے پوچھیں نہ

کیا ہوا ہے مجھے فکر ہو رہی ہے

پریشے کے جواب دینے پر عمل فوراً بولی تو پریشے نے عمل کو دیکھا

تمہیں نہیں لگتا عمل یہ سوال تمہیں اس سے پوچھنا چاہیئے آفڑآل تم دونوں

میاں بیوی ہو وہ مجھ سے شاید ہر چیز شئیر نہ کرے مگر تم سے کر لے گا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں نے پوچھا بجو پر انہوں نے کہا بزنس کی ٹینشن ہے فکر نہ کرو آپ

پوچھیں نہ ان سے وہ آپ کو ہمیشہ سب کچھ بتاتے ہیں

جمیلہ اسے اپنی کمرے میں لے جاؤ تیار کرنے کے لیے اور روحان کو

میرے پاس بھیجو

پریشے کے سمجھانے پر عمل فوراً بولی تو پریشے بھی پریشان ہوئی پھر وہ مڑتی

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

فوراً جمیلہ سے بولی تو جمیلہ ہاں میں سر ہلاتی پری اور اس کا سارا سامان

اٹھاتی کمرے سے باہر نکلی

روحان بھائی آپ کو پریشے باجی بلا رہی ہیں اپنے کمرے میں

جمیلہ کمرے سے نکلتی سیدھا لاؤنج میں روحان کے پاس پہنچی جو کھڑا لائٹ

والے کو ہدایت دینے میں مصروف تھا جمیلہ کے روحان کو بولنے پر روحان

ایک گہری سانس لیتے ہاں میں سر ہلا گیا تو جمیلہ پری کو لیتی اپنے کمرے کی

طرف چلی گئی پھر روحان بھی لائٹ والے کو سب بتاتا پریشے کے کمرے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کی طرف بڑھا پریشے کے کمرے کے دروازے پر کھڑے ہو کر روحان نے

ایک گہری لمبی سانس لی اور پھر دروازہ بجایا

عمل تم فکر نہ کرو میں بات کرتی ہوں اس سے

آ جاؤ

URDU NOVEL BANK

پریشے کے عمل کو بولنے پر عمل نے ہاں میں سر ہلایا تبھی کمرے کا دروازہ

نوک ہوا تو پریشے نے نادر آنے کی اجازت دی اجازت ملتے ہی روحان

کمرے کا دروازہ کھولتا اندر داخل ہوا تو پریشے روحان کو دیکھتے ہلکہ سا

مسکرائی اور اپنا لہنگا سنبھالتی اٹھی پھر سیدھے جا کر روحان کے سامنے

کھڑی ہوئی

مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں بولو

پریشے کی بات سنتے روحان فوراً بولا تو پریشے نے اسے بیڈ پر بیٹھنے کا اشارہ کیا

جس پر روحان فوراً اس کی بات مانتا بیڈ پر بیٹھ گیا پھر پریشے بھی اس کے

ساتھ بیڈ پر بیٹھ گئی اور اس کے کندھے پر اپنا سر ٹکا گئی ان دونوں کو بیڈ پر

بیٹھتے دیکھ کر عمل بھی قریبی صوفے پر بیٹھ گئی

URDU NOVEL BANK

روحان مجھے پتہ ہے تم اداس ہو پریشان نہیں ہو اور کیوں اداس ہو یہ بھی

جانتی ہوں مگر ایسے تو نہیں چلے گا تم کھانا پینا بولنا تو نہیں چھوڑ سکتے نہ

مجھے نہیں پتہ تم کس باتے میں بات کر رہی ہو

پریشے کی بات سنتے روحان فوراً بولا تو پریشے ہلکہ سا مسکرائی

اس کا مطلب ہے کہ اگر میں ملک ہاؤس سے ہمیشہ کے لیے چلی بھی جاؤں

تو تمہیں فرق نہیں پڑے گا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہم آج سے پہلے کبھی ایسے الگ نہیں ہوئے پریشے

پریشے کے مسکرا کر بولنے پر روحان سر جھکاتے بولا تو پریشے نے ہاں میں

سر ہلایا

ہاں جانتی ہوں نہیں ہوئے مگر کبھی نہ کبھی تو الگ ہونا تھا اور یہ بات بابا

ہمیشہ سے بولتے آئے ہیں

URDU NOVEL BANK

مجھے لگتا ہے میرا دل پھٹ جائے گا پریشے

پریشے کے پیار سے بولنے پر روحان فوراً بولا تو اس کی بات سنتے پریشے کی آنکھیں لبا لب پانی سے بھر گئیں

کچھ نہیں ہوگا تمہیں ہم ہمارے بابا اور پریزے کے سروائیورز ہیں جانتے ہو نہ سروائیورز ہر حال میں جیتے ہیں

میں تم سے دوری نہیں برداشت کر پاؤنگا مت جاؤ پریشے مجھے چھوڑ کر مت جاؤ پلیز رک جاؤ نہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریشے کے آنسو بہاتے بولنے پر روحان کی برداشت کا پیمانہ لبریز ہوگیا اور پھر وہ فوراً سے پریشے کے گلے لگا اور روتے ہوئے بولا ان دونوں کو دیکھ کر عمل بھی رونے لگی صحیح کہتے ہیں ایک مرد کے لیے اس کی زندگی کا وہ وقت بہت مشکل ہوتا ہے جب اس کی بہن یا بیٹی رخصت ہو کر اپنے گھر

URDU NOVEL BANK

کی ہو جاتی ہے تبھی علیزے شانزے اور زحالے ریہان ارحم

اور شارق کے ساتھ کمرے میں داخل ہوئیں روحان کو پریشے کے گلے سے

لگا روتا دیکھ کر سب لوگ حیران تھے پھر پریشے بھی روحان کو ساتھ

لگائے رونے لگی تو زحالے آگے بڑھی اور اس نے روحان کو پریشے سے

دور کیا

پریشے رونا بند کرو تمہارا میک اپ خراب ہو جائے گا

زحالے کی بات سنتے پریشے منہ پر ہاتھ رکھے روحان کو دیکھتی مزید رونے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لگی اپنے دونوں بچوں کو روتا دیکھ کر علیزے بھی رونے لگی

علیزے تم پاگل ہو انہیں چپ کروانے کی بجائے خود بھی رونے لگ گئی

ہو ریہان تم بولو اسے

علیزے چپ کرو یار بس

URDU NOVEL BANK

شانزے علیزے کو دیکھ کر بولی مگر جب علیزے پر اس کی بات کا اثر نہ ہوا

تو وہ فوراً سے ریہان کو دیکھتے بولی جو علیزے کو سینے سے لگاتے فوراً اسے

چپ کروانے لگا ارحم بھی عمل کو روتا دیکھ کر اس کے پاس پہنچتا اسے

چپ کروانے لگا

روحان بیٹا وہ شاہ ویلا ہی تو جا رہی ہے وہ کونسا دور ہے تم روز مل سکتے ہو

اس سے اور ویسے بھی پریشے اکثر شاہ ویلا آتی تھی اور ایک رات رہ کر بھی

جاتی تھی اس میں رونے کی کونسی بات ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماموں پہلے ایک رات کی بات تھی اب تو ہمیشہ کے لیے جا رہی ہے

شارق کے روحان کے سر پر ہاتھ رکھ کر بولنے پر روحان فوراً بولا تو شانزے

آگے بڑھی

کل تو تم شازل کو کہہ رہے تھے آج ہی رخصت کر کے لے جاؤ پریشے کو

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب کیا ہوا اب کیوں رو رہے ہو

وہ میں نے مزاق میں کہا تھا

اگر تم لوگوں نے رونا بند نہیں کیا تو میں یہ رخصتی کینسل کر دونگی

شانزے کے روحان کو اس کی کل کی بات یاد کروا کر بولنے پر روحان فوراً بولا تو کمرے میں عرب کے ساتھ آتی پریزے ان سب کو روتا دیکھ کر غصے سے بولی پریزے کی بات سنتے علیزے اور روحان فوراً خاموش ہو گئے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم لوگوں نہیں لگتا تمہیں اسے روتے ہوئے نہیں بلکہ دعائیں دیتے رخصت کرنا چاہیئے؟

پریزے کی بات پر سب لوگ خاموش رہے کسی کو بھی نہ بولتے دیکھ کر شارق اور شانزے کمرے سے باہر چلے گئے ان دونوں کو کمرے سے باہر جاتا دیکھ کر باقی سب بھی آہستہ آہستہ باہر نکل گئے جبکہ پیچھے کمرے میں صرف

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

شیخ فیملی کے چاروں مکین رہ گئے تھے سب کے جانے کے بعد ریہان نے

اپنی بیوی اور بچوں جو سمجھاتے چپ کروایا اور پھر روحان کو لیتے باہر

چلا گیا پھر چند لمحوں بعد علیزے بھی بارات کی آمد کا سنتے اپنی بیٹی کے

سسرال والوں کو ویلکم کرنے چلی گئی علیزے کے جانے کے بعد پریشے

اٹھتی شیشے کے سامنے آکر کھڑی ہوئی اور پھر اپنا ہلکہ ہلکہ سا بگڑا ہوا حلیہ

درست کرنے لگی تقریباً بیس منٹ کے بعد عمل پریشے کو باہر لیجانے آئی

تو پریشے عمل کے ساتھ نیچے لاؤنج میں آئی جہاں کمرے سے نکلتے یارم اور

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روح ان دونوں کو دیکھتے مسکراتے ہوئے ان کے پاس آئے

اللہ تمہیں بہت خوشیاں دے پریشے بہت پیاری لگ رہی ہو تم

آمین تھینکیو

روح کے پیار سے بولنے اور تعریف کرنے پر پریشے کچھ شرماتے بولی تو یارم

URDU NOVEL BANK

ہنسنے لگا اسے ہنستا دیکھ کر روح نے آنکھیں نکالی

ایسے مت دیکھو بیگم پیار ہو جائے گا

روح کے آنکھیں نکالنے پر یارم اپنی ایک آنکھ دباتا بولا تو عمل اور پریشے نے

اپنی ہنسی چھپائی

اوفو یارم کبھی تو باز آجایا کریں اور آپ ہنس کیوں رہے تھے ؟

ملائیشیا کی ڈون ڈیول کوئین شرما رہی ہے تو مجھے تو ہنسی آئے گی

روح کے یارم کی بازو پر ہلکی چپٹ لگا کر سوال کرنے پر یارم نے فوراً

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جواب دیا اس سے پہلے کے روح کچھ بھی بولتی یارم آگے بڑھتا پریشے کے

سر پر ہاتھ رکھتا تیزی سے باہر نکل گیا جبکہ روح یارم کی پشت کو بس گھور کر

رہ گئی پھر وہ آگے بڑھی اور عمل کے ساتھ پریشے کو باہر لیجاتی اسے سٹیج پر

بیٹھا گئی پریشے کو سٹیج پر شازل کے پاس بیٹھانے کے بعد عمل بھاگ کر گئی

URDU NOVEL BANK

اور رسم کے لیے دودھ کا گلاس لے آئی اور پھر روحان کے ساتھ سٹیج پر چڑھتی رسم کرنے لگی

بھیا میں پورے ایک لاکھ لونگی نہ اس سے ایک کم نہ ایک زیادہ

پر عمل تم میری بہن ہو میری سائیڈ ہو

نہیں میں اس وقت روحان کی سائیڈ ہوں بھئی میں کیوں اپنے شوہر کا نقصان کروں افففف آپ تو بیٹھیں نیچے

عمل کی ڈیمانڈ سنتے شازل فوراً بولا تو عمل نے نفی میں سر ہلاتے جواب دیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر روحان کا ہاتھ کھینچتی اسے اپنے ساتھ بیٹھا گئی چند لمحوں کی بحث کے بعد عمل شازل سے ایک لاکھ نکلوانے میں کامیاب ہو گئی پھر سب نے خوشدلی سے کھانا کھایا اس کے بعد پریشے سب کو ملتی رخصتی کے لیے باہر نکلی گاڑی کے پاس پہنچ کر پریشے مڑی تو اسے روحان کہیں نظر نہ آیا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

مما روحان کہاں ہے وہ مجھ سے نہیں ملا

میں یہاں ہوں پریشے

پریشے کے پریشانی سے علیزے کو بولنے پر روحان فوراً آگے بڑھتا بولا اور پریشے کو گلے لگا گیا اپنی ما کو روحان کے گلے لگتے دیکھ کر پری فوراً سے آگے بڑھی اور روحان کے گلے لگتی اسے ایک کس دے گئی جس پر روحان نے بھی اسے کس کیا اس کے بعد پریشے سب کی دعائیں سمیٹتی اپنے گھر کو چل دی پریشے کو رخصت ہوتا دیکھ کر پریزے کو اپنا وقت یاد آنے لگا جب وہ بھی اپنا سب کچھ اپنا گھر بار اپنی ماں اور بہن بھائیوں کو چھوڑ کر رخصت ہو کر ملک ہاؤس آئی تھی پریزے کو خاموش کھڑا دیکھ کر عرب آگے بڑھا اور پھر اس نے پریزے کے گرد اپنا حصار بنایا جس پر پریزے خاموشی سے عرب کے کندھے پر سر رکھتی پریشے کو دعائیں دینے لگی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

صبح صبح اٹھتے سب ہی ملک ہاؤس والے شاہ ویلا پریشے کا ناشتہ لے کر پہنچے تھے ان میں یارم لوگ بھی سب شامل تھے سب ہی بیٹھے پریشے اور شازل کا انتظار کر رہے تھے جن کو خبر ملنے کے بعد بھی کے سب آچکے ہیں وہ ابھی تک ناشتے کے لیے نہیں پہنچے اب انتظار کرتے کرتے شانزے کو غصہ آنے لگا تھا

زحالے جاؤ جا کر بھائی سے کہو مما کہہ رہی ہیں اس سے پہلے میں جوتا لے کر اوپر آؤں خود ہی نیچے آجاؤ

شانزے کی بات سنتی زحالے مسکراتی ہوئی اٹھی اور سیدھا شازل کے روم کے باہر پہنچتی دروازہ نوک کر گئی جو اگلے ہی دو منٹ میں کھل گیا

بھائی مما کہہ رہی ہیں اس سے پہلے میں جوتا لے کر اوپر آؤں آپ نیچے آ

URDU NOVEL BANK

جائیں تو اگر آپ اپنے ولیمے والے دن سب کے سامنے مار نہیں کھانا

چاہتے تو جلدی سے نیچے آ جائیں

یار میں تو کب سے بول رہا ہوں نیچے چلو نیچے چلو مگر پری میڈم کے

نخرے ختم نہیں ہو رہے اسے شوز بھی اپنی جینز شرٹ سے میچنگ

چاہیئے اور جو میچ ہوتے ہیں وہ اسے پسند نہیں آ رہے اب ہم دونوں

میاں بیوی کیا کرے اس کا

زحالے کے ہنسی دبا کر بولنے پر شازل پریشانی سے بولتا دروازے سے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہٹا تو زحالے کمرے میں داخل ہوئی جہاں پریشے وائٹ فراک پہنے ہلکہ

ہلکہ میک اپ کیے نک سک سی تیار غضب ڈھا رہی تھی وہیں پری

غصے میں منہ پھلائے سینے پر ہاتھ باندھے کھڑی تھی

بھائی آپ اور بھابھی نیچے جائیں اس نخرے باز میں منا کر لاتی ہوں

URDU NOVEL BANK

نی بیں ما شے پینلا (نہیں میں ما سے پہننا)

زحالے اندر داخل ہوتی بولی تو شازل نے ہاں میں سر ہلایا تبھی پری غصے سے بولی تو زحالے اس ضدی کو دیکھنے لگی

پری نیچے سب لوگ ویٹ کر رہے ہیں ما کا آپ ما کو جانے دو میں آپ کو شوز پہنا دیتی ہوں

زحالے کے پیار سے پچکارنے پر پری نفی میں سر ہلانے لگی اب تو اس کے نخروں سے پریشے بھی تنگ آ گئی تھی اور غضب یہ کہ شازل کے سامنے اسے کچھ بھی نہیں سکتی تھی آخر بابا کی لاڈو رانی جو تھی اسے نفی کرتا دیکھ کر پریشے نے غصے سے اسے ہاتھ میں پکڑا شوز پہنایا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جے اتھا نی تالو (یہ اچھا نہیں اتارو)

اچھا ہے یہ اور اگر تم مار نہیں کھانا چاہتی ہو تو اب تم یہی پہنو گی

URDU NOVEL BANK

بیں پی نانو توتاؤ دی آپ لے ناتا (میں پری نانو کو بتاؤں گی آپ نے ڈانٹا)

پری کے منہ بنا کر بولنے پر پریشے غصے سے بولی تو پری دھمکی دیتی اپنے

بال جھٹکتی کمرے سے باہر نکلی جبکہ اس کی دھمکی پر پریشے کو غصہ آگیا

ایک تو وہ پچھلے ایک گھنٹے سے اس کے نخرے اٹھا رہی تھی اوپر سے

یہ میڈم اسے ہی دھمکی دے کر چلی گئی اور دھمکی دی بھی کسے ملائیشیا

کی ڈون ڈیول کوئین کو پریشے کو تو اس بات کا غم لگ گیا جبکہ پری کو

جاتا دیکھ کر شازل بھی فوراً اس کے پیچھے باہر نکلا تو پریشے اور زحالے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نے بھی فوراً باہر کی راہ لی اور سیدھے چلتے لاؤنج میں آئے

شکر ہے تمہیں نیچے آنا یاد آیا

موم ہم تو کب سے تیار تھے اس میڈم کے نخرے نہیں ختم ہو رہے تھے

شانزے کے غصے سے بولنے پر پریشے فوراً بولی تو شانزے نے ہاں میں

سر ہلایا تبھی پری پریزے اور عرب کے آگے جا کر کھڑی ہوتی اپنے

دونوں ہاتھ اپنی کمر پر رکھ گئی اس کے ایسے کرنے پر سب لوگ ہی

اس کی طرف متوجہ ہوئے

آد بیں اپلے ما بابا شات شوئی پی نانو لو نی شوئی موش نانا بی نی شوئے

آج میں اپنے ما بابا ساتھ سوئی پری نانو تو نہیں سوئی منحوس نانا بھی)

نہیں سوئے(

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری ہلتے ہوئے ڈانس کرنے لگی اور ساتھ ساتھ گانا گانے لگی جبکہ اس

کا توتلہ گانا سن کر جہاں سب نے قہقہ لگایا وہیں عرب نے ریہان اور

پریشے کو ایک گھوری سے نوازا کیونکہ ریہان ہی اسے ہمیشہ سے منحوس

باپ بولتا آیا تھا اور پریشے کے پیدا ہونے کے بعد اس نے پریشے کو اسے

منحوس دادا کہنے کو کہا تھا اور پریشے نے اپنے باپ کے کہنے پر پری کو

URDU NOVEL BANK

بھی منحوس نانا سیکھا دیا تھا جو وہ سب کے سامنے بول رہی تھی عرب

کی غصیلی شکل دیکھ کر جہاں پریزے نے اپنے قہقے کا گلا گھونٹا وہیں

ریہان اور پریشے انجان بن گئے جیسے کچھ جانتے ہی نہ ہوں

چلو سب ناشتہ کرتے ہیں

پریزے کو اپنی ہنسی کنٹرول کرنا بہت مشکل کام لگ رہا تھا مگر وہ اس

وقت ہنس کر اس شیر کو اپنی طرف متوجہ نہیں کرنا چاہتی تھی اس

لیے فوراً سے بول پڑی تو پریزے کی بات سنتے سب ناشتے کی ٹیبل پر پہنچتے

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ناشتہ کرتے واپس ملک ہاؤس روانہ ہوئے اب انہیں ولیمے کی بھی تو

تیاریاں کرنی تھیں۔

شام میں سب لوگ پریزے کے فارم ہاؤس پہنچے جہاں ولیمہ ہونا تھا

پریزے کے فارم ہاؤس کو لائیٹس اور پھولوں سے خوبصورتی سے سجایا

URDU NOVEL BANK

گیا تھا اور اس کے وسیع و عریض لان میں ولیمے کی مناسبت سے سیٹنگ

اور سٹیج سجایا گیا تھا سب مہمانوں کے آنے کے بعد پریشے اور شازل

لان میں داخل ہوئے پریشے نے لائیٹ بلو کلر کی میکسی پہنی تھی جس پر

انتہائی نفاست سے گرے کام کیا گیا تھا تو شازل نے نیوی بلو فور پیس

کے ساتھ پریشے سے میچنگ کرتے لائٹ بلو کلر کی ٹائی پہنی ہوئی تھی جبکہ

پری نے ان دونوں سے میچنگ کرتے لائٹ بلو اور نیوی بلو کلر کو مبینشن

کا نیٹ کا فراک پہنا تھا وہ دونوں ہاتھ میں ہاتھ ڈالے سیدھے چلتے سٹیج

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کی طرف آئے اور سٹیج پر بیٹھ گئے جبکہ ان کے اوپر لان کے شروع سے

لے کر سٹیج پر بیٹھنے تک لال گلاب کی پتیوں کی بارش ہوتی رہی ہر کوئی ان

دونوں کو دیکھ کر رشک کر رہا تھا وہ دونوں ساتھ میں چلتے کسی ریاست کے

بادشاہ اور ملکہ لگ رہے تھے جبکہ ان دونوں کے آگے گلاب کے پھولوں

URDU NOVEL BANK

کا گلدستہ پکڑے چلتی ان کی شہزادی بھی نظر لگ جانے کی حد تک

خوبصورت لگ رہی تھی پریشے اور شازل کے سٹیج پر بیٹھتے ہی پری بھی

پھول رکھتی بھاگ کر آئی اور ان دونوں کے بیچ بیٹھ گئی اس کے بعد

سب لوگوں نے ان سے ملتے انہیں بے تحاشہ تحائف اور سلامیوں سے

نوازا اور پھر کھانا کھاتے گھر کی راہ لی مہمانوں کے چلے جانے کے بعد

عمل کو آئسکریم کا دورہ پڑ گیا اور وہ بھی رات کے تین بجے جس وقت

سارا شہر نیند کے مزے لوٹ رہا ہوتا ہے تو کچھ ہم جیسے لوگ اپنے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پیاروں کے لیے ایپیسوڈز لکھتے ہیں اور کچھ اپنے شونا بابو کو چونا لگانے

میں مصروف ہوتے ہیں خیر واپس آتے ہیں عمل میڈم کی ضد پر جس کی

ضد سنتے پری بھی آئسکریم کا پھڈا ڈال چکی تھی

عمل اس وقت آئسکریم میں کہاں سے لاؤں سب کچھ بند ہو چکا ہے

URDU NOVEL BANK

تو میں نے کہا تھا ولیمے میں میٹھے میں گاجر کا حلوہ رکھ دیں آئسکریم رکھتے

یہی تو موسم ہوتا آئسکریم کھانے کا

تو پھر تم یہ ضد جا کر اپنے ماموں اور بھائی سے کرو جنہوں نے ولیمے کا

فنکشن ارینج کیا میں نے نہیں کیا

روحان کے بولنے پر عمل ضدی انداز میں بولی تو روحان نے اس آفت

کو اپنے سر سے اتارنا چاہا تبھی ان دونوں کو لاؤنج سے پری کے رونے

کی آواز آئی تو دونوں ہی فوراً لاؤنج میں پہنچے جہاں پری منہ پر ہاتھ رکھے گلا

پھاڑ پھاڑ کر رو رہی تھی اور پریشے اپنا سر دونوں ہاتھوں میں پکڑے بیٹھی

تھی اور بار بار سر اٹھا کر پری کو گھور رہی تھی

ارے ماموں کی جان کیا ہوا؟

ما لے مالا(ما نے مارا)

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

روحان کے پیار سے پوچھ کر گود اٹھانے پر پری نے روتے ہوئے جواب

دیا تو روحان نے پریشے کو دیکھا جو غصے سے لال ہوتی آنکھوں کے ساتھ

پری کو گھورے جا رہی تھی

بجو کیوں مارا آپ نے ہماری پری کو؟

پتہ نہیں کہاں آئسکریم سن آئی ہے اور پھڈا کر کھڑی ہے آئسکریم کھانی

ہے کوئی وقت ہوتا ہے ضد کا کہاں لاؤں اب آئسکریم اوپر سے شازل

بھی اس کی ضد سنتے مجھے اسے سنبھالنے کا کہتے بابا ساتھ پتہ نہیں کہاں چلے

گئے ہیں

عمل کے پوچھنے پر پریشے غصے سے بولی تو روحان اور عمل نے ایک

دوسرے کو دیکھا پھر عمل پریشے کے پاس صوفے پر بیٹھ گئی

اچھا بجو آپ غصہ نہ کرو ایک کام کرو اس کے کپڑے بدل دو باقی میں

visit for more novels.
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دیکھتی ہوں

عمل کے پریشے کو بولنے پر پریشے اٹھی اور پھر جمیلہ کے ساتھ پری کو

بھی لیتی اپنے کمرے میں کپڑے بدلنے چلی گئی

اب آرام ہے تمہیں تمہاری وجہ سے پریشے بچی کو مارا

میری غلطی نہیں ہے اور اب آپ ہم دونوں کو آئسکریم کھلائیں گے

بس مجھے نہیں پتہ جیسے مرضی کھلائیں

پریشے کے جاتے ہی روحان فوراً بولا تو عمل منہ بناتی کپڑے بدلنے چلی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

گئی تقریباً آدھے گھنٹے کے بعد عمل پریشے اور پری کپڑے بدلتے لاؤنج میں

پہنچی جہاں سب لوگ ہی بیٹھے چائے کے ساتھ ساتھ ہلکی پھلکی باتوں

میں مصروف تھے

تم کہاں جا رہے ہو؟

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بھیا کی دونوں لاڈلیوں نے آئسکریم کھانی ہے وہی ڈھونڈنے جا رہا ہوں

اگر مل گئی تو ٹھیک ورنہ واپس آ جاؤں گا

اتنی رات میں اکیلے مت جانا گارڈز کو ساتھ لے کر جانا

ان تینوں کو آتا دیکھ کر روحان فوراً سے کھڑا ہوا تو علیزے فوراً بولی

اس کی بات سنتے سب نے عمل اور اس کی گود میں پری کو دیکھا پھر

شارق فکر مندی سے بولا تو روحان ہاں میں سر ہلاتا باہر نکلا اسے باہر جاتا

دیکھ کر عمل بھی بھاگ کر اس کے پیچھے گئی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یار عمل ہم پچھلے دو گھنٹوں سے سڑکوں پر پھر رہے ہیں اب تو صبح ہونے

والی ہے پلیز گھر چلتے صبح اٹھتے ہی لادونگا پکا وعدہ مجھے بہت نیند آ رہی ہے

اب میں واقع ہی کہیں گاڑی ٹھوک دونگا

ٹھیک ہے پھر صبح پکا لازمی لا کر دینی ہے ایک پری کو اور تین چار مجھے

URDU NOVEL BANK

روحان کی بات سنتے عمل فوراً سے اپنی گود میں سوئی پری کی طرف اشارہ

کرتے بولی تو روحان ہاں میں سر ہلاتا واپس سے گاڑی فارم ہاؤس کی

طرف موڑ گیا ابھی کچھ ہی آگے بڑھے تھے کہ روحان نے اچانک گاڑی

روک دی

کیا ہوا روحان؟

میں مزید ڈرائیو نہیں کر سکتا

مگر کیوں؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان کو گاڑی روکتا دیکھ کر عمل نے سوال کیا تو روحان نے فوراً جواب

دیا جواب ملتے ہی عمل نے پھر سوال داغا

یار مجھے نیند کے مارے چکر آرہے ہیں مجھے آگے سے سڑک نہیں دکھ رہی

اب اللہ تمہیں پوچھے گا عمل

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

روحان کے غصے سے جواب دینے پر عمل بھی خود کو کوسنے لگی اسے کیا

ضرورت تھی اتنی رات کو ضد کرنے کی اب بیچ میں پھنس گئے کافی دیر

تک روحان کی گاڑی کو ہلتا نہ دیکھ کر پیچھے گاڑی میں بیٹھے گارڈز میں سے ایک

اتر کر روحان کے پاس آیا

سر یہاں زیادہ دیر رکنا سیف نہیں ہے

یار میں مزید ڈرائیو نہیں کر سکتا ایک کام کرو تم ڈرائیو کرو اور سیدھا فارم

ہاؤس چلو بنا کہیں رکے اور تم اتر کر پیچھے آؤ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

گارڈ کی بات سنتے روحان فوراً بولا تو گارڈ نے ہاں میں سر ہلایا پھر روحان

عمل کی طرف مڑتا غصے سے بولا تو عمل نے ہاں میں سر ہلایا تو روحان

فوراً گاڑی سے اترتا پچھلی سیٹ پر بیٹھ گیا اور آنکھیں بند کر گیا تبھی

عمل بھی گارڈ کی مدد سے اس کے ساتھ پچھلی سیٹ پر آ بیٹھی اور

URDU NOVEL BANK

گارڈ گاڑی لاک کرتا زن سے گاڑی کو وہاں سے نکال لے گیا اور پھر

سیدھے جا کر فارم ہاؤس کے پورچ میں رکا

سر فارم ہاؤس آ گیا ہے

گارڈ کے بولنے پر پچھلی سیٹ پر سوئے روحان اور عمل کی آنکھ کھل گئی

پھر روحان عمل کی گود سے پری کو اٹھاتا سیدھے عمل کے کمرے میں گیا

اسے وہاں احتیاط سے لیٹاتا اپنے کمرے میں آگیا اور اس سب کے بیچ

وہ عمل کو مکمل طور پر نظر انداز کر گیا جسے عمل نے شدت سے محسوس

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا روحان کے جانے کے بعد عمل بھی فوراً اپنے بیڈ پر لیٹتی سو گئی پھر

اس کی آنکھ پری کی کھکھلاہٹ اور خوشی سے چلانے پر کھلی آنکھیں کھولتے

ہی عمل سامنے کا منظر دیکھ کر حیران ہوئی روحان جو جانتا تھا رات کو

اس کے عمل کو اگنور کرنے پر عمل مایوس ہوئی ہوگی وہ فوراً ہی صبح

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اٹھتا عمل اور پری کے لیے آئسکریم لے آیا تھا اور وہ بھی کوئی ایک دو نہیں بلکہ اتنی کہ عمل کو اپنے بیڈ پر آئسکریم ہی نظر آ رہی تھی بیڈ کی شیٹ نہیں جبکہ پری اتنی آئسکریم دیکھتی ہنستے ہوئے روحان کا ہاتھ پکڑے بیڈ کے ایک کنارے کھڑی ڈانس کر رہی تھی

مورننگ عمل جان

روحان یہ سب؟

میری لاڈلی کے لیے لایا ہوں میں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

روحان کے پیار سے بولنے پر عمل مسکراتے ہوئے بولی تو روحان دنیا بھر کا پیار اپنے لہجے میں سموئے بولا جس پر عمل فوراً اٹھتی روحان کے سینے پر سر رکھ گئی

سوری روحان

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

کس لیے؟

کل رات کے لیے

اٹس اوکے مائے لو تم مجھ سے ضدیں نہیں کرو گی تو کس سے کرو گی

عمل کے معافی مانگنے پر روحان فوراً بولا تو عمل نے جواب دیا جس پر روحان اسے معاف کرتا پیار سے بولا تو عمل ایک بار پھر روحان کے سینے پر سر رکھ گئی عمل آج بہت خوش تھی اسے اپنی سچی محبت جو ملی تھی اب اسے بس اس دن کا انتظار تھا جس دن روحان بینڈ باجے کے ساتھ اسے رخصت کر کے لے جائے گا اور پھر وہ بھی پریشے اور زحالے کی طرح اپنی ایک خوشحال زندگی گزارے گی اور وہ بھی اپنے من پسند شخص کے ساتھ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پانچ سال بعد:-

•••••••••••••••••

پری جو ابھی سکول سے ڈرائیور کے ساتھ ملک ہاؤس پہنچی تھی اپنا بیگ لاؤنج میں پھینکتی بھاگ کر پریزے کے کمرے کی طرف گئی کمرے میں کسی کو نہ پا کر پری لاؤنج میں واپس آئی ابھی وہ روحان کے کمرے کی طرف جانے ہی والی تھی کہ عمل نے فوراً اس کا ہاتھ پکڑ کے اسے اپنی طرف متوجہ کیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری تم کسے ڈھونڈ رہی ہو؟

میں میرے بھائی کو ڈھونڈ رہی ہوں

عمل کے سوال پر سات سالہ پری فوراً بولی تو عمل مسکرائی

URDU NOVEL BANK

بھائی تمہارا ہوسپیٹل میں ہے اور میں وہیں جا رہی تھی اچھا ہوا تم پہلے آگئی اب ہم مل کر چلتے ہیں

نہیں آپ کا رونی ماموں سے پردہ ہے ما نے بتایا تھا اس لیے آپ نہیں جاؤ گی

عمل کی بات سنتے پری فوراً بولی اس سے پہلے عمل کوئی جواب دیتی پری بھاگ کر باہر پورچ میں گئی

ڈرائیور انکل مجھے ہوسپیٹل لے کر چلیں جلدی اس سے پہلے پھوپھو آ جائے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری عمل کے ڈرائیور کے ساتھ گاڑی میں بیٹھتی فوراً بولی تو ڈرائیور مسکراتا ہوا گاڑی زن سے پورچ سے نکال لے گیا عمل جیسے ہی پورچ میں آئی تو اس کی نظر پڑی اس کی گاڑی پورچ سے باہر نکل رہی تھی جبکہ پری کی اس

URDU NOVEL BANK

حرکت پر عمل کو شدید غصہ آیا جسے وہ ضبط کرتی پری کے ڈرائیور کے ساتھ بیٹھتی ہوسپیٹل کی راہ لی۔

آج زحالے اور ارحم کے گھر ایک نئے مہمان کی آمد تھی جسے سنتے سب ہی لوگ ہوسپیٹل میں موجود تھے روحان علیزے اور ریہان بھی شیخ ہاؤس میں شفٹ ہو چکے تھے اور شفٹ ہونے کے بعد سے علیزے جلد اپنی بہو کو اپنے گھر لانا چاہتی تھی اسی لیے عمل کی رخصتی کی ڈیٹ فکس کر دی گئی تھی البتہ شائستہ بی بی کی چند ماہ پہلے ہوئی وفات کے بعد کوئی بھی اس شادی کو نہیں کرنا چاہتا تھا مگر صفیہ کا کہنا تھا کہ "بچی کا کام ہے دیر مت کرو جو ڈیٹ فکس کی ہے اس پر ہی رخصتی کر لو ہاں زیادہ ڈھول ڈھمکے نہ کرو بس سادگی سے رخصتی کر دو نکاح تو ویسے بھی ہو چکا ہے مہندی کی رسم رہنے دو اور صرف گھر والے مل کر رخصتی کر لو اور بعد میں ولیمہ تھوڑا بڑا کر لینا"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

صفیہ کی بات سنتے سب لوگ اس بات پر راضی ہو گئے تھے مگر اتنی سادگی

سے رخصتی کے پلین کے بعد بھی علیزے نے عمل کو روحان سے پردہ

کرنے کا بولا تھا جسے عمل ایک فرمانبردار بہو کی طرح نبھا رہی تھی وہ روحان

سے مکمل پردہ ہر رہی تھی جبکہ روحان اسے ایک نظر دیکھنے کے بہانے

ڈھونڈتا تھا جسے عمل ہر بار فیل کر دیتی جیسے ہی روحان اس کے سامنے آتا

یا تو وہ بڑا سا گھونگٹ کر کے اپنا منہ چھپاتی بھاگ جاتی یا وہ اپنے سولجر پری

کو بھیج دیتی جو اپنی نانو کے کہنے پر اپنے روئی ماموں پر پوری نظر رکھے ہوئے

تھی اور اس سب میں اس کا پورا ساتھ علیشے دیتی تھی جو تھی تو پانچ سال

کی مگر پری کے کہنے پر وہ جیسے ہی روحان کو عمل کی طرف جاتا دیکھتی وہ یا

تو فوراً علیزے کو بتا دیتی یا زور زور سے چلانے لگتی پھوپھو بھاگو انکل آگئے

اور علیشے کی بات سنتے عمل 420 کی سپیڈ سے وہاں سے بھاگتی سب لوگ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہی ہوسپیٹل کے کمرے میں بیٹھے اپنے اس نئے مہمان کا ویلکم کر رہے تھے

جبکہ علیشے اور ارحم زحالے کے پاس بیڈ پر بیٹھے اس کے ہوش آنے کا

انتظار کر رہے تھے اگر ارحم اپنی بیوی پر جان دیتا تھا تو علیشے بھی کم نہ تھی

وہ بھی ارحم کی طرح زحالے کے لیے بہت پوزیسیو تھی اور یہی وجہ تھی

کہ وہ اس وقت اپنے بھائی کے بجائے اپنی ماں کے سرہانے بیٹھے اپنے

چھوٹے چھوٹے ہاتھ زحالے کے بالوں میں پھیرتی اسے آوازیں دے رہی

تھی علیشے کی آوازوں سے زحالے کو کچھ ہوش تو آگیا تھا مگر ابھی وہ پورے

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

طریقے سے ہوش میں نہیں آئی تھی کہ اچانک ایک ڈھا کی آواز سے کمرے

کا کھولتا دروازہ زحالے کو ہوش میں لے آیا تھا پری جو ڈرائیور کی مدد سے

کمرے تک پہنچی تھی ایک ڈھا کی آواز سے دروازہ کھولتی کمرے میں داخل

ہوئی پری کو کمرے میں داخل ہوتے دیکھ کر سب ہنسنے لگے کیونکہ اس وقت

URDU NOVEL BANK

وہ اور علیشے ہی شاہ و ملک کے گھر کی رونک تھیں جبکہ میرب شازل شاہ

ابھی صرف دو سال کی تھی وہ صرف اپنی بہنوں کے ساتھ مل کر چیخیں

مارنے کے سوا کچھ نہیں کر سکتی تھی

میرا بھائی کہاں ہے؟

وہ تو ابھی نہیں آیا

پری کے خوشی سے چلانے پر روحان فوراً بولا تو پری کا منہ لٹک گیا کیونکہ

اسے بھائی چاہیئے تھا بہن تو تھی اس کے پاس (علیشے) وہ میرب کی دفعہ بھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پریشے کو دھمکیاں دیتی تھی کہ اگر اس کا بھائی وہ نہ لے کر آئی تو وہ گھر چھوڑ

دے گی اور میرب کی پیدائش پر وہ چھوٹی غنڈی شاہ ویلا چھوڑ کر ملک ہاؤس

اپنی پری نانو پاس شفٹ ہوگئی تھی جسے شازل نے بہت پیار سے سمجھا

بوجھا کر واپس شاہ ویلا آنے پر آمادہ کیا تھا وہ صرف سات سال کی عمر سے

URDU NOVEL BANK

ہی اپنے پاس چاقو رکھتی تھی جس کی نوک پر وہ عرب روحان ارحم اور عمل سے چوکلیٹس لیتی تھی کیونکہ باقی سب تو اسے خود ہی دے دیتے تھے مگر پری کا خیال تھا کہ جب تک وہ ان چاروں کو اپنا تیز چاقو نہ دیکھائے وہ اسے کچھ نہیں دیتے پری کو اپنے پاس چاقو رکھتا دیکھ کر شارق نے اس کے لیے ایک ایسی چاقو بنوائی تھی جو تھی تو نوکیلی مگر اس سے کسی کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچتا تھا میرب کے آنے بعد جب اسے اپنی زا پھوپھو کے گھر نیو بے بی کا پتہ چلا تو وہ اپنی زا پھوپھو سے بھائی کی فرمائش ہر وقت کرتی رہتی اور اتنا ہی نہیں عمل نے اسے کہا تھا کہ وہ زا پھوپھو کو جتنی بوائز کی پکچرز دیکھائے گی اتنا ہی زیادہ چانسز ہیں کہ اس کا بھائی اس دنیا میں آئے گا اور عمل کی بات مانتے پری ہر وقت زحالے کو لڑکوں کی تصویریں دیکھاتی یہاں تک کے اس نے زحالے کا فون بھی ان تصویروں سے بھر دیا تھا جو وہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

گوگل سے نکال نکال کر شازل اور پریشے کے فون سے زحالے کو بھیجتی

تھی اپنے بھائی کی آمد کا نہ سن کر پری فوراً سے پلٹ گئی اس نے صفیہ کی

گود میں لیٹے بچے کو دیکھا بھی نہیں

مانو بلی آپ کا بھائی ہی آیا ہے اس دنیا میں اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا قبول کر

دی ہے وہ دیکھو آپ کا بھائی

علیزے کے پیار سے بولنے پر پری خوشی سے چیخ مارتی بھاگ کر صفیہ کے

پاس پہنچی اور اس ننھے سے شہزادے کو دیکھنے لگی جو اپنی چھوٹی چھوٹی سی

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

چوکلیٹ براؤن آنکھیں کھولے اپنی بہن کو دیکھ رہا تھا

نانو اس کا نام کیا ہوگا؟

عالم ارحم ملک

پری کے سوال پر پریشے فوراً بولی تو سب لوگوں کو ہی اپنے نئے مہمان کا

URDU NOVEL BANK

نام پسند آیا تبھی عمل کمرے میں داخل ہوئی

بھوتنی تمہارا رونی ماموں سے پردہ ہے مڑنا مت اور پردہ کرو

پری کے چلانے پر عمل مڑنے لگی تو پری فوراً بولی جس پر عمل اس کی بات

مانتی فوراً سے بڑا سا گھونگٹ اپنے منہ پر کر گئی عمل کی شکل نہ دیکھ پانے

پر روحان گندا سا منہ بنا گیا جس پر پری زور زور سے ہنسنے لگی تبھی عمل نے

عالم کو صفیہ کی گود سے لیتے اسے پیار کیا اور پھر اسے مسکراتی ہوئی زحالے

کی گود میں ڈالا تو زحالے ارحم اور علیشے تینوں نے ہی اپنے نئے فیملی ممبر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کو مسکراتے ہوئے ویلکم کیا۔

آج روحان اور عمل کی بارات تھی سب ہی لوگ اپنے اپنے کام ختم

کرتے فنکشن کے لیے تیار ہونے اپنے اپنے کمروں میں جا چکے تھے تمام

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

مرد حضرات نے وائٹ شلوار قمیض کے اوپر کالی گرم شال زیب تن کی

تھی جبکہ روحان نے آف وائٹ کلر کی شیروانی پہنی تھی تو دوسری طرف

تمام خواتین نے ایک جیسی میکسیاں پہنی تھیں مگر رنگ سب کے الگ تھے

پریشے کا شوکنگ پنک رنگ تھا تو زحالے کا لال رنگ پریزے کا نیوی بلو تھا

تو علیزے کا آف وائٹ جو اس نے روحان سے میچ کیا تھا جبکہ شانزے کا

گرے رنگ تھا صفیہ نے براؤن رنگ کی کام والی شلوار قمیض پہنی تھی اور

علیشے پری اور میرب تینوں نے ہی اپنی اپنی ماں سے میچنگ رنگ کا شرارہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور شورٹ شرٹ پہنی تھی عمل نے گولڈن اور لائٹ پنک رنگ کا لہنگا

چولی پہنا تھا چولی اتنی چھوٹی تھی کہ عمل کا ہلکہ ہلکہ سا پیٹ واضح ہو رہا تھا

مگر چولی کے ساتھ لگی گولڈن لٹکن جو لہنگے اور چولی پر کیے گئے کام سے

میچنگ تھی عمل کے پیٹ کو مکمل طور پر ڈھانپے ہوئے تھی اسی کے ساتھ

URDU NOVEL BANK

عمل نے لال رنگ کا گولڈن کام والا دوپٹہ اپنے لہنگے سے میچنگ کرتے

پہنا تھا یہ لہنگا عمل نے خود اپنے اس خاص دن کے لیے تیار کیا تھا اور

اس لہنگے میں عمل نیوڈ سا میک اپ کیا نک سک سی تیار قیامت ڈھا رہی

تھی آج اس کے اوپر ایسا روپ چڑھا تھا کہ وہ دیکھنے والے کو گھائل کر

دے سر پر ماتھا پٹی ناک میں نتھ گلے میں بھرا ہوا سونے کا سیٹ اور کانوں

میں پہنے بڑے بڑے جھمکے اس کی خوبصورتی کو مزید چار چاند لگا رہے تھے

سب مہمانوں کے آنے کے بعد روحان علیزے ریہان پریشے اور شازل

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بارات لے کر پری مینشن میں داخل ہوئے اور اس مینشن کے وسیع و

عریض گارڈن میں بنے سٹیج پر جا کر بیٹھ گئے جبکہ شارق اور شانزے پریزے

کی طرف سے شرکت کرتے ملک ہاؤس کے مکینوں کے ساتھ عمل کو لے

کر گارڈن میں داخل ہوئے اور پھر اسے لیجا کر روحان کے ساتھ بیٹھایا

URDU NOVEL BANK

اس کے بعد زحالے دودھ کا گلاس لے آئی اور دودھ پلائی کی رسم شروع کرتے ہی اس نے دو لاکھ کی ڈیمانڈ رکھی

میں تمہیں دو لاکھ کیوں دوں بھلا؟

کیونکہ میں نے اپنی اتنی چاند سی پیاری بہن جو آپ کو دی ہے اور آپ کے لیے تو دو لاکھ کچھ بھی نہیں ہونگے آخر شیخ ملز اور شیخ ٹیکسٹائل کے مالک ہیں آپ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں مالک تو اس کا مطلب ہے بلاوجہ پیسہ اڑاؤں؟

زحالے کی ڈیمانڈ سنتے روحان فوراً بولا تو زحالے نے اس کی شان میں قصیدے پڑھے جس پر روحان منہ بناتا سوال کر گیا جبکہ اس کا سوال سنتے ہی زحالے نے فوراً ہاں میں سر ہلایا تو سب کا ایک دمدار قہقہ گونجا جبکہ اس کی بات سنتے روحان فوراً ہار مان گیا اور پھر اس نے شرافت سے دو لاکھ

URDU NOVEL BANK

کی بجائے ایک ڈائمنڈ نیکلس زحالے کے ہاتھ میں تھمایا جسے لیتے ہی زحالے

اٹھ کھڑی ہوئی اس کے بعد سب نے ایک ساتھ کھانا کھایا اور عمل کو دعائیں

دیتے رخصت کیا

عمل جان کیا ہوا سردی لگ رہی ہے ؟

شیخ ہاؤس پہنچ کر پریشے نے عمل کو روحان کے کمرے میں لیجا کر بیٹھایا تو

اسے عمل کی چپی اچھی نہ لگی تو فوراً سوال داغا

نہیں بجو مجھے سردی تو نہیں لگ رہی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو پھر تم اتنی چپ کیوں ہو تم ایسے چپ بلکل اچھی نہیں لگتی

عمل کے جواب دیتے پریشے مسکراتے ہوئے بولی تو عمل نے کوئی جواب نہ

دیا عمل کو چپ رہتے دیکھ کر پریشے باہر جانے کے لیے فوراً کھڑی ہوئی تو

عمل نے فوراً سے پریشے کا ہاتھ پکڑ لیا

URDU NOVEL BANK

کہاں جا رہی ہیں بجو مجھے ڈر لگ رہا ہے

میں باہر جا کر روحان کو بھیجتی ہوں تم فکر نہیں کرو وہ جلد آ جائے گا اور

ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے عمل

بجو روحان سے ہی تو ڈر لگ رہا مجھے

عمل پریشے کا ہاتھ پکڑتی فوراً بولی تو پریشے نے مسکراتے جواب دیا جس پر

عمل معصوم سا منہ بناتی بولی تو پریشے کو اپنی اس ننھی سی بھابھی پر ٹوٹ

کر پیار آیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے میرا بھائی اتنا معصوم سا ہے کیوں ڈر رہی ہو اس سے؟

بجو وہ صرف آپ سب کے سامنے معصوم ہیں میرے سامنے تو پتہ نہیں

کونسا جن آ جاتا ان کے اندر

ہمم وہ تو سب ہی شوہروں میں آ جاتا ہے عمل اس میں کوئی نئی بات نہیں

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عمل کی بات سنتے پریشے فوراً بولی تو عمل نے منہ بناتے جواب دیا جس پر

پریشے ہنستے ہوئے جواب دیتی کمرے سے باہر چلی گئی پریشے کے جانے کے

بعد روحان کمرے میں داخل ہوا تو اپنے سامنے بیٹھی عمل کو دیکھتے مسکرایا

اور خود بھی اس کے پاس جا بیٹھا عمل جو نظریں جھکائے بیٹھی تھی روحان

کے پرفیوم کی خوشبو سونگھتے ہاتھ مسلتی اپنے ڈر پر قابو پانے لگی جبکہ عمل کو

ایسے ہاتھ مسلتا دیکھ کر روحان نے اپنی ہنسی چھپائی اور پھر جیب سے ایک

خوبصورت سا نکلیس نکالا جس پر عمل روحان سنہری حروف میں انتہائی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نفاست سے لکھا تھا

یہ میری جان کی منہ دیکھائی

روحان کے نیکلس کی ڈبی آگے کرتے بولنے پر عمل نے فوراً سے ڈبی پکڑ لی

تم چینج کر کے فریش ہو جاؤ تھک گئی ہو گی

URDU NOVEL BANK

روحان عمل سے کہتا اس کے سر ہلانے پر اپنا نائٹ سوٹ لیتا واش روم

میں بند ہو گیا جبکہ عمل فوراً سے اٹھتی اپنا دوپٹہ اتارتی اپنی جیولری بھی اتار

گئی روحان کے باہر آنے پر عمل اپنا نائٹ سوٹ لیتی واش روم میں گھس

گئی پھر اپنا بھاری بھرکم لہنگا بدلتی باہر نکلی

شکر ہے سو گئے اب میں بھی سو سکوں گی چین سے

روحان کو بیڈ پر آنکھوں پر ہاتھ رکھے لیٹا دیکھ کر عمل اسے سویا پا کر سکون

کی سانس لیتی بولی اور پھر فوراً سے روحان کی دوسری سائیڈ پر آ کر بیڈ پر لیٹ

گئی ابھی عمل بیڈ پر لیٹی ہی تھی کہ روحان ایک جھٹکے سے اٹھتا اس پر سایہ

فگن ہوا

آپ تو سو گئے تھے

بے بی ایسا صرف تمہیں لگا تھا

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

روحان کو خود پر سایہ بنتے دیکھ کر عمل حیرانگی سے بولی تو روحان نے فوراً

جواب دیتے عمل کے گال پر کس کیا جو عمل کو شرم سے لال سرخ کر گیا

مم-- مجھ--مجھے -- سس-- سس--ونا--ہے ہٹیں آپ

اور تمہیں یہ خوش فہمی کیوں ہے کہ میں آج کی رات تمہیں سونے دونگا؟

عمل کے ہکلا کر بولنے پر روحان اپنی ہنسی دباتا بولا تو عمل اس کے کندھوں

پر زور دیتی اسے خود سے دور کرنے کی ناکام کوشش کرنے لگی عمل کی

مزاحمت دیکھتے روحان فوراً سے اس کے دونوں ہاتھ بیڈ پر پن کر گیا اور پھر بنا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسے سمجھنے کا موقع دیے اس کے بالوں میں منہ چھپا گیا اپنی ایک بھی مزاحمت

کام نہ آتے دیکھ کر عمل خود کو سمجھاتی اپنا آپ روحان کو سونپ گئی اور

پھر یوں ہی ان دونوں کی ساری زندگی ایک دوسرے کی قربت میں گزر گئی۔

ختم شد

جوائن ناول بینک فیس بک گروپ

www.facebook.com/groups/NovelBank

بہترین اور اچھی اچھی اردو سٹوریز پڑھنے کے لئے یہ یوٹیوب چینل سبسکرائب کریں۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

https://youtube.com/c/OnlineUrduNovel